www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 23 شوال 1447ھ 12 اپریل 2026ء، صفحات 24 | شمارہ 277

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

سعودی عرب سے دفاعی معاہدہ، پاک فوج کے بری و فضائی دستوں نے کنگ عبدالعزیز ایئربیس پر ذمہ داریاں سنبھال لیں

پاکستانی فوجی دستے میں پاک فضائیہ کے فائٹر اور سپورٹ طیارے بھی شامل جس کا مقصد قیام امن کیلئے دونوں ممالک کا مشترکہ عسکری تعاون بڑھانا ہے، سعودی وزارت دفاع

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید فروغ دینے، حرمین الشریفین کی حفاظت کی ذمہ داری، اقتصادی تعاون کو وسعت دینے کیلئے معاہدہ طے پایا تھا

ریاض (م ڈ) سعودی عرب کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستان کا فوجی دستہ کنگ عبدالعزیز ایئربیس پہنچ گیا ہے۔ بیان میں سعودی وزارت دفاع نے بتایا کہ وزارت دفاع اعلان کرتی ہے کہ برادر ممالک کے درمیان مشترکہ اسٹریٹجک دفاعی معاہدے کے تحت اسلامی جمہوریہ پاکستان کی فوج مشرقی سیکٹر میں کنگ عبدالعزیز ایئربیس پہنچ گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستانی فورس پاک فضائیہ کے فائٹر اور سپورٹ طیاروں پر مشتمل ہے، جس کا مقصد مشترکہ عسکری تعاون بڑھانے، دونوں ممالک کے درمیان جنگی تیاروں میں اضافہ اور علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر سلامتی و استحکام میں تعاون ہے۔ پاکستان میں تعینات سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے بھی ایکس پر سعودی وزارت دفاع کا بیان ری ٹویٹ کیا اور اردو میں ترجمے کے ساتھ بتایا کہ سعودی وزارت دفاع کے مطابق اسلامی جمہوریہ پاکستان کا ایک فوجی دستہ دونوں برادر ممالک کے درمیان طے پانے والے مشترکہ اسٹریٹجک دفاعی معاہدہ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

آبنائے ہرمز میں امریکی جہازوں کی آمد کا دعویٰ جھوٹا

بحری جہاز کی نقل و حرکت اور گزرگاہ کا اختیار ہمارے ہاتھ میں ہے

بارودی سرنگیں ہٹانے کے دعوے کو سختی سے مسترد کرتے ہیں، ایرانی فوج

تہران (م ڈ) امریکی کمانڈر نے دعویٰ کیا تھا کہ نیوی کے دو جہازوں نے آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگوں کو ہٹانے کا کام شروع کر دیا ایران نے آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگیں ہٹانے اور ایک نیا محفوظ راستہ بنانے کے لیے امریکی جہازوں کی آمد کا دعویٰ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد مذاکرات، فریقین موقع سے فائدہ اٹھائیں، اقوام متحدہ

تعمیری انداز میں مذاکرات کریں تاکہ دیرپا اور جامع معاہدہ ممکن ہو سکے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے امریکا اور ایران کے درمیان اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات کا خیر مقدم کرتے ہوئے فریقین پر زور دیا ہے کہ خلوص نیت کے ساتھ بات چیت میں حصہ لیں۔ اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: ایرانی وفد کی پاک فضائیہ کی جانب سے ہائی لیول پروٹوکول فراہم کیا جا رہا ہے

جنگ نہیں چاہتے مگر حقوق سے دستبردار نہیں ہونگے، ایرانی سپریم لیڈر

آبنائے ہرمز کے انتظام کو مزید موثر بنایا جائے گا، ایران پر حملہ کرنے والوں کو ہرگز معاف نہیں کیا جائے گا

ہم ہر نقصان کا ازالہ طلب کرینگے، بہادر ایرانی اس میدان جنگ میں فاتح ثابت ہوئے، مجتبیٰ خامنہ ای

تہران (م ڈ) ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے واضح کیا ہے کہ ایران جنگ نہیں چاہتا، تاہم اپنے حقوق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوگا۔ ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کا بیان سرکاری ٹیلی ویژن پر پڑھ کر سنایا گیا، جس میں انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کے انتظام کو مزید موثر بنایا جائے گا اور ایران پر حملہ کرنے والوں کو ہرگز معاف نہیں کیا جائے گا۔ ایرانی سپریم لیڈر خامنہ ای نے...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف امریکی نائب صدر جے ڈی وینس سے بات چیت کر رہے ہیں

ٹرمپ کی تلخ فون کال کے بعد نیتن یاہو لبنان سے مذاکرات پر آمادہ

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے درمیان جمعرات کو ہونیوالی گفتگو کو امریکی و اسرائیلی ذرائع نے تلخ فون کال قرار دیا

نیتن یاہو کو یہ بات سمجھ آگئی کہ اگر وہ لبنان کے ساتھ براہ راست بات چیت نہ کرتے تو ٹرمپ خود ہی جنگ بندی کا اعلان کر سکتے تھے، سی این این

کراچی (م ڈ) امریکی اشاعتی و نشریاتی ادارے بلوم برگ کا کہنا ہے کہ لبنان کو اچانک جنگ بندی ڈیل میں شامل کیا گیا جب کہ سی این این کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کو فون کال کے بعد اسرائیل لبنان کے ساتھ براہ راست جنگ بندی مذاکرات پر آمادہ ہوا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے درمیان جمعرات کو ہونے والی گفتگو کو امر...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف سے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور مذاکرات کیلئے آئے ایرانی اسمبلی کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کی اپنے وفود کے ہمراہ ملاقاتیں، مذاکرات خطے میں پائیدار اور دیرپا امن کی جانب ایک اہم پیشرفت ثابت ہونگے

امریکہ ایران امن مذاکرات کے دو مکمل دور، فیلڈ مارشل عاصم منیر بطور ثالث شریک

مذاکرات آج بھی جاری رہیں گے، دونوں ممالک کا زیر بحث موضوعات پر تحریری متن کا تبادلہ

اسلام آباد میں ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات میں فیلڈ مارشل عاصم منیر سید بھی موجود تھے، بات چیت کے دوران دونوں ممالک کے وفود کے اپنی اپنی حکومتوں سے رابطے، ہونے والے مذاکرات سے آگاہ کیا گیا

اسلام آباد: میاں شہباز شریف، ایران کے اسپیکر باقر قالیباف و دیگر اعلیٰ حکام سے ملاقات کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر دیگر حکام بھی موجود ہیں

وزیراعظم سے ملاقات میں امریکی خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر بھی امریکی نائب صدر کے ہمراہ موجود، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور وزیر داخلہ محسن نقوی بھی موجود تھے

ایرانی وفد کی قیادت ایران کی مشاورتی اسمبلی کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کی جب کہ وفد کی معاونت وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کی، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل سے علاقائی امن پر تبادلہ خیال

امریکہ اور ایران کے درمیان بات چیت خطے میں پائیدار امن کے قیام کی جانب ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی، شہباز شریف کا دونوں ممالک کے مابین سہولت کاری جاری رکھنے کا اعلان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان اور امریکہ نے خطے میں امن و استحکام کیلئے مل کر کام پر اتفاق کیا ہے جبکہ پاکستان نے ایران اور امریکہ کے وفود کی تعمیری اور مثبت انداز میں مذاکرات میں شرکت کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ امید ہے بات چیت خطے میں پائیدار امن کے قیام کی جانب ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ ہفتہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان کے دورے پر موجود امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر بھی امریکی نائب صدر کے ہمراہ تھے جبکہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور وزیر داخلہ محسن نقوی بھی موجود تھے۔ جاری ہونے والے اعلامیے کے مطابق ملاقات میں اہم علاقائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ملاقات میں دونوں ممالک نے خطے میں امن و استحکام کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم نے ایران اور امریکا کے وفود کی تعمیری اور مثبت انداز میں مذاکرات میں شرکت کو...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ایران و امریکہ کے درمیان کشیدگی 47 سال پرانی ہے، وزیر قانون

دونوں فریقین حتمی فیصلے سے پہلے اپنی قیادت سے بھی مشاورت کریں گے

کئی دفعہ معاملات گھنٹے 2 گھنٹے کی نشستوں میں طے نہیں ہوتے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان 47 سال کی کشیدگی ہے، امریکا ایران کو ایک میز پر بٹھا دیا ہے، 47 سالہ کشیدگی ہے، کئی دفعہ معاملات گھنٹے 2 گھنٹے کی نشستوں میں طے نہیں ہوتے۔ اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ دونوں فریقین نے کہاں رکنا اور چلنا ہے، دونوں اپنے ممالک...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر پاکستان اور ایران ٹرانزٹ کوریڈور کا باقاعدہ آغاز ہوگیا

کراچی اور گوادر سے وسط ایشیائی ریاستوں تک نئی تجارتی راہداری فعال، ٹی آئی آر نظام کے تحت پہلی برآمدی کھیپ تاشقند روانہ

گوادر سے ردان بارڈر کے ذریعے زمینی تجارتی راستہ قائم، سامان آگے وسط ایشیا کے ممالک تک منتقل کیا جائے گا، اعلامیہ جاری

گوادر (یو این اے) پاکستان اور ایران کے درمیان ٹرانزٹ کوریڈور کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے، جس کے تحت گوادر اور کراچی سے وسط ایشیائی ریاستوں تک رسائی کے لیے ایک نیا اور موثر زمینی تجارتی راستہ قائم کر لیا گیا ہے۔ کسٹم حکام کے جاری اعلامیے کے مطابق، اس نئے کوریڈور کے ذریعے کراچی سے پہلی برآمدی کھیپ، جو کہ منجمد گوشت پر مشتمل ہے، تاشقند (ازبکستان) کے لیے روانہ کر دی گئی۔ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ بندی کے باوجود عالمی معیشت غیر مستحکم رہے گی، ورلڈ بینک

ایران امریکہ جنگ بندی اگر ناکام ہوتی ہے اور تنازع مزید بڑھتا ہے تو معاشی نقصانات کا اندازہ لگانا بھی مشکل ہو جائیگا

بحرانوں کا مقابلہ کرنے کیلئے دنیا کو توانائی کے ذرائع کو متنوع بنانے کی ضرورت ہے، اجے بنگا کا برطانوی ادارے کو انٹرویو

لندن (م ڈ) ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا نے خبردار کیا ہے کہ مشرق وسطیٰ کی جنگ عالمی معیشت پر انتہائی گہرے اثرات مرتب کرے گی، چاہے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اعلان کردہ جنگ بندی برقرار رہے یا نہ رہے۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں اجے بنگا نے واضح کیا کہ اگر یہ جنگ بندی ناکام ہوتی ہے اور تنازع...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات سبوتاژ کرنے کیلئے اسرائیلی خلاف ورزیاں جاری

ابہام سے متعلق سوال پر حکام کا ”اب سب کچھ ٹھیک ہے“ کا جواب

اسلام آباد (م ڈ) پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان اعلیٰ سطحی براہ راست امن مذاکرات کی میزبانی کیلئے تیار ہے، اس وقت جنگ بندی کی شرائط اور مبینہ خلاف ورزیوں سے متعلق سوالات سفارتی حلقوں میں گردش کر رہے ہیں۔ تاہم، اسلام آباد...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ایران کے مرکزی بینک کے گورنر ڈاکٹر عبدالناصر ہمتی ملاقات کر رہے ہیں

گلگت بلتستان میں عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان

اسلام آباد (م ڈ) الیکشن کمیشن نے گلگت بلتستان میں عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان کر دیا۔ چیف الیکشن کمشنر راجہ شہباز خان کے مطابق گلگت بلتستان اسمبلی کے عام انتخابات 7 جون کو ہوں گے، گلگت اسمبلی کے 24 حلقوں میں ایک ہی دن پولنگ ہوگی۔ الیکشن شیڈول بعد میں جاری ہوگا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل الیکشن...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد عالمی سفارتکاری کا مرکز بن کر ابھرا ہے، حنیف عباسی

پاکستان خطے میں امن اور مکالمے کی قابل اعتماد حیثیت اختیار کر چکا، بیان

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ اسلام آباد ایک بار پھر عالمی سفارتکاری کا مرکز بن کر ابھرا ہے، جہاں امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات میں...... قومی قیادت کی شاندار سفارتی کامیابی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

لبنان حملوں میں حزب اللہ کے 1400 جنگجو مارے، اسرائیل

فوج کے 5 یونٹس جنوبی لبنان میں جنگی مہم میں مصروف ہیں، صیہونی فوج

تل ابیب (م ڈ) اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ لبنان پر حملوں میں حزب اللہ کے 1 ہزار 400 جنگجو مارے گئے، فوج کے 5 یونٹس جنوبی لبنان میں جنگی مہم میں مصروف ہیں۔ 401 بریگیڈ لبنان میں حزب اللہ کے جنگی ٹھکانوں پر بمباری کر رہی ہے، حزب اللہ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

خلیجی ممالک کیلئے فضائی آپریشن میں تیزی آگئی

تہران (م ڈ) ایران اور امریکہ کے درمیان امن مذاکرات کے باعث فضائی آپریشن کی بحالی میں تیزی آگئی ہے۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق لاہور سمیت...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کیخلاف ہماری فوجی مہم ختم نہیں ہوئی ہے، نیتن یاہو

افزودہ یورینیم ذخائر کو کسی معاہدے کے ذریعے ختم کیا جائے گا، اسرائیلی وزیراعظم

جنگ بندی ہو رہی ہیں لیکن اسرائیل کی کارروائیاں ابھی مکمل نہیں ہوئیں، گفتگو

تل ابیب (م ڈ) اسرائیلی وزیراعظم نے ایرانی حکومت کو گرانے کے منصوبے کو تیز کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ خطے میں ایران اور اس کی پراکسیز کے خلاف ہماری فوجی مہم ابھی ختم نہیں ہوئی ہے۔ عالمی خبر رساں...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار امریکہ سے مذاکرات کیلئے آنیوالے ایرانی وفد کے ہمراہ آ رہے ہیں

آبنائے ہرمز سے بارودی سرنگیں صاف کرنا شروع کر دیں، ٹرمپ

اقدام چین، جاپان، جنوبی کوریا، فرانس اور جرمنی سمیت کئی ممالک کے لیے کیا جا رہا ہے، جو خود کرنے کی ہمت نہیں رکھتے

بڑی تعداد میں خالی آئل ٹینکرز امریکہ کا رخ کر رہے ہیں تاکہ اعلیٰ معیار کا تیل اور گیس حاصل کر سکیں، امریکی صدر کا بیان

واشنگٹن (م ڈ) صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا نے آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگوں کو صاف کرنے کا عمل شروع کر دیا جو کہ دنیا پر ہمارا احسان ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر ٹرمپ نے کہا کہ اس وقت سب سے بڑا خطرہ آبنائے ہرمز...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

غیر ملکی صحافیوں کو اسلام آباد میں خوش آمدید کہتے ہیں، عطاء تارڑ

صحافیوں کو ایک ہی چھت تلے تمام سہولیات فراہم کر رہے ہیں، وفاقی وزیر

میڈیا کیلئے ہائی اسپیڈ انٹرنیٹ کنیکٹیویٹی، پرنٹرز، کمپیوٹرز اور سکرینز نصب کی گئی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ کورنگ کے لیے آنے والے غیر ملکی صحافیوں کو خوش آمدید کہتے ہیں، صحافیوں کو ایک ہی چھت تلے تمام ضروری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ غیر ملکی صحافیوں کو فراہم کی گئی سہولیات کے حوالے سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ نائب وزیراعظم...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ بندی میں لبنان کو بھی شامل کیا جائے، فرانسیسی صدر

معاہدے پر سختی سے عمل درآمد ہونا چاہئے، سعودی ولی عہد سے گفتگو

ایمانوئیل میکرون کا ترک ہم منصب طیب اردوان سے بھی رابطہ

پیرس (م ڈ) فرانس کے صدر ایمانوئیل میکرون نے کہا ہے کہ انہوں نے ایران سے متعلق جنگ بندی مذاکرات پر ترک صدر سے ملاقات کی اور سعودی ولی عہد سے ٹیلی فون پر تفصیلی گفتگو کی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق فرانسیسی صدر ایمانوئیل میکرون نے بتایا کہ سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان سے تفصیلی گفتگو میں رابطے بحال رکھنے پر اتفاق کیا...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

امریکا نے سابق ایرانی نائب صدر کے بیٹے، بہو اور پوتے کا ویزا ختم کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کی سابق نائب صدر برائے خواتین و خاندانی امور معصومہ ابتکار کے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

خام تیل سے بھرے چین کے 2 ٹینکر آبنائے ہرمز سے گزر گئے

ایران امریکا جنگ بندی کے بعد پہلی بار تیل سے بھرے جہاز مشرق وسطیٰ سے باہر نکلے

تہران (این این آئی) چین کے 2 سپر ٹینکر آبنائے ہرمز سے گزر گئے ہیں۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق روانہ ہونے والی ایران امریکا جنگ بندی کے بعد...... شپنگ ڈیٹا کے مطابق چینی خام تیل کے جہازوں نے آبنائے ہرمز کو پار کر لیا ہے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات کی میزبانی پاکستان کیلئے بہت بڑی کامیابی ہے، بلاول

امید ہے یہ جنگ بندی تنازعات کے مستقل حل کی بنیاد بنے، سعودی عرب و دیگر ملکوں نے بھی امن عمل میں کردار ادا کیا

مذاکرات پر آمادگی کیلئے امریکی و ایرانی قیادت کے مشکور ہیں، حتمی معاہدے تک پہنچنا چیلنج سے کم نہیں، چیئرمین پی پی پی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سربراہ بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ پوری دنیا کی نظریں اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات پر لگی ہوئی ہیں، ان مذاکرات کی میزبانی پاکستان کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔ ایک انٹرویو میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ امید ہے یہ جنگ بندی خطے میں تنازعات کے مستقل حل کی بنیاد بنے گی، مذاکرات پر آمادگی رکھنے کے لیے امریکی اور ایرانی قیادت کے مشکور ہیں، سعودی عرب اور دیگر ملکوں نے بھی امن عمل میں اپنا کر...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی عرب کی پاکستان کو مکمل مالی تعاون کی یقین دہانی

سعودی وزیر خزانہ کا مشکل حالات میں مدد جاری رکھنے کا عزم

ملاقات میں دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ

ریاض (م ڈ) سعودی عرب نے پاکستان کو مکمل مالی تعاون کی یقین دہانی کرا دی۔ مشکل معاشی صورتحال میں مدد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ سعودی وزیر خزانہ کی دورہ پاکستان کے دوران اعلیٰ سطح ملاقاتوں میں قرض، ادھار تیل کی سہولت اور اقتصادی تعاون بڑھانے کے علاوہ تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافے پر اتفاق کیا گیا۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اقتصادی تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق ہو گیا۔ سعودی عرب نے پاکستان کو...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: آئی جی پولیس محمد طاہر، ڈی آئی جی عمران شوکت کے ہمراہ بلڈ ڈونیشن کے موقع پر افسران کا گروپ فوٹو

پبلک اور گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 40 فیصد کمی کا اعلان

لاہور میں پبلک ٹرانسپورٹرز اور متعدد نجی گڈز ٹرانسپورٹ کمپنیوں کی جانب پٹرولیم قیمتوں میں کمی کے بعد کرایوں میں کمی کر دی گئی

لاہور سے اسلام آباد کا کرایہ ایک ہزار 32 روپے کمی کے بعد 2100 روپے ہو گیا ہے، ڈیزل سستا ہونا خوش آئند ہے، ٹرانسپورٹرز

لاہور (م ڈ) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد پبلک اور گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے 40 فیصد کم کرنے کا اعلان ہو گیا۔ لاہور میں پبلک ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں فوری طور پر 25 فیصد کمی کرنے کا اعلان کر دیا، متعدد نجی ٹرانسپورٹ کمپنیوں نے بھی کرایوں میں 25 فیصد کمی کر دی۔ مزدا ٹرکوں کے کرایوں میں بھی 25 فیصد کمی ہو گئی۔ نئے کرایہ نامے کے مطابق مختلف شہروں کے درمیان کرایوں میں نمایاں...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان امریکہ و ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے میں کامیاب رہا، گورنر

پاکستان نے تباہ کن جنگ کے بعد ثالثی میں اہم کردار ادا کیا، وزیراعظم، فیلڈ مارشل، ڈپٹی وزیراعظم خراج تحسین کے مستحق ہیں، جعفر خان مندوخیل

پوری دنیا کی نظریں اسلام آباد پر لگی ہوئی ہیں جہاں امریکہ اور ایران سنجیدہ اور معنی خیز مذاکرات کیلئے موجود ہیں

کامیاب مذاکرات اور پرامن مستقبل کیلئے پرعزم، امید ہے جلد مثبت نتائج برآمد ہونگے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی میں سہولت کاری کر کے عالمی سطح پر سفارتکاری کی ایک نئی تاریخ رقم کرتے ہوئے یہ ثابت...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

امن میں اہم کردار ادا کرنا پاکستان کیلئے خوشی کا باعث ہے، بیرسٹر گوہر

امید ہے مذاکرات مشرق وسطیٰ میں مستقل امن کا سنگ میل ثابت ہوں گے

امن عمل میں شامل تمام لوگوں کی کاوشوں کو سراہتے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ دنیا کے امن میں اہم کردار ادا کرنا پاکستان کیلئے خوشی کا باعث ہے۔ مذاکرات سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے لیے پاکستان آئے معزز مہمانوں کو خوش آ...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

فرانسیسی صدر کے سعودی ولی عہد اور ترک ہم منصب سے رابطے

پیرس (آئی این پی) فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے رابطہ کیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق صدر میکرون نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال اور جنگ بندی پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے ایران...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

بابر اعظم پی ایس ایل میں 4 ہزار رنز مکمل کرنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے

کراچی (م ڈ) بابر اعظم پی ایس ایل میں 4 ہزار رنز مکمل کرنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے۔ بابر اعظم نے پی ایس ایل میں 3 مختلف ٹیموں کی نمائندگی کی ہے۔ انہوں نے اسلام آباد یونائیٹڈ، کراچی کنگز اور پشاور زلمی کی...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: امریکی نائب صدر کی پاکستان آمد کے موقع پر سیکورٹی کی فضائی نگرانی کی جا رہی ہے

ایران امریکہ مذاکرات، اہم امور پر واضح اختلافات

مذاکرات کی بنیاد فریقین کی الگ الگ تجاویز پر رکھی گئیں، ذرائع

ایران نے 10 نکات، امریکا نے 15 نکاتی منصوبہ سامنے رکھا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی دارالحکومت میں آج امریکا اور ایران کے درمیان اہم مذاکرات ہو رہے ہیں، جس میں پاکستان کی ثالثی میں فریقین کے وفود پیچیدہ اور حساس معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔ پاکستان کی طویل اور کامیاب...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

یورپی یونین نے مغربی کنارے میں 30 سے زائد یہودی بستیوں کو غیر قانونی قرار دیا

تل ابیب (م ڈ) یورپی یونین نے مغربی کنارے میں 30 سے زائد یہودی بستیوں کو غیر قانونی قرار دیا۔ یورپی یونین نے مغربی کنارے میں 30 سے زائد یہودی بستیوں کو غیر قانونی قرار دیا، کہا غیر قانونی یہودی بستیوں دو ریاستی حل کیا مکانات کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔ جاری بیان میں کہا گیا کہ 19 جولائی 2024 کو عالمی عدالت نے ان اقدامات کو غیر قانونی قرار دیا، اسرائیلی حکومت جلد از جلد ان فیصلوں کو واپس لے۔

پٹرولیم ڈیلرز کا منافع کے مارجن میں اضافے کا مطالبہ

ضلعی انتظامیہ چیکنگ کی آڑ میں پٹرولیم ڈیلر کو تنگ کرنا بند کر دے

کراچی (م ڈ) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد پیٹرول پمپ مالکان نے حکومت سے مارجن بڑھانے کا مطالبہ کر دیا۔ صدر پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن اختر نواز نے پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ پیٹرولیم ڈیلرز کے مارجن کو 1.5 فیصد سے...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ پولیس کی جانب سے تھیلیسیمیا کے بچوں کیلئے بلڈ ڈونیشن کیمپ قائم

آئی جی بلوچستان، ڈی آئی جی کوئٹہ، ایس ایس پیز، ایس پیز دیگر آفیسران سمیت 100 سے زائد اہلکاروں نے خون کا عطیہ دیا

پولیس فرائض کی بجا آوری اور امن و امان یقینی بنانے کے ساتھ انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہے، محمد طاہر

تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کو مسلسل خون کی ضرورت، ایسے اقدامات کے ذریعے معصوم جانوں کو زندگی کی امید دی جا سکتی ہے، موقع پر گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس عمران شوکت نے کہا ہے کہ پولیس اپنے فرائض کی بجا آوری اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے ساتھ انسانیت کی خدمت کے لیے بھی ہمہ وقت کوشاں...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ایران میں مقیم پاکستانیوں کی وطن واپسی کا سلسلہ جاری

42 روز میں مجموعی طور پر 3,073 افراد وطن واپس آئے

امیگریشن، کلیئرنس اور دستاویزات کی مکمل جانچ پڑتال کو یقینی بنایا جا رہا ہے

کوئٹہ (پ ر) ایران میں مقیم پاکستانیوں کی وطن واپسی کا سلسلہ جاری ہے، جس کے تحت بڑی تعداد میں شہری مختلف بارڈرز کے ذریعے پاکستان پہنچ گئے۔ حکام کے مطابق گبد ریمدان بارڈر کے ذریعے 42 روز میں مجموعی طور پر 3,073 افراد وطن واپس آئے ہیں، جبکہ 28 فروری سے اب تک تفتان بارڈر کے راستے 10,619 افراد پاکستان پہنچے...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار سے ایرانی مرکزی بینک کے گورنر ڈاکٹر کی ملاقات

خطے میں امن و استحکام، اقتصادی تعاون اور مشترکہ پیش رفت پر اتفاق

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ایرانی مرکزی بینک کے گورنر ڈاکٹر عبدالناصر ہمتی نے ملاقات کی جس دوران پائیدار مذاکرات کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات اسلام آباد مذاکرات کے موقع پر...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد مذاکرات اتوار کو بھی جاری رہ سکتے ہیں، امریکی میڈیا

اسلام آباد میں ایران امریکا مذاکرات میں پاکستان ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے

واشنگٹن (م ڈ) امریکی نشریاتی ادارے سی این این کے مطابق پاکستانی ذرائع نے بتایا ہے کہ ایران امریکا مذاکرات کل بھی جاری رہ سکتے ہیں۔ امریکی میڈیا کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں ایران امریکا مذاکرات میں پاکستان ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے۔

کفایت شعاری کے نام پر روزگار اور بجلی و گیس کی بندش ناقابل قبول ہے، پی کے میپ

تاجر، دکاندار، مزدور اور زندگی کے ہر مکتبہ فکر کے عوام شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہیں جس میں آئے روز اضافہ ہوتا جا رہا ہے

ہر شعبہ زندگی تباہ کر دیا گیا ہے، سیوریج و ڈرینج کا کوئی نظام نہیں، پینے کے صاف پانی کا فقدان ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں آسمانوں پر ہیں

صوبے میں 8 بجے بازار بند کرنا اور بجلی منقطع کرنا عوام دشمنی ہے، کوئٹہ میں گیس سپلائی محدود کرنا عوامی مشکلات بڑھانے کے مترادف ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کفایت شعاری کے نام پر روزگار بند کرنے، بجلی و گیس کی فراہمی میں رکاوٹیں ناقابل قبول ہیں۔ تاجر، دکاندار، مزدور اور زندگی کے ہر مکتبہ فکر کے عوام شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہیں۔ پشتونخوا میپ حکومت کے اس بے سروپا منصوبے کو کلی طور پر مسترد کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صنعت تعلیم پہلے سے تباہ ہے، سڑکیں ویران ہیں، پینے کا صاف پانی مہیا نہیں، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ، ٹرانسپورٹ کے بھاری کرایوں کی وصولی اور حکومت اپنے ہی عوام کو لوٹنے میں تمام لوٹ ماروں کا سہارا بنتی جا رہی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مہنگائی کو قابو کرنے اور سرکاری نرخوں کی تعین میں انتظامیہ ناکام رہی ہے جبکہ دوسری جانب جرمانوں کے نام پر انتظامیہ اپنی جیبیں بھر رہی ہے۔ گوشت فی کلو 1800 روپے اور جرمانوں کے دو دن بعد 2600 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ معیشت کے عمومی فارمولے کے تحت پیداوار بڑھانے سے مہنگائی اور بے روزگاری میں کمی آسکتی ہے لیکن ہمارے ملک میں ماہرین اس کے برعکس پیداوار گھٹانے اور پیداواری سرگرمیاں بند کرنے کا راستہ اپنا کر ملک کی معیشت کو تباہی کی جانب دھکیل رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پورے صوبے کے دور دراز علاقوں میں بجلی پہلے سے موجود نہیں تھی لیکن اب شہروں اور بازاروں میں بجلی بند کرنے کا مقصد لوگوں کی کاروباری سرگرمیوں کو ختم کرنے اور انتظامیہ کو رشوت کے مواقع میسر کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ پارٹی 8 بجے بازار بند کرنے اور بجلی سپلائی ختم کرنے کو اس صوبے اور اس کے غریب عوام کے ساتھ دشمنی گردانتی ہے اور کوئٹہ اور صوبے کے دیگر چھوٹے بڑے شہروں میں بجلی بحالی کا مطالبہ کرتی ہے۔

کوئٹہ: پی این پی کے رہنما و دیگر سردار شاہ علی بزدار کی زوجہ کی رحلت پر فاتحہ خوانی اور تعزیت کر رہے ہیں

کوئٹہ: اسکول مینجمنٹ سافٹ ویئر سے متعلق سیمینار کے شرکاء

کیسکو دفاتر کو بند کرنے کی دھمکی اور شرانگیزی افسوسناک ہے، یو ایل ایف

تالہ بندی اور ادارے کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے

منفی طرز عمل کے ذریعے کیسکو انتظامیہ کو بلیک میل کر کے کرپشن کو تحفظ دیا جاتا ہے

کوئٹہ (پ ر) یونائیٹڈ لیبر فرنٹ نے بائیڈرو یونین کی جانب سے کیسکو دفاتر کو بند کرنے اور احتجاجی مظاہروں کے اعلان پر افسوس کا اظہار کرتے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ تالہ بندی کرنے اور ادارے کو کروڑوں کا نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے یہاں جاری کردہ بیان میں یونائیٹڈ لیبر فرنٹ کیسکو بلوچستان کے ترجمان نے کہا ہے کہ یونائیٹڈ لیبر فرنٹ 9 اپریل کو سی بی اے کی جانب سے نامعلوم مقاصد اور پوشیدہ مطالبات کے لیے بلوچستان بھر میں کیسکو دفاتر بند کرنے، چیف آفس اور ایکسین دفاتر میں دفتری اوقات کے دوران غیر قانونی جلسے کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ ترجمان کے مطابق سی بی اے نے 12 اپریل کو ملک بھر کے پریس کلبوں کے سامنے نجکاری کے نام پر جلسوں کا اعلان بھی کیا ہے، جبکہ بلوچستان میں آئے روز افسران کے تبادلوں اور کرپٹ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو رکوانے کے لیے مطالبات کے نام پر احتجاجی سرگرمیوں کے ذریعے ادارے کا کام بند کیا جاتا ہے اس طرز عمل کے ذریعے کیسکو انتظامیہ کو بلیک میل کر کے کرپشن کو تحفظ دیا جاتا ہے اور کرپشن مخالف وسینئر افسران کو تبادلوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس سے ادارہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے اور اسے نجکاری کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ ترجمان نے وفاقی وزیر توانائی، وفاقی سیکرٹری توانائی، سی ای او کیسکو، چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز اور ڈائریکٹر ایف آئی اے بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ 9 اپریل کو کیسکو بلوچستان میں تالہ بندی اور نامعلوم مقاصد کے تحت ادارے کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے اور ان سے نقصان کی ریکوری کی جائے۔ انہوں نے مزید مطالبہ کیا کہ مستقبل میں کیسکو میں تالہ بندی اور بلیک میلنگ کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جائے۔ بصورت دیگر یونائیٹڈ لیبر فرنٹ احتجاج کے ساتھ ساتھ قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتا ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری کیسکو انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

میر شعیب نوشیروانی کی کارکردگی قابل تعریف ہے، سید جہانگیر شاہ

موصوف بلا امتیاز عوام اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کی خدمت کر رہے ہیں

انہوں نے اپنے دور میں حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ... انہوں نے کہا کہ وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی ...

کوئٹہ میں گیس بحران شدت اختیار کر گیا، عوامی زندگی مشکل تر

کوئٹہ شہر جو کہ مسائل کا گڑھ ہے کے مسائل شدید تر ہوتے ہوئے جن ایس ایس جی سی کی جانب سے گیس فراہمی محدود کر دی گئی

گھریلو صارفین خصوصاً خواتین، شدید مشکلات کا شکار ہیں جبکہ ہوٹلوں اور چھوٹے کاروباروں کو بھی شدید نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے

سردیاں گزرنے کے باوجود گیس فراہمی میں کوئی بہتری نہیں آئی، جس سے واضح ہوتا ہے کہ مسئلہ موسم کا نہیں بلکہ انتظامی نااہلی ہے

کوئٹہ (نمائندہ مشرق) سوئی سدرن گیس کمپنی کی نااہلی، کوئٹہ میں گیس بحران شدت اختیار کر گیا۔ کوئٹہ کے شہریوں نے سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے گیس کی غیر اعلانیہ اور وقفے وقفے سے فراہمی پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ کمپنی کی نااہلی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ ان خیالات کا اظہار کوئٹہ کے شہریوں اور سیاسی سماجی و قبائلی معتبرین اور تاجر رہنماؤں نے مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے کیا مشرق سے گفتگو کرنے والوں میں حاجی تاج محمد خان بڑیچ، ملک محمد ابراہیم شاہوانی، سردار عبدالجبار مینگل، نکری رحمت اللہ نیچاری، داؤد خان ناتوری، حاکم علی یوسف، سعید احمد سانگڑ، خدابخش، کاشف علی اور دیگر شامل ہیں ان رہنماؤں کا مزید کہنا تھا کہ گیس تو پہلے بھی کوئٹہ شہر اور سریاب روڈ، ہزار گنجی، مشرقی بائی پاس، مغربی بائی پاس، نواں کلی، عالمو چوک، ایئرپورٹ روڈ، بروری روڈ، سبزل روڈ، براہوئی سیٹلائٹ ٹاؤن، بڑیچ ٹاؤن، ہزار گنجی اور دیگر علاقوں کے عوام کو میسر نہیں تھا کیونکہ پریشر انتہائی کم تھا اور رات دس بجے سے لوڈشیڈنگ تھی اب تو نئے شیڈول کے تحت صورتحال مزید خراب ہو گئی ہے اور گیس کی دستیابی انتہائی محدود ہو کر رہ گئی ہے سردیوں کا موسم گزر جانے کے باوجود گیس کمپنی کی کارکردگی میں کوئی بہتری نہیں آئی، جس سے واضح ہوتا ہے کہ مسئلہ صرف موسم کا نہیں بلکہ انتظامی نااہلی اور حکومت سمیت عوامی نمائندوں کی عدم توجہی کا ہے گھریلو صارفین خصوصاً خواتین، شدید مشکلات کا شکار ہیں جبکہ ہوٹلوں اور چھوٹے کاروباروں کو بھی شدید نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ گیس کی عدم دستیابی کے باعث انہیں مہنگے متبادل ذرائع استعمال کرنے پڑ رہے ہیں، جس سے مہنگائی کے بوجھ میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے وفاقی حکومت سمیت بلوچستان حکومت اور عوامی نمائندوں سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر گیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور سوئی سدرن گیس کمپنی کی ناقص کارکردگی کا نوٹس لے کر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، بصورت دیگر بھرپور احتجاج کیا جائیگا آخر حکومت اور سوئی سدرن گیس کمپنی کو یہ کیوں سمجھ نہیں آتی کہ 24 گھنٹوں میں چند گھنٹے گیس فراہم کرنے سے کیا ہوگا اب نئے شیڈول کے مطابق تو نہ دوپہر کا کھانا تیار ہو پاتا ہے اور نہ ہی رات کا کھانا تیار ہو سکتا ہے اور یہی صورتحال ہوٹلوں اور دیگر کاروبار کی ہے یہ ظلم نہیں تو اور کیا ہے کہ اس شدید مہنگائی کے دور میں عوام گیس کے بھاری بھرکم بل بھی ادا کریں اور مہنگی ایل پی جی گیس بھی خریدیں اور ایل پی جی مافیا بھی عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں اس لیے ہم معزز عدالت عالیہ سے بھی پرزور اپیل کرتے ہیں کہ خدارا کوئٹہ شہر اور گردونواح کے عوام کو سوئی سدرن گیس کمپنی کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

لورالائی: رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اوتمانخیل میونسپل کمیٹی کی نئی مشینری کا معائنہ کر رہے ہیں

پروفیسر صدیق اللہ مرحوم کی والدہ کی فاتحہ خوانی آج بھی جاری رہے گی

حالیہ بارشوں کے طفیل وادی کوئٹہ کے اطراف میں ہریالی

خشک سالی کے باعث سبزیوں کی کاشت نہ ہونے کے برابر رہ گئی تھی

پانی کی فراوانی سے مقامی زمینداروں کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے

ڈاکٹر غلام محمد کاسی انتقال کر گئے

گیس لوڈشیڈنگ کے نئے اوقات مسترد، سراسر ظلم ہے، کاشف حیدری

عبدالغنی بچاری مرحوم کی رسم قل آج ادا کردی گئی

بھاگ: اسکول داخلہ مہم کے سلسلے میں آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا

کوئی بھی بچہ اسکول سے باہر نہ ہو، ہر بچہ اسکول میں ہی اچھا لگتا ہے، بہتر تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اس حق سے کوئی بچہ محروم نہ رہے، مقررین

کوئٹہ: ڈپٹی ڈائریکٹر سید انور شاہ کی ہمشیرہ کی فاتحہ خوانی جاری

اظہار تعزیت

کوئٹہ تباہ حال ہے جبکہ میٹرو پولیٹن انتظامیہ محو خواب ہے، رحیم کاکڑ

صفائی کے نام پر فی گھر 500 روپے کی وصولی عوامی لوٹ مار ہے، سابق میئر کوئٹہ

شہر گندگی سے اٹا پڑا ہے، نالیاں ابل رہی ہیں، ترقیاتی کاموں کے نام پر فراڈ ہو رہا ہے

ڈی سی قلعہ سیف اللہ کی کارکردگی قابل تعریف ہے، مولانا شفیق دولتزئی

موصوف ضلع کے عوام کے مسائل بلا امتیاز حل کرنے کیلئے خدمات انجام دے رہے ہیں

تمام سکولوں میں اساتذہ کرام اور ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کی موجودگی قابل تعریف ہے

گیس فراہمی محدود کرنا قابل مذمت ہے، حافظ ابراہیم محمد حسنی

چند گھنٹوں تک گیس کی دستیابی نے روزمرہ زندگی کو بری طرح متاثر کر رکھا ہے

اشیاء ضروریہ کی خرید عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہیں، مہنگائی کنٹرول کی جائے

فرح عدیم خان کی اہلیہ انتقال کر گئیں

ہزار گنجی میں بڑھتی ہوئی چوری و ڈکیتی کی وارداتیں تشویشناک ہیں

سوداگران کا فوری نوٹس لیکر تاجروں اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے

وارداتوں میں ملوث عناصر کو قانون کے شکنجے میں جکڑ کر سخت ترین سزا دی جائے

ASA، جامعہ بلوچستان کی جنرل باڈی کا اجلاس 13 اپریل کو ہوگا

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزاروں کے فارم 'ب' جاری

نادرا نے بغیر کسی وجہ کے ان کے ب فارم کی ایپلیکیشن میں ڈال دیا تھا

درخواست گزاروں نے اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

فرح عدیم خان کی اہلیہ انتقال کر گئیں

قیام امن کیلئے قبائلی رنجشوں کا خاتمہ ناگزیر ہے، شادین شاہوانی

معاشرے کے بہتر مستقبل کیلئے ضروری ہے کہ ہم امن اور بھائی چارے کو فروغ دیں

شاہوانی قبیلے کے طائفوں علی محمد زئی اور حسن زئی کے درمیان تصفیہ کرا دیا گیا

قراء حضرات کی خدمات قابل قدر ہیں، قاری نعیم اللہ

مدارس دینیہ ملک کی نظریاتی و اخلاقی بنیادیں مضبوط بنا رہے ہیں

حکومت مدارس اور قراء کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرائے

جمعیت علماء اسلام کی خدمات سب پر عیاں ہیں، مولوی امین اللہ

کوئٹہ: یوتھ ٹو نیٹس ویلفیئر دستور و منوی دستور میں اجلاس سے مقرر خطاب کر رہے ہیں

ملازمین کی حق تلفی اور خدمت کی ہے، حاجی اصغر بنگلزئی

لکھے پڑھے لکھے سلیقہ ہوئے اور باشعور ملازمین کی نمائندہ تنظیم ہے

باہمی عزت افزائی ہماری روایات کا حصہ ہے ہم روایات کے امین ہیں

بی ایل ڈی کیمپ میں کیپٹن محمد اکبر شریک رہنمائی

بی این پی کے رہنماؤں کا ڈاکٹر غلام محمد کاسی کے انتقال پر اظہار افسوس

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

اے ایف ایس سی کے سالانہ امتحانات 14 اپریل سے ہونگے

پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیےامتحانی سنٹرز کے باہر دفعہ 144 نافذ کر دی گئی ہے

امتحانات کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی روک تھام کے لیے حفاظتی اقدامات کیے گئے ہیں، علامیہ

کوئٹہ (اسٹی رپورٹر) حکومتِ بلوچستان نے صوبہ بھر میں ہائیر سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ (HSSC) سالانہ امتحانات 2026 کے شفاف، منصفانہ اور پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے دفعہ 144 نافذ کر دی ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کے تحت سالانہ امتحانات کا آغاز 14 اپریل 2026 سے ہوگا۔ امتحانات کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعے، بدامنی یا غیر قانونی سرگرمی کی روک تھام کے لیے پیشگی حفاظتی اقدامات کیے گئے ہیں۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ امتحانی اوقات کے دوران صوبہ بھر کے تمام امتحانی مراکز کے 100 گز کے احاطے میں غیر متعلقہ افراد کے داخلے، غیر مجاز اجتماعات اور کسی بھی قسم کی ایسی سرگرمی پر مکمل پابندی ہوگی جو امتحانات کے پرامن انعقاد میں خلل ڈال سکتی ہو۔ حکومت کی جانب سے جاری کردہ احکامات کے مطابق یہ پابندیاں 14 اپریل 2026 سے امتحانات کے اختتام تک نافذ العمل رہیں گی، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مزید برآں، تمام ضلعی انتظامیہ، پولیس اور متعلقہ اداروں کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ ان احکامات پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور امتحانی عمل کو ہر ممکن طور پر محفوظ اور شفاف بنایا جائے۔

اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ کی قیادت میں شہر میں رات 8 بجے بازار بند کروائی جارہی ہیں

پاکستان میں بجٹ کی شفافیت محدود اور غیر مساوی ہے۔ سی پی ڈی آئی

قلات (آن لائن) سی پی ڈی آئی نے پاکستان میں بجٹ کی شفافیت اور عمل درآمد کے احتساب میں موجود خلا کی رپورٹ پیش کر دی۔ سینٹر فار پیس اینڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹو (سی پی ڈی آئی) نے اپنے سٹیزن نیٹ ورک فار بجٹ اکاؤنٹیبلٹی (سی بی اے) کے ذریعے اپنی "اسٹیٹ آف بجٹ ٹرانسپیرنسی رپورٹ (2025)" کے نتائج میڈیا بریفنگ کے دوران ضلع قلات میں اے آئی ڈی کی جانب سے 25 پر فوکس کیا گیا ہے، کیونکہ موجودہ ڈیٹا شیئر کئے۔ رپورٹ میں مالی سال 2024 مالی سال ابھی جاری ہے اور اس کا مکمل ڈیٹا سال کے آخر میں ہی دستیاب ہوگا رپورٹ کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان میں بجٹ کی شفافیت محدود اور غیر مساوی ہے، عوام کی شرکت کمزور ہے اور احتساب میں خلا موجود ہیں اہم بجٹ دستاویزات کو باقاعدگی سے عوام کے سامنے نہیں لایا جاتا، اور شہریوں کو بجٹ کی ترجیحات پر اثر انداز ہونے کا بہت کم موقع ملتا ہے۔ بریفنگ کے دوران (سی ایس او کے نمائندوں مصدق صادق علی احمد شاہوانی دیگر نے کہا کہ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اگرچہ بجٹ وقت پر پیش کیے جاتے ہیں

جنرل عاصم منیر کی کامیاب سفارتکاری سے جنگ بندی ممکن ہوئی، عظمیٰ حمید گل

ذاتی یا سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر ریاست کو اولین ترجیح دینا وقت کی ضرورت ہے

اسلام آباد (اے این این) جوانانِ پاکستان نظریاتی کے مرکزی سرپرست اعلیٰ جنرل حمید گل فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن محترمہ عظمیٰ حمید گل مرکزی چیئرمین نجیب اللہ خان ترین، مرکزی سیکرٹری جنرل رانا سکندر شہزاد، مرکزی ممبر آغا طاہر شاہ، شہریار ساسولی، وائس چیئرمین وارث خان ترین، رشید خان، صوبہ بلوچستان کے صدر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ، صوبہ سندھ کے صدر محمد ابراہیم خان منگل، صوبہ خیبر پختونخوا کے صدر عاشق علی خان، پنجاب کے آرگنائزر علی رحمان بٹ، عطاءاللہ خان، نذیر خان ساحل، عنایت اچکزئی، علی خان، محمد حنیف خان اچکزئی، ملک ہاشم خان کاکڑ، اصغر خان مہترزئی نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل، چیف آف ڈیفنس فورسز اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی کامیاب سفارتی کوششوں کے نتیجے میں مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی ممکن ہوئی، جو خطے میں امن کے قیام کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے انہوں نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کی شبانہ روز محنت اور مؤثر سفارتکاری کے باعث جنگ بندی کا معاہدہ ممکن ہوا، جو پاکستان کے ایک ذمہ دار ایٹمی ملک ہونے کا ثبوت ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ امن کا داعی رہا ہے اور پرامن بقائے باہمی اس کی اولین ترجیح ہے۔

ڈی ڈی سی محمد نعیم دینی مدارس کے منتظمین کے ساتھ منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تولیدی صحت اور فیملی پلاننگ کی آگاہی عام کرنے کی ضرورت ہے، ممتاز علی مگسی

اوستہ محمد میں بہبود آبادی کے زیر اہتمام فیملی پلاننگ اور تولیدی صحت پر سیمینار کا انعقاد

اوستہ محمد (نامہ نگار) محکمہ بہبود آبادی (پاپولیشن ویلفیئر) اوستہ محمد کے زیر اہتمام گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میں فیملی پلاننگ اور تولیدی صحت کے حوالے سے ایک پروقار آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا، سیمینار میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) ڈاکٹر امیر علی جمالی شریک ہوئے، جبکہ صدارت ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ممتاز علی مگسی نے کی، اس موقع پر محترمہ فاطمہ عزیز، محترمہ فردوس اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا، سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پاپولیشن آفیسر ممتاز علی مگسی اور دیگر مقررین کا کہنا تھا کہ آج کے اس پروگرام کا بنیادی مقصد عوام تک تولیدی صحت اور فیملی پلاننگ کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، انہوں نے واضح کیا کہ محکمہ بہبود آبادی اکیلے اس عظیم مشن کو مکمل نہیں کر سکتا، اس لیے پاپولیشن ہیلتھ اور PPHI کو مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ دور دراز علاقوں تک رسائی ممکن بنائی جا سکے، مقررین نے مزید کہا کہ ماں اور بچے کی صحت کو بہتر بنانا ایک خوشحال معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے، جس کے لیے فیملی پلاننگ انتہائی ضروری ہے، انہوں نے کہا کہ اولاد اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے، تاہم بچوں کی بہتر پرورش اور ماں کی صحت کے تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے وقفہ اور منصوبہ بندی کے عمل میں ہم سب کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا، اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی نے محکمہ بہبود آبادی کو یقین دہانی کرائی کہ محکمہ صحت فیملی پلاننگ کے اہداف کے حصول اور عوامی آگاہی کے لیے پاپولیشن ویلفیئر کے ساتھ مکمل تعاون کرے گا، سیمینار میں اساتذہ، طلبہ اور سماجی حلقوں اور صحافی برادری نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

گورنمنٹ بوائز مڈل سکول گیاوان قلات میں آگاہی واک کا انعقاد

داخلہ اگاہی ریلی کی قیادت، ڈی ای او، اور یونیسیف، نمائندوں نے کی

قلات (آن لائن) گورنمنٹ بوائز مڈل سکول گیاوان قلات کے اساتذہ کرام طلبا اور ایجوکیشن آفیسرز قلات اور یونیسیف کے نمائندوں کے ہمراہ داخلہ مہم کے سلسلے میں آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا جس کی سربراہی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل قلات ثناءاللہ شاہ اسسٹنٹ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فاروق مینگل، بی پی ڈی مینیجر عرفان اکبر، بوائز مڈل سکول گیاوان کے ہیڈ ماسٹر ثناءاللہ دہوار نے کی، اس موقع پر واک کے شرکا اور والدین سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن قلات ثناءاللہ شاہ اسسٹنٹ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فاروق مینگل، بی پی ڈی مینیجر عرفان اکبر، ہیڈ ماسٹر ثناءاللہ دہوار نے کہا کہ داخلہ مہم بچوں کا بنیادی حق کا ہے اس حق کو ادا کرنے کے لئے ہمیں ملکر بچوں کو سکول میں داخل کرنے کے لئے بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ ہم سب گھر گھر جا کر والدین کو اپنے بچوں کو اسکولوں میں داخل کرانے کی ترغیب دیں انہوں نے والدین، اساتذہ اور سماجی تنظیموں پر زور دیا کہ وہ مل کر زیادہ سے زیادہ بچوں کو اسکولوں میں داخل کرانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں تاکہ کوئی بھی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہ سکے آخر میں داخلہ آگاہی واک مختلف گلیوں سے گزرتی ہوئی شادی زئی چوک پر اختتام پذیر ہوئی شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔

ڈیجیٹل کوآرڈینیشن فریم ورک سے سرمایہ کاری فروغ پائے گی، قائم لاشاری

سرمایہ کاری بورڈ کے زیر اہتمام لسبیلہ چیمبر میں بزنس سہولت سینٹر بارے سیمنار کا انعقاد

حب (آن لائن) حب بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیر اہتمام لسبیلہ چیمبر آف کامرس حب اینڈ انڈسٹری (LCCI) میں بزنس فسیلیٹیشن سینٹر کے حوالے سے ایک تعارفی سیشن منعقد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اس اہم تقریب میں مقامی صنعتکاروں، کاروباری شخصیات اور متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری نے بزنس فسیلیٹیشن سینٹر کے تحت متعارف کرائے گئے ون ونڈو آپریشن سسٹم کی خصوصیات پر تفصیلی روشنی ڈالی گی انہوں نے بتایا کہ اس نظام کے ذریعے سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو مختلف سرکاری محکموں کی خدمات ایک ہی پلیٹ فارم پر فراہم کی جائیں گی، جس سے نہ صرف وقت کی بچت ہوگی بلکہ کاروبار کے آغاز اور توسیع کے مراحل بھی آسان ہو جائیں گے انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل کوآرڈینیشن فریم ورک کے نفاذ سے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقع بڑھیں گے اور شفافیت کو فروغ ملے گا۔ اس جدید نظام کے ذریعے مختلف اداروں کے درمیان رابطہ کاری کو مؤثر بنایا گیا ہے تاکہ کاروباری سرگرمیوں کو درپیش رکاوٹوں کو کم کیا جا سکے لسبیلہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری حب کے صدر یعقوب کریم، معروف صنعتکار اسماعیل ستار، اور لسبیلہ انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اتھارٹی (LIEDA) کے مینجنگ ڈائریکٹر حب لیاقت کشانی نے BBoIT کی کاوشوں کو سراہا۔ گیا انہوں نے اس اقدام کو صوبے میں کاروباری ماحول کی بہتری کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ بزنس فسیلیٹیشن سینٹر کے قیام اور ڈیجیٹل نظام کے نفاذ سے نہ صرف مقامی بلکہ بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے بھی بلوچستان ایک پرکشش مقام بنے گا انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس اقدام سے صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا، روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور صوبے کی معیشت مستحکم ہوگی شرکاء نے BBoIT کی جانب سے کیے گئے اقدامات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ مستقبل میں بھی ایسے اقدامات کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے۔

لورالائی رکن اسمبلی حاجی محمد خان طور اوتمانخیل ڈی سی (ر) محمد حبیب شجاع بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

اسلام اباد ائیر پورٹ پر ویزا آن ایریول کی سہولت فراہم کی گئی ہے

ایئرپورٹ پر صحافیوں کی رہنمائی اور سہولت کے لیے فسیلیٹیشن ڈیسک قائم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اسلام آباد ٹاکس talks امریکہ ایران امن مذاکرات کے موقع پر آنے والے غیر ملکی صحافیوں اور میڈیا پرسنز کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ ایئرپورٹ پر صحافیوں کی رہنمائی اور سہولت کے لیے فسیلیٹیشن ڈیسک قائم کیا گیا انتظامات بھی کیے گئے ہیں۔ چیف آپریٹنگ آفیسر/ایئرپورٹ منیجر اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سید آفتاب گیلانی نے ہمارے نمائندے سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ غیر ملکی صحافیوں کو ہر قسم کی جدید سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ ان کے قیام اور آمد و رفت کو ہر ممکن حد تک آسان بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر مسافروں کے ساتھ آنے والے لوگوں کے لیے بھی تمام بنیادی سہولیات اور وسائل

اور ویزا آن ایریول کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے، جہاں انہیں ہر ممکن معاونت فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ کھانے پینے کے خصوصی دستیاب ہیں، اور ایئرپورٹ انتظامیہ کی جانب سے بہترین سروسز کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

میر ارشد کلمتی کی رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ سے ملاقات،

مکران میں بارڈر ٹریڈ بندش سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بات چیت

پنجگور (یو این اے) میر کاروان کے سربراہ میر ارشد کلمتی نے اسلام آباد میں رکن قومی اسمبلی (این اے 258- پنجگور و کیچ)، پارلیمانی لیڈر (نیشنل پارٹی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات پھلین بلوچ سے پارلیمنٹ لاجز میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مکران ڈویژن میں بارڈر ٹریڈ، تجارتی سرگرمیوں اور درپیش دیگر مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے مکران بارڈر ایریاز میں کاروباری سہولیات کو بہتر بنانے اور لوگوں کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔

سبی، انتظامیہ اور پولیس کفایت شعاری مہم پر عمل کرا رہی ہے

اے سی منصور علی شاہ اور ڈی ایس پی سٹی خالد حسین نے کارروائی کی نگرانی کی

سبی (آن لائن) صوبائی حکومت کے احکامات پر کفایت شعاری کے حوالے سے مؤثر اقدامات اٹھاتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ اور ڈسٹرکٹ پولیس کی مشترکہ ٹیم نے شہر بھر میں گزشتہ شب 8 بجے کے بعد بازاروں اور مارکیٹس کو بند کروا دیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ اور ڈی ایس پی سٹی خالد حسین نے کارروائی کی قیادت کی۔ کارروائی کے دوران مختلف مارکیٹس کا دورہ کیا گیا اور دکانداروں کو حکومتی احکامات پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی گئی۔ متعدد مقامات پر خلاف ورزی کرنے والوں کو تنبیہ کی گئی جبکہ چند دکانیں موقع پر بند بھی کروائی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے اس موقع پر کہا کہ کفایت شعاری پالیسی پر عملدرآمد وقت کی اہم ضرورت ہے، جس کا مقصد توانائی کے ضیاع کو روکنا اور قومی وسائل کا بہتر استعمال یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام تاجر برادری حکومت کے ساتھ تعاون کریں۔

گوادر ڈی سی نقیب اللہ کاکڑ انسداد پولیو مہم این آئی ڈی اپریل کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں

تھانہ سٹی کی حدود دھنڈ محلہ کے گھر سے موٹر سائیکل چوری

نصیرآباد (اے این این) پولیس تھانہ سٹی کی حدود دھنڈ محلہ وارڈ نمبر 38 میں نامعلوم افراد نے اعجاز احمد قوم بگٹی کے گھر میں گھس کر ایک عدد موٹر سائیکل ون ٹو فائیو ماڈل 2022 اور ایک عدد موبائل فون و دیگر سامان چوری کر کے لے گئے ہیں جبکہ متاثرہ شخص سٹی پولیس سے مایوس ہو چوروں کی تلاش کیلئے کھوجی کتے طلب کر لیا گیا دوسری واقعات ڈیرا مراد جمالی پولیس تھانہ سٹی کی حدود کلرک کالونی سے نامعلوم موٹر سائیکل نقاب پوشوں نے ہدایت اللہ ڈھیلو باکی قیمتی بکری چوری کر کے فرار ہو گئے

تنخواہوں اور پنشن میں 100 فیصد اضافہ کیا جائے، مزدور فیڈریشنوں کا مطالبہ

62 مزدور یونینز پر پابندی کے فیصلے کو کالعدم قرار دیا جائے، بے روزگاری ختم کی جائے

مہنگائی، بے روزگاری، ملازمین کے دیرینہ مسائل حل نہ ہونے کیخلاف آج احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز بلوچستان کے زیر اہتمام اتوار 12 اپریل 2026 کو دن 11 بجے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے ہوشربا مہنگائی، بے روزگاری اور ملازمین کے دیرینہ مسائل کے حق میں ایک عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں فیڈریشن کے مرکزی ترجمان نے تمام وابستہ یونینز، عہدیداروں اور مزدوروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ بروقت شرکت کر کے اتحاد و یکجہتی کا ثبوت دیں۔ مظاہرے کے ایجنڈے کے مطابق مزدور رہنماؤں کا مطالبہ ہے کہ حالیہ کمر توڑ مہنگائی کے تناسب سے ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں فوری طور پر 100 فیصد اضافہ کیا جائے، جبکہ پٹرولیم مصنوعات، گیس، بجلی اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کو فی الفور واپس لے کر عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ اس کے علاوہ وفاقی آئینی عدالت اور بلوچستان ہائی کورٹ سے مطالبہ کیا جائے گا کہ بلوچستان میں 62 مزدور یونینز پر پابندی کے فیصلے کو کالعدم قرار دیا جائے۔ مزدور تنظیموں نے دیگر مطالبات پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ گریڈ 1 سے 16 تک کے ملازمین کو ڈی آر اے الاؤنس دیا جائے، محکموں میں گزشتہ 30 سال سے رکی ہوئی پروموشنز کے لیے سروس رولز میں ترمیم کی جائے اور میٹروپولیٹن کارپوریشن سمیت تمام میونسپل اداروں کے ملازمین کو تنخواہوں و پنشن کی بروقت ادائیگی یقینی بنائی جائے۔ مظاہرے میں ایمپلائز سن کوٹے پر فوری بھرتیوں اور دوران ڈیوٹی واپڈا کارکنوں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ بھی دہرایا جائے گا۔ فیڈریشن نے واضح کیا ہے کہ وہ واپڈا اور دیگر قومی و مفاد عامہ کے اداروں کی نجکاری کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ مرکزی ترجمان نے کہا کہ جب تک مزدوروں کے حقوق غصب کیے جاتے رہیں گے، احتجاجی تحریک جاری رہے گی۔ انہوں نے کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے تمام مزدوروں اور ملازمین پر زور دیا کہ وہ کل کے مظاہرے میں شرکت کر کے حکمرانوں تک اپنا بھرپور احتجاج ریکارڈ کروائیں۔

عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی دیانتداری کے ساتھ کی جائے، ڈاکٹر محمد حسن ذوکی

موسیٰ خیل (آن لائن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد حسن ذوکی نے BHU کنگری کا اچانک دورہ کیا۔ اس دورے کا بنیادی مقصد (ILR) کی حالت اور اس کی بروقت مینٹیننس، ویکسین کے اسٹاک اور کولڈ چین سسٹم کا تفصیلی جائزہ لینا تھا تاکہ ویکسین کو محفوظ طریقے سے ذخیرہ کیا جا سکے اور بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکے فراہم کیے جا سکیں دورے کے دوران ویکسینیٹرز کی حاضری اور کارکردگی کا بھی بغور معائنہ کیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ یو سی میپ، ای پی آئی روم، ویکسین اسٹاک رجسٹر، ڈیلی رجسٹر اور دیگر متعلقہ ریکارڈ کو بھی چیک کیا گیا اس موقع پر ڈاکٹر صاحب نے عملے کو ہدایت دی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں دیانتداری اور محنت کے ساتھ ادا کریں۔ مزید برآں، کولڈ چین سسٹم کو موثر بنانے اور ویکسینیشن پروگرام کی بہتری کے لیے اچانک دورے مستقبل میں بھی جاری رہیں گے۔

ڈی سی گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایات پر ویمن مارکیٹ کی فعالی اور دکانوں کی الاٹمنٹ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت روبینہ کریم شاہوانی کر رہی ہیں

وڈھ، گزگی قبائل کے باہمی تنازعات خوش اسلوبی سے ختم کر دیے گے

وڈھ گزگی ہاؤس میں انجینئر نورالحق گزگی کی سربراہی میں قبائلی جرگہ منعقد ہوا

خضدار (آن لائن) تحصیل وڈھ کے زرخیز علاقہ گزگی ہاؤس وہیر کے زیر اہتمام ایک نہایت اہم اور تاریخی قبائلی جرگہ منعقد ہوا، جس کی قیادت گزگی قبائل کے معزز سربراہ انجینئر میر نورالحق گزگی نے کی۔ اس جرگے میں برسوں سے جاری اختلافات اور رنجشوں کو ختم کرنے کے لیے سنجیدہ اور مثبت کوششیں کی گئیں، جو بالآخر کامیابی سے ہمکنار ہوئیں۔ تقریباً پندرہ سال سے جاری گزگی قبائل کے باہمی تنازعات کو خوش اسلوبی، بردباری اور قبائلی روایات کے مطابق حل کرتے ہوئے انجینئر میر نورالحق گزگی نے ایک بار پھر اپنی دانشمندی اور قیادت کا لوہا منوایا۔ جرگے میں موجود معززین نے ان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس اقدام کو امن، بھائی چارے اور اتحاد کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ مولہ سے تعلق رکھنے والے گزگی قبائل کے درمیان پائی جانے والی رنجش کو ختم کر کے فریقین کو آپس میں "شیر و شکر" کر دیا گیا، جس سے علاقے میں امن و سکون کی نئی فضا قائم ہوئی۔ اس موقع پر قبائلی روایات کے مطابق مصافحہ اور باہمی معافی تلافی کا عمل بھی ہوا، جو اخوت اور یکجہتی کی بہترین مثال ہے۔ جرگے میں میر نافع گزگی کی کوششوں کو مشعلِ راہ قرار دیا گیا۔

آئی جی سندھ کی جیکب آباد میں آئس کے خاتمے کی ہدایت

جیکب آباد (اے این این) آئی جی سندھ کا جیکب آباد میں آئس کے خاتمے کی ہدایت، ایس ایس پی کو سخت احکامات جاری۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے جیکب آباد میں منشیات خصوصاً آئس کے بڑھتے ہوئے رجحان پر سخت نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی جیکب آباد فیضان علی کو شہر اور گردونواح میں قائم منشیات خصوصاً آئس کے اڈوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی ہدایت جاری کر دی ہے، آئی جی سندھ نے واضح احکامات دیے ہیں کہ آئس جیسے مہلک نشے کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے اور کسی قسم کا دباؤ یا رعایت برداشت نہیں کی جائے گی

لسبیلہ پولیس نے کراچی سے چوری ہونے والی گاڑی برآمد کر لی

گرفتار علی الرحمن اور وسیم شہزاد کیخلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی

کوئٹہ (آن لائن) لسبیلہ پولیس نے کراچی سے چوری ہونے والی گاڑی برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی خصوصی ہدایت پر پولیس نے مین آر سی ڈی شاہراہ پر اوتھل کے مقام پر چیکنگ کے دوران کوئٹہ جانے والی ایک گاڑی کو روک کر چیک کیا تو گاڑی کراچی سے چوری ہوئی تھی برآمد کر کے علی الرحمن اور وسیم شہزاد کو حراست میں لیکر ان کیخلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

مسلم لیگ ن کے مشتاق منہاس وزارت عظمٰی کے مضبوط امیدوار

باغ (اے این این) مسلم لیگ ن کے راجہ مشتاق منہاس آزاد جموں و کشمیر کی وزارت عظمیٰ کے منصب پر مضبوط امیدوار کے طور پر سامنے آ گئے راجہ مشتاق منہاس کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طرف سے وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر بنائے جانے کی یقین دہانی پر صورت حال دلچسپ ہوگئی راجہ مشتاق منہاس نے اپنے ہم خیال لوگوں کو ن لیگ کے ٹکٹ دلانے کی کوششیں تیز کر دی راجہ مشتاق منہاس نے راجہ فیصل آزاد سردار طائر انور سردار جاوید شریف فرحان بن اعظم اسامہ بن عزیز راجہ فاتح کیانی ملک ذوالفقار راجہ ایاز نثار راجہ شعیب عابد راجہ رزاق کشمیری کو ن لیگ کے ٹکٹ پر الیکشن میں امیدوار بنوانے رابطے تیز کر دیئے

شیرانی مانی خوا میں پی پی ایچ آئی کی بھرتی کو شفاف، اور میرٹ کی بنیاد پر مکمل

ٹیسٹ کے دوران سوالیہ پرچے باقاعدہ سیل بند لفافوں میں محفوظ کیے گئے تھے

ژوب (آن لائن) پی پی ایچ آئی ژوب شیرانی کی جانب سے جاری بیان میں کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ شیرانی مانی خوا میں پی پی ایچ آئی کے زیر اہتمام بھرتی کے عمل کو انتہائی شفاف، منظم اور میرٹ کی بنیاد پر مکمل کیا گیا۔ ٹیسٹ کے دوران سوالیہ پرچے باقاعدہ سیل بند لفافوں میں محفوظ کیے گئے تھے، جنہیں امیدواروں کے سامنے ایک امیدوار کے ذریعے کھلوایا گیا تاکہ مکمل شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس اقدام کو امیدواروں نے سراہا اور اس پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ امیدواروں نے ایک پرامن، صاف اور خوشگوار ماحول میں تحریری ٹیسٹ دیا، جبکہ انٹرویوز بھی نہایت منظم اور میرٹ پر مبنی ماحول میں منعقد کیے گئے۔ پورے عمل میں برابری، شفافیت اور انصاف کو ہر مرحلے پر یقینی بنایا گیا۔ خاص طور پر امیدواروں کی جانب سے اس شفاف اور منصفانہ عمل پر مثبت ردعمل سامنے آیا، اور انہوں نے پی پی ایچ آئی بلوچستان کی مینجمنٹ اور ڈسٹرکٹ انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اسے ایک بہترین اور قابل تقلید اقدام قرار دیا۔ اس سلیکشن کمیٹی میں اسسٹنٹ کمشنر شیرانی حبیب الرحمن ناصر، پی پی ایچ آئی بلوچستان پروگرام کوآرڈینیٹر ہارون کاسی، اور ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ژوب و شیرانی ڈاکٹر افراسیاب خان مندوخیل شامل تھے۔

نسل نو کو پرائمری سے ہی آئی ٹی کی تعلیم فراہم کی جائے، بلال کاکڑ

جدید تعلیم نوجوانوں میں خود اعتمادی اور اپنا موقف بہتر انداز میں پیش کرنے کی سکیل پروان چڑھاتی ہے

نیو گرینڈ ٹریڈز بلوچستان کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب میں وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کو اے بی سی کی تعلیم سے آگے بڑھ کر جدت اور اے آئی سمیت آئی ٹی کی تعلیم کے فروغ کو یقینی بناتے ہوئے بلوچستان کے نوجوانوں کو سکول کے دوران پر اعتماد بنانا ہوگا تاکہ وہ اپنے طالب علمی کے دور میں ہر شخص کے ساتھ پر اعتماد طریقے سے ہر ایشو پر بات چیت کر سکیں۔ ان خیالات کا اظہار ہفتہ کو نیو گرینڈ ٹریڈز بلوچستان کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب میں منعقدہ پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چلڈرن ویلفیئر سوسائٹی اور پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشن کے صدر ملک عبدالرشید کاکڑ، ڈائریکٹر منیر احمد نوتیزئی، ایڈیشنل ڈائریکٹر میڈم فاطمہ منور، محمد نواز چدرانی، میڈم سونیا ارم، عثمان احمد، حاجی سلیم ناصر، عظمت اللہ کاکڑ، سیدا کے ثناء اللہ زہری، قاری زیب الرحمن سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ شرکاء کو تعلیمی حوالے سے بریفنگ دی گئی ہے ہمیں اپنے تعلیمی اداروں میں اے بی سی کی تعلیم کو تبدیل کر کے جدید دور کے تقاضوں کے مطابق جدت کو فروغ دیتے ہوئے اپنے بچوں کو پرائمری سکولوں سے ہی اے آئی اور آئی ٹی کی تعلیم دینی ہوگی تاکہ طلباء میں اعتماد بڑھا کر انہیں انتہا پر اعتماد بنایا جائے کہ وہ کسی بھی شخص کے ساتھ ہر ایشو اور ٹاپک پر بات کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو کیونکہ ہمارے لوگ 30 سال کی عمر تک پہنچنے اور تعلیم حاصل کرنے کے باوجود پر اعتماد طریقے سے کسی بھی شخص یا فورم پر بات کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے ہمیں اپنے نوجوانوں میں اعتماد پیدا کر کے انہیں پر اعتماد شہری بنانا ہوگا بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیت کی کوئی کمی نہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوانوں کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ہم آہنگ کرنے کے لئے جدید تعلیم کے حصول کے لئے انہیں سہولیات اور وسائل فراہم کئے جائیں اس لئے نجی تعلیمی ادارے اپنے طلباء کو پر اعتماد بنانے اور تعلیم کے حصول کو خصوصی توجہ دیتے ہیں جس کا مقصد ان کا اپنے بزنس کو بڑھانا اور سکول کی کارکردگی کو بھی نمایاں رکھنا ہوتا ہے اگر یہی سلسلہ سرکاری سکولوں میں اپنایا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم اپنے نوجوانوں کو تعلیم کے حصول میں پر اعتماد طالب علم جو تمام علوم سے روشناس کرا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ نجی تعلیمی ادارے حکومت کو تعلیم کی بہتری اور طلباء کے بہتر مستقبل کے حوالے جو بھی پروپوزل یا تجاویز دیں گے اس پر اقدامات اٹھانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں گے ہم نے اپنے ادارے کے توسط سے آئی ٹی کے شعبے میں بہت سے تبدیلیاں لاتے ہوئے جدت کو روشناس کرایا ہے اور جو کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی ہے اس کے حوالے سے تعلیمی اداروں میں بہتری کے لئے اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ میں ہم نے ون ونڈو آپریشن کا آغاز کر دیا ہے جس میں بزنس کمیونٹی، کاروباری لوگوں کو سہولت مرکز کے توسط سے جو این او سی یا لائسنس پہلے ایک ماہ میں ملتا تھا اب وہ ون ونڈو آپریشن کے ذریعے سہولت مرکز سے 15 دن میں دے رہے ہیں اس کے علاوہ 3 ماہ میں مکمل ہونے والا کام ایک ماہ میں کر رہے ہیں جس میں صوبائی حکومت کے 34، وفاق کے 7 اور دیگر 300 اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں جو بھی ذمہ داری دی جائے گی ہم اس میں آپ کو مکمل تعاون فراہم کرتے ہوئے مدد کریں گے۔ اس موقع پر نیو گرینڈ ٹریڈز بلوچستان کی چیف ایگزیکٹو آفیسر سونیا ارم نے شرکاء کو پروگرام کے حوالے سے آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ اس جدید دور میں جدید ٹیکنالوجی اے آئی اور آئی ٹی کے مختلف شعبوں میں پروفیشنل کے حوالے سے ان کے استعداد کار کو بڑھانے ان کی مہارت کو بہتر بنانے کے حوالے سے بتایا اس پروگرام کا مقصد جدید دور کے تقاضوں کو مد نظر رکھتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے تعلیمی اداروں کے ذریعے نوجوان نسل کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے ہیں۔

پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ اور این ایف پی اے کے زیر اہتمام سہ ماہی پراگرس ریویو میٹنگ سے ڈائریکٹر پی ایم سی عبدالستار شاہوانی ڈپٹی ڈائریکٹر ناصر خان اور عبداللطیف خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کی امن کیلئے کوششیں عالمی سطح پر سراہی جا رہی ہیں، میر عاصم کرد گیلو

دنیا پاکستان کی امن قائم کرنے کیلیے کی جانے والی سفارت کاری کو تسلیم کر رہی ہے

وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو عالمی سطح ہیرو تسلیم کیا جا رہا ہے، صوبائی وزیر ریونیو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے عالمی سطح پر امن کے فروغ کے لیے مؤثر اور مثبت کردار ادا کیا ہے جسے دنیا بھر میں سراہا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی کے دوران پاکستان نے جس سنجیدگی، توازن اور دانشمندی کا مظاہرہ کیا وہ قابل تقلید ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی سفارتی کوششوں نے عالمی برادری کی توجہ حاصل کی اور ملک کے وقار میں نمایاں اضافہ ہوا میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ آج پوری دنیا پاکستان کی امن کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو تسلیم کر رہی ہے، جو کہ ایک بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ قیادت نے ثابت کیا ہے کہ پاکستان نہ صرف اپنے مفادات کا تحفظ کر سکتا ہے بلکہ عالمی امن کے قیام میں بھی اہم کردار ادا کر سکتا ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان کی یہ کوششیں مستقبل میں بھی جاری رہیں گی اور عالمی سطح پر امن کے قیام میں مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔

کیڈٹ کالج جہلم

داخلہ نوٹس برائے گیارھویں جماعت

پری انجینئرنگ، پری میڈیکل، آئی سی ایس — انٹری 2026

کیڈٹ کالج جہلم میں گیارھویں جماعت میں داخلہ کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں
درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ مورخہ 22-05-2026 ہے۔

درخواست کا طریقہ کار
درخواست فارم کے حصول کے لئے کالج کی ویب سائٹ www.ccj.edu.pk پر جائیں اور ویب سائٹ پر دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے داخلہ کے لیے اپلائی کریں۔
نوٹ: رجسٹریشن/ داخلہ ٹیسٹ فیس بمعہ کالج پراسپیکٹس، سلیبس اور ماڈل پرچہ جات = 3,000 روپے

اہلیت
عمر کی حد: یکم جولائی 2026 کو 14 1/2 سے 17 1/2 سال ہونی چاہیے۔
تعلیمی معیار: میٹرک پاس نیز جو امیدوار 2026 میں میٹرک سالانہ امتحان میں شامل ہو رہے ہیں وہ بھی درخواست دینے کے اہل ہیں
ازدواجی حیثیت: غیر شادی شدہ (صرف لڑکے درخواست دینے کے اہل ہیں)

انتخاب کا طریقہ کار
(1) داخلہ اوپن میرٹ پر دیا جائے گا۔
(2) امیدواروں کا انتخاب تحریری ٹیسٹ، ذہانت ٹیسٹ، انٹرویو اور میڈیکل کے بعد کیا جائے گا۔
(3) تحریری امتحان ٹیکسٹ بک بورڈ کی نویں اور دسویں جماعت کے انگریزی، ریاضی، فزکس، کیمسٹری اور اردو کی کتب سے ہوگا۔

امتحانی مراکز
پشاور، راولپنڈی، گوجرانوالہ، جہلم، فیصل آباد، کوئٹہ، کراچی، بہاولپور، ملتان، مظفرآباد، سیالکوٹ۔

کلاس 7th اور 8th کے لئے بھی درخواستیں وصول کی جا رہی ہیں۔ | کالج کی ویب سائٹ پر آن لائن اپلائی کریں۔

تحریری امتحان برائے 7th/8th/11th مورخہ 14 جون 2026 (بروز اتوار) کو درج بالا امتحانی مراکز پر منعقد کیا جائے گا۔

کیڈٹ کالج جہلم پیر شہاب، مین جی ٹی روڈ، جہلم
آفیسر انچارج ایڈمیشن: 03-111-123-225
website: www.ccj.edu.pk

بی آر اے نے ٹیکس سے بچنے والے اداروں کیخلاف کارروائیاں تیز کر دی

مظہر ایکسرے، چغتائی لیب، ڈاؤ یو لیباٹریز سمیت دیگر کو، رجسٹریشن کرانے کی وارننگ دی

رجسٹریشن نہ کرانے والوں خلاف ایکٹ کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ترجمان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور منسٹر فنانس میر شعیب نوشیروانی کی قیادت اور بی آر اے چیئرپرسن کی ہدایات کی روشنی میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صحت کے شعبے خصوصاً پیتھالوجیکل لیبارٹریز میں بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد ٹیکس قوانین کی پاسداری، شفافیت اور ذمہ دار شہری ہونے کے تقاضوں کو فروغ دینا ہے تاکہ صوبہ بلوچستان کے عوام کیلئے وسائل میں اضافہ ہو سکے۔ اتھارٹی نے ٹیکس سے بچنے یا واجبات ادا نہ کرنے والے اداروں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ پہلے مرحلے میں مظہر ایکسرے، چغتائی لیب، ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، باڈی ایکسپرٹ، شفاء انٹرنیشنل لیب، طاہا بارٹ انسٹی ٹیوٹ میڈیکل سنٹر، اور اشرف ایکسرے اینڈ امیجنگ سنٹر کی عدم تعمیل سامنے آئی ہے۔ بی آر اے نے تمام لیبارٹری مالکان اور صحت کے شعبے سے وابستہ سروس فراہم کنندگان کو تاکید کی ہے کہ وہ فوری طور پر اتھارٹی کے ساتھ رجسٹریشن مکمل کریں، بروقت ریٹرنز جمع کرائیں اور ٹیکس کی ادائیگی یقینی بنائیں۔ اتھارٹی کے مطابق ٹیکس قوانین کی تعمیل نہ کرنے والوں کے خلاف BSTS ایکٹ 2015 کے تحت جرمانے اور دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

تھانہ منگولی کی حدود دینجاری گوٹھ سے چور ٹریکٹر وا ٹرینکی لے کر فرار ہو گئے

نصیرآباد (اے این این) پولیس تھانہ منگولی کی حدود دینجاری گوٹھ نزدیک پٹ فیڈر روڈ پر موٹر سائیکل سوار تین نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور پر ٹریکٹر ڈرائیور میر علی ولد داد محمد قوم کھوسہ سے مسی ٹریکٹر وا ٹرینکی سمیت چھین لی اور ٹریکٹر ڈرائیور کو یرغمال بنا کر ٹریکٹر وا ٹرینکی سمیت لے کر فرار ہو گئے۔

کوئٹہ عدالت روڈ پر لوگ ایک ریڑھی بان سے انجیر خرید رہے ہیں

محمد خان طور اوتمانخیل اور ڈی سی لورالائی نے پولیو مہم کا باضابطہ افتتاح کر دیا

اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ڈاکٹر محمد مقبول احمد اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے

مہم کے دوران تقریباً 64 ہزار 400 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

لورالائی (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اوتمانخیل اور ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے ڈی سی آفس میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر چار روزہ انسداد پولیو مہم کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ڈاکٹر محمد مقبول احمد اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور موذی مرض ہے جس کے خاتمے کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر پیدائش سے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو حفاظتی قطرے پلائیں تاکہ انہیں عمر بھر کی معذوری سے محفوظ بنایا جا سکے۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر مقبول احمد نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع بھر میں 22 یونین کونسلز میں مجموعی طور پر 195 موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جبکہ 10 فکسڈ اور 8 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی قائم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہم کے دوران تقریباً 64 ہزار 400 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ کوئی بھی بچہ اس مہم سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو لازمی قطرے پلوائیں۔ مزید برآں انہوں نے علماء کرام پر زور دیا کہ وہ اس قومی فریضے میں اپنا کردار ادا کریں اور عوام میں شعور اجاگر کریں تاکہ پولیو کا مکمل خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور ہر بچے تک رسائی یقینی بنائی جائے گی۔ لورالائی: انسداد پولیو مہم کے دوران سیکیورٹی کے سخت انتظامات بھی کیے گئے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق پولیو ٹیموں کی حفاظت کے لیے پولیس اور لیویز فورس کے اہلکار تعینات کیے گئے ہیں تاکہ ٹیمیں بلا خوف و خطر اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد حبیب شجاع نے کہا کہ مہم کی کامیابی کے لیے مائیکرو پلاننگ کو مؤثر بنایا گیا ہے اور دور دراز علاقوں تک رسائی کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ٹیموں کی کارکردگی کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے گی اور غفلت برتنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ محکمہ صحت کے حکام کے مطابق مہم کے دوران خصوصی توجہ ان علاقوں پر دی جا رہی ہے جہاں ماضی میں بچوں کی کوریج کم رہتی ہے۔ اس کے علاوہ آگاہی مہم بھی تیز کر دی گئی ہے تاکہ والدین میں پائے جانے والے خدشات کو دور کیا جا سکے۔ حکام نے امید ظاہر کی ہے کہ عوامی تعاون سے ضلع لورالائی کو پولیو فری بنانے کے ہدف کے حصول میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوگی۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو:۔پرنٹر وپبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 12 اپریل 2026ء

علاقائی وعالمی امن واستحکام کے لئے مشترکہ تعمیری اقدامات کی ضرورت

پاکستان کی مثبت، تعمیری اور پرخلوص کوششیں ثمر بار ہوتی دکھائی دے رہی ہیں اور اللہ نے چاہا تو پاکستان سے امن مکالمے اور مصالحت کا جو چراغ روشن ہوگا وہ پوری دنیا میں اپنی کرنیں بکھیرے گا۔ دنیا اس وقت ایک ایسے دوراہے پر کھڑی ہے جہاں بے یقینی، تنازعات اور معاشی دباؤ نے عالمی منظرنامے کو پیچیدہ بنا دیا ہے۔ جنگوں، علاقائی کشیدگیوں اور بڑھتی ہوئی عدم مساوات نے یہ واضح کر دیا ہے کہ اگر انسانیت کو ایک روشن اور پائیدار مستقبل کی طرف بڑھنا ہے تو اس کا واحد راستہ امن اور تعاون سے ہو کر گزرتا ہے۔ آج کی دنیا کو سب سے زیادہ جس چیز کی ضرورت ہے وہ امن ہے، کیونکہ امن کے بغیر نہ غربت ختم ہو سکتی ہے، نہ پسماندگی کا خاتمہ ممکن ہے اور نہ ہی ترقی کے بڑے اہداف حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ یہ حقیقت اب کسی سے پوشیدہ نہیں رہی کہ عالمی معیشت، سماجی ترقی اور ماحولیاتی استحکام ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ جب کہیں جنگ چھڑتی ہے تو اس کے اثرات سرحدوں تک محدود نہیں رہتے بلکہ پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیتے ہیں۔ خوراک، توانائی، تجارت اور سرمایہ کاری جیسے شعبے متاثر ہوتے ہیں، جس کا سب سے زیادہ نقصان ترقی پذیر ممالک کو اٹھانا پڑتا ہے۔ اسی لئے عالمی برادری کو یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ امن صرف ایک اخلاقی تقاضا نہیں بلکہ ایک معاشی اور انسانی ضرورت بھی ہے۔ غربت اور پسماندگی کے خلاف جنگ دراصل امن کی جنگ ہے۔ جب وسائل جنگوں پر خرچ ہوں گے تو تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر جیسے بنیادی شعبے نظر انداز ہوں گے۔ یہی وجہ ہے کہ اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف کی تکمیل بھی اسی وقت ممکن ہے جب دنیا میں امن اور استحکام ہو۔ اگر ہم واقعی ایک ایسی دنیا چاہتے ہیں جہاں ہر انسان کو عزت اور مواقع میسر ہوں تو ہمیں جنگوں کے بجائے مکالمے کو فروغ دینا ہوگا۔ علاقائی اور عالمی امن واستحکام کے لئے تمام ممالک کو مشترکہ عزم اور تعمیری جوش وجذبے کی ضرورت ہے۔ آج کے دور میں کوئی بھی ملک تنہا ترقی نہیں کر سکتا۔ باہمی احترام، سفارت کاری اور مذاکرات ہی وہ راستہ ہیں جو دنیا کو تباہی سے بچا سکتے ہیں۔ یہی وہ اصول ہیں جن پر پاکستان ہمیشہ کاربند رہا ہے اور عالمی امن کے قیام کے لئے اپنی ذمہ داری ادا کرتا آیا ہے۔ اسی تناظر میں حالیہ اسلام آباد مذاکرات عالمی امن کی کوششوں میں ایک اہم پیش رفت کے طور پر سامنے آئے ہیں۔ پاکستان کی اپیل پر امریکہ اور ایران نہ صرف عارضی جنگ بندی پر متفق ہوئے بلکہ دونوں ممالک کے وفود اسلام آباد آکر مذاکرات بھی کر رہے ہیں۔ یہ لمحہ نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے لئے تاریخی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ یہ ثابت کرتا ہے کہ سنجیدہ سفارت کاری اور نیک نیتی سے بڑے سے بڑا تنازع بھی مکالمے کی میز تک لایا جا سکتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے امریکہ اور ایران کے وفود کے تعمیری انداز میں بات چیت کے عزم کو سراہتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ یہ مذاکرات خطے میں دیرپا امن کے قیام کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوں گے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق اسلام آباد مذاکرات کے آغاز پر وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس نے ملاقات کی دونوں وفود کے تعمیری انداز میں بات چیت کے عزم کو سراہتے ہوئے وزیراعظم نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ مذاکرات خطے میں دیرپا امن کے قیام کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوں گے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان خطے میں پائیدار امن کے حصول کے لئے دونوں فریقین کے مابین امن کا خواہاں ہے یہ پیش رفت اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان نہ صرف خطے میں امن کا خواہاں ہے بلکہ عملی طور پر اس کے لئے کردار بھی ادا کر رہا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ یہ مؤقف اپنایا ہے کہ مسائل کا حل جنگ نہیں بلکہ مذاکرات ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان عالمی برادری کے لئے ایک پل کا کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اسلام آباد مذاکرات نے دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ اگر نیت صاف ہو اور مقصد انسانیت کی بھلائی ہو تو دیرینہ اختلافات بھی ختم ہو سکتے ہیں۔ یہ پیش رفت اس حقیقت کو بھی اجاگر کرتی ہے کہ جنوبی ایشیا اور مشرق وسطی جیسے حساس خطے میں امن کا قیام عالمی استحکام کے لئے ناگزیر ہے۔ اگر یہاں امن قائم ہوتا ہے تو اس کے مثبت اثرات پوری دنیا تک پہنچیں گے۔ امن کے قیام سے نہ صرف جنگوں کے خطرات کم ہوں گے بلکہ تجارت، سرمایہ کاری اور علاقائی روابط کو بھی فروغ ملے گا۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی اصول یہی ہے کہ دنیا کو تنازعات کے بجائے تعاون کی طرف لے جایا جائے۔ پاکستان نے ہمیشہ اقوام عالم کو یہ پیغام دیا ہے کہ امن ایک مشترکہ ذمہ داری ہے۔ یہ کسی ایک ملک یا خطے کا مسئلہ نہیں بلکہ پوری انسانیت کا مشترکہ چیلنج ہے۔ آج جب دنیا کو ماحولیاتی تبدیلی، خوراک کی قلت اور معاشی عدم استحکام جیسے مسائل کا سامنا ہے تو یہ پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہو گیا ہے کہ ممالک اپنے اختلافات کو پس پشت ڈال کر مشترکہ حل تلاش کریں۔ یہ مسائل کسی سرحد کو نہیں مانتے اور نہ ہی کسی قوم تک محدود ہیں۔ اس لئے ان کا حل بھی اجتماعی کوششوں سے ہی ممکن ہے۔ اسلام آباد مذاکرات امید کی ایک نئی کرن ہیں۔ یہ اس بات کا ثبوت ہیں کہ دنیا ابھی بھی امن کی طرف بڑھ سکتی ہے۔ اگر یہ عمل کامیاب ہوتا ہے تو یہ آنے والی نسلوں کے لئے ایک محفوظ اور خوشحال دنیا کی بنیاد رکھ سکتا ہے۔ یہ وقت ہے کہ عالمی برادری اس موقع سے فائدہ اٹھائے اور امن کے اس سفر کو آگے بڑھائے۔ پاکستان کی یہ کوششیں امن کے فروغ اور دنیا کو امن سلامتی اور خوشحالی کا گہوارہ بنانے کے عزم کی شفاف عکاسی کرتی ہیں امن کی راہ پر چلنے والے ممالک ہی حقیقی معنوں میں ترقی کی منزل حاصل کر سکتے ہیں۔ دنیا کو جنگ نہیں، امن کی ضرورت ہے۔ امن ہوگا تو غربت ختم ہوگی، پسماندگی کا خاتمہ ہوگا اور ترقی کے دروازے کھلیں گے۔ آج کی دنیا کو مشترکہ عزم، مثبت سوچ اور تعمیری سفارت کاری کی ضرورت ہے۔ تنازعات جھگڑے ابھرتے رہتے ہیں مگر امن کی خواہش ہو تو یہ تنازعات اور یہ جھگڑے ختم ہوتے دیر نہیں لگتی پوری دنیا کو امن کے قیام کے لئے پاکستان کے ساتھ کھڑا ہونا چاہئے ازحد ضروری ہے کہ علاقائی و عالمی امن واستحکام کے لئے مشترکہ تعمیری اقدامات کئے جائیں اگر دنیا نے آج اس موقع کو ضائع کیا تو یہ ایک ایسا ضیاع ہوگا جس کے اثرات تادیر پوری دنیا کو بھگتنے پڑیں گے۔

ایران امریکہ مذاکرات میں پاکستان کا کردار

انداز جہاں

منزہ انوار

حالات اپنے نگر کے بدل سکتے ہیں!

قرطاس

ناصف اعوان



وینس اور قالیباف نئی تاریخ رقم کر سکتے ہیں

ممکنات

لیز ڈوسٹ

سارا مسئلہ سارا فساد اسرائیل کا ہے

اظہار خیال

ایاز امیر



پاکستان زندہ باد

خورشید ندیم

بے اعتباری کا موسم

اظہار خیال

خالد مسعود خان

میں نے اپنی زندگی میں بہت سی چیزوں کو موسموں کے ساتھ جوڑ رکھا ہے۔ ان میں کچھ چیزیں ایسی ہیں جو کیلنڈر سے وابستہ ہیں اور کچھ ایسی ہیں جو براہ راست موسم سے جڑی ہوئی ہیں۔ اب ناشتے ہی کو لے لیں میرا ناشتہ گرمیوں اور سردیوں کے حساب سے بدلتا رہتا ہے۔ اس دوران میں صرف دو قسم کا ناشتہ کرتا ہوں۔

کی فصل کو بھی بے یاد کر کے رکھ دیا ہے۔ موسم کا اعتبار ہی نہیں رہا لیکن موسم کا کیا کہیں کسی چیز کا بھی

غیر معمولی کردار

خیالات

رسول بخش رئیس

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔اوور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام
رہائشی پلاٹ نمبر C-728 رقبہ 200 گز واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم اس وقت ریاض محمود ولد عبدالحافظ کے نام ہے ٹرانسفر بادیہ رشید زوجہ عبدالرشید دوتانی کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیوڈی اے سے رابطہ کریں
R.No..........62962

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا اصل شناختی کارڈ نمبر 5604392807771 بنام حاجی محمد ولد خدائے نظر کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03048377769 پر مطلع کریں
نمائندہ قلعہ سیف اللہ ....

گمشدگی ڈیمانڈ ڈرافٹ
ایک عدد ڈیمانڈ ڈرافٹ ڈی ڈی ریفرنس نمبر 110420748 رقم 97,000 روپے جو ایم سی بی کی طرف سے جاری کیا گیا تھا بنام ڈی ایچ او کچھ کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 2830144 پر مطلع کریں
مغل سناف ....

امن وامان کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ایس ایچ او عبدالرؤف

تمبو (اے این این) ایس ایچ او سٹی ڈیرہ مراد جمالی غازی عبدالرؤف جمالی نے کہا ہے کہ سٹی پولیس شہر میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی ایس ایچ او عبدالرؤف جمالی کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں اور شہر کے مختلف علاقوں میں گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے تاکہ شہری خود کو محفوظ محسوس کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی جارہی ہے جبکہ داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ کا عمل بھی سخت کر دیا گیا ہے۔

صحبت پور، بی این پی گوٹھ صفدر علی کھوسہ یونٹ کا افتتاح

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع صحبت پور میں گوٹھ صفدر علی کھوسہ یونٹ کا افتتاح کیا گیا اجلاس زیر صدارت ضلعی آرگنائزر عبدالشکور سالانی منعقد ہوا جس کے مہمان خاص مرکزی کسان سیکریٹری میر نذیر احمد کھوسہ تھے تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے شروع ہوئی اس موقع پر ڈپٹی آرگنائزر صفدر علی کھوسہ ممبران میر محمد کھوسہ محمد صلاح کھوسہ اور کثیر تعداد میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے ورکروں نے شرکت کی یونٹ سازی کے لیے الیکشن کمیٹی تشکیل دی گئی چیئرمین عبدالشکور سالانی ممبر میر محمد کھوسہ ممبر ذوالفقار علی کھوسہ منعقد ہوئے جس میں متفقہ فیصلے سے یونٹ سیکرٹری ظہور احمد کھوسہ ڈپٹی یونٹ سیکرٹری علی بخش کھوسہ ضلع کونسلر صفدر علی کھوسہ ممبران رستم علی کھوسہ ذوالفقار علی کھوسہ اور نادر علی کھوسہ منتخب ہوئے اجلاس سے مرکزی کسان سیکرٹری میر نذیر احمد کھوسہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع صحبت پور میں بلوچستان نیشنل پارٹی مضبوط ہو رہی ہے ورکروں کی محنت اور پارٹی کے سینئر دوستوں کی جدوجہد سے پارٹی کو مزید فعال بنایا جارہا ہے

جعفرآباد، کمشنر صلاح الدین نورزئی فصلات کی معائنہ کر رہے ہیں

موسیٰ خیل، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد حسن کا بی ایچ یو کنگری کا دورہ

موسیٰ خیل (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد حسن ڈوکی نے BHU کنگری کا اچانک دورہ کیا۔ اس دورے کا بنیادی مقصد (ILR) کی حالت اور اس کی بروقت فنکشنس، ویکسین کے اسٹاک اور کولڈ چین سسٹم کا تفصیلی جائزہ لینا تھا تاکہ ویکسین کو محفوظ طریقے سے ذخیرہ کیا جاسکے اور بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکے فراہم کیے جاسکیں دورے کے دوران ویکسینیٹرز کی حاضری اور کارکردگی کا بھی بغور معائنہ کیا گیا۔

لسبیلہ بارشوں سے گندم تباہ، زمیندار مالی بحران کا شکار

بیلا اوتھل لاکھڑا اور کنراج میں حالیہ بارشوں نے تیار فصل مکمل تباہ کر دی، زمینداروں کو بھاری مالی نقصانات کا سامنا

گندم کی تباہی سے کاشتکار قرضوں تلے دب گئے، اخراجات، کھاد اور زرعی ادویات کی قیمتیں ادا کرنا ناممکن بنتا جارہا ہے

منڈیوں میں ادائیگیاں رکی ہوئی ہیں، فصل نہ ہونے کے باعث کی آمدن ختم، گھریلو اخراجات پورے کرنا مشکل ہوگیا

متاثرہ علاقوں کے کسان نان شبینہ کے محتاج ہوگئے، مالی بحران نے خاندانوں کو پریشانی میں مبتلا کر دیا، امداد ناگزیر ہے

بیلا (یو این اے) لسبیلا میں حالیہ بارشوں سے گندم کی تیار فصل تباہ زمینداروں کو وسیع پیمانے پر مالی نقصانات وخسارے کا سامنا نقصانات نے مقامی زمینداروں کی کمر توڑ دی زمیندار قرضوں تلے دب گئے تفصیل کے مطابق ضلع لسبیلا کی تحصیل بیلا اوتھل لاکھڑا کنراج میں حالیہ بارشوں سے گندم کی تیار فصل مکمل طور پر تباہ ہوگئی ہے جس کے سبب بیلا سمیت ضلع لسبیلا بھر کے زمینداروں کو وسیع پیمانے پر نقصانات اور خسارے کا سامنا ہوا ہے تیار فصل کی تباہی اور مالی نقصانات نے مقامی زمینداروں کو مارکیٹ کا مقروض بنا دیا ہے فصل اگانے پر لگنے والے اخراجات سمیت کھادیں اور زرعی ادویات کے خرچے پورے کرنا زمینداروں کے لئے شدید پریشانیوں کا باعث بن چکا ہے فصل کی تباہی اور ہونے والے نقصانات نے لسبیلا کے زمینداروں کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے اور تباہ حال زمیندار شدید مالی مشکلات اور نان شبینہ سے بھی محروم ہیں لسبیلا کے متاثرہ زمینداروں نے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان آصف علی زرداری وزیراعظم شہباز شریف وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری سیاحت وثقافت نواب زادہ زرین مگسی سے مطالبہ کیا ہے کہ لسبیلا متاثرہ زمینداروں کی بحالی اور خصوصی ریلیف کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں تاکہ ان کے نقصانات کا ازالہ ممکن ہوسکے۔

قلات فری میڈیکل کیمپ، سینکڑوں مریضوں کا مفت علاج

ڈسٹرکٹ ٹیچنگ ہسپتال قلات میں سینہ اور معدہ امراض کیلئے ایک روزہ فری کیمپ منعقد

قلات (آن لائن) ڈسٹرکٹ ٹیچنگ ہسپتال قلات میں سینہ اور معدہ کے امراض کے لئے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد، سینکڑوں مریض مستفید، ایم ایس سول ہسپتال قلات ڈاکٹر نصراللہ لانگو کی خصوصی نگرانی میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال (DHQ) میں سینہ اور معدہ کے امراض سے متعلق ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا کیمپ میں نامور ماہرین طب ڈاکٹر محمد اشفاق احمد محمد حسنی، ڈاکٹر ریاض احمد، ڈاکٹر ادریس احمد اور ڈاکٹر انور بنگلزئی نے اپنی خدمات سرانجام دیں۔ اس موقع پر قلات اور گردونواح سے آئے ہوئے سینکڑوں مریضوں کا معائنہ کیا گیا اور انہیں سینہ، پھیپھڑوں اور معدے کے مختلف امراض کے حوالے سے مفت طبی مشورے اور ادویات فراہم کی گئیں۔ ایم ایس ڈاکٹر نصراللہ لانگو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس کیمپ کا مقصد غریب اور مستحق مریضوں کو ان کے گھر کی دہلیز پر علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے انسانی ہمدردی کے جذبے کے تحت اس کیمپ کو کامیاب بنایا۔ عوامی حلقوں نے سول ہسپتال انتظامیہ اور ڈاکٹروں کی اس کاوش کو بے حد سراہا اور مطالبہ کیا کہ مستقبل میں بھی اس طرح کے فلاحی کیمپوں کا تسلسل برقرار رکھا جائے

قلات، سول ہسپتال میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹرز مریضوں کا معائنہ کر رہے ہیں

ہرنائی پولیو مہم آغاز، 163 ٹیمیں بچوں کو قطرے پلائیں گی

ڈپٹی کمشنر ارشد جمالی نے بچے کو قطرے پلا کر تین روزہ مہم شروع کی

ضلع بھر میں 132 موبائل ٹیمیں گھر گھر بچوں کو پولیو قطرے پلائیں گی

22 فکسڈ سائٹس اور 9 ٹرانزٹ پوائنٹس پر بھی پولیو ویکسین فراہم کی جائے گی

ہرنائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے معصوم بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع بھر میں تین روزہ خصوصی مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی، این اسٹاف و دیگر موجود تھے، جس کا مقصد پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو اس مہلک وائرس سے محفوظ رکھنا اور ضلع کو پولیو سے پاک کرنا ہے: اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے جنہوں نے مہم کی کامیابی کے لیے بھرپور عزم کا اعادہ کیا۔ مہم کے آغاز کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے مہم کی آپریشنل تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں کل 163 ٹیمیں فرائض سرانجام دے رہی ہیں۔ ان ٹیموں کو مربوط حکمت عملی کے تحت تقسیم کیا گیا ہے، جس میں 132 موبائل ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلائیں گی، جبکہ 22 فکس سائٹس مراکز صحت پر قائم کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ مسافر بچوں کے لیے شاہراہوں اور اہم داخلی راستوں پر 9 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی فعال کر دیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ مہم کی کڑی نگرانی کے لیے تمام محکموں کے افسران کو مانیٹرنگ کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں تاکہ ہر گلی، محلے اور دور افتادہ گاؤں میں کوئی بھی بچہ قطروں سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیو ٹیموں کی حفاظت حکومت کی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے پولیس کے اہلکار فول پروف سیکیورٹی فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے پولیو کو معاشرے کے لیے ایک سنگین خطرہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ مرض بچوں کو عمر بھر کی معذوری میں مبتلا کر سکتا ہے۔

تنظیم اساتذہ کوئٹہ کی حلف برداری تقریب منعقد، تعلیمی ترقی پر زور

تقریب کی صدارت پروفیسر محمد اسماعیل نے کی، مرکزی نائب صدر مہمان خصوصی تھے

فرید آباد (آن لائن) تنظیم اساتذہ پاکستان ضلع کوئٹہ کی حلف برداری تقریب زیر صدارت پروفیسر محمد اسماعیل منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی مرکزی نائب صدر تنظیم اساتذہ پاکستان رئیس اللہ ڈینہ منگریو تھے، جنہوں نے اساتذہ کے کردار اور تعلیمی ترقی میں ان کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کی تعمیر میں بنیادی ستون ہیں اور ان کی رہنمائی سے معاشرہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت سمیع اللہ کاکڑ نائب صدر کوئٹہ نے حاصل کی۔ اس موقع پر سیکریٹری ضلع کوئٹہ سید محمد سعید نے مہمانان گرامی کو خوش آمدید کہا، ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور مہمان نوازی کا شرف حاصل کیا۔ سید احمد شاہ جوائنٹ سیکرٹری حبیب الرحمن قریشی سیکرٹری مالیات شمس اللہ خان ملک امان اللہ و دیگر احباب سے مرکزی نائب صدر تنظیم اساتذہ پاکستان نے ذمہ داران سے حلف لیا اور امید ظاہر کی کہ ضلعی صدر محمد اسماعیل جاموٹ اور سیکریٹری ضلع سعید احمد خان تنظیم اساتذہ پاکستان کا پیغام گھر گھر پہنچانے میں اہم کردار ادا کریں گے صوبائی نائب صدر تنظیم اساتذہ پاکستان بلوچستان حافظ محمد حنیف کاکڑ نے تنظیم کے اغراض و مقاصد کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا۔ اور صوبائی اضلاع میں کام کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

ہرنائی، ڈی سی ارشد حسین جمالی ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

بھاگ مہنگائی طوفان، پیٹرول قیمتیں بڑھنے سے عوام شدید متاثر

بھاگ (یو این اے) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے مہنگائی کا نیا طوفان آمد آیا مسافر گاڑیوں سمیت مال بردار کے کرایوں میں خوفناک اضافہ نے عوام کو چکرا کر رکھ دیا عام آدمی کے لیے جسم وجان کا رشتہ برقرار رکھنا انتہائی مشکل ہوگیا ہے شہریوں کے لیے ضروری سفر اور کاروباری تاجروں کے لیے کاروبار کرنا خواب بن گیا ہے حکمرانوں نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے غریب کیلئے جسم وجان کا رشتہ برقرار رکھنا ناممکن بنتا جارہا ہے گھروں میں فاقوں کا سلسلہ بڑھتا جارہا ہے بھاگ کے شہریوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں کی طرف سے بار بار مہنگائی کے طوفان کے باعث روز مرہ زندگی کے معاملات چلانا مشکل ترین سے اب ناممکن بنتے جارہے ہیں شہریوں نے حکمرانوں کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ بار بار پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے مہنگائی کے تھپڑوں سے غریبوں کے گھروں میں خودکشیوں کا خدشہ ہے

اسسٹنٹ کمشنر کا گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج قلعہ سیف اللہ کا دورہ

قلعہ سیف اللہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر کا گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج قلعہ سیف اللہ کا تفصیلی دورہ اسسٹنٹ کمشنر قلعہ سیف اللہ عمران خان نے آج گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج قلعہ سیف اللہ کا ایک اہم اور تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کالج کی پرنسپل محترمہ ڈاکٹر انورین سے ملاقات کی، جس میں ادارے کی مجموعی کارکردگی، انتظامی امور اور درپیش مسائل پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران پرنسپل ڈاکٹر انورین نے کالج کی تعلیمی سرگرمیوں، طلبہ کی کارکردگی، امتحانی نتائج اور دیگر ہم نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ محدود وسائل کے باوجود کالج انتظامیہ تعلیمی معیار کو برقرار رکھنے اور طلبہ کو بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہی ہے۔

نوشکی پولیو مہم آغاز، 30985 بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

ڈپٹی کمشنر نوشکی کی ہدایت پر چار روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا

ضلع بھر میں 167 موبائل ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلائیں گی

15 فکسڈ سینٹرز اور 12 ٹرانزٹ پوائنٹس پر بھی پولیو ویکسین فراہم کی جائے گی

نوشکی (یو این اے) ڈپٹی کمشنر نوشکی محمد حسین کی ہدایت پر ضلع بھر میں چار روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ مہم کا افتتاح ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عمر ستان جمالی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالرحمن شیرانی نے بچوں کو پولیو اور وٹامن اے کے قطرے پلا کر کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر مشتاق مینگل، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر شہک ریاض بلوچ اور پی پی ایچ آئی کے نمائندے سیف اللہ مینگل بھی موجود تھے۔ 13 اپریل سے 16 اپریل 2026 تک جاری رہنے والی اس مہم کے لیے محکمہ صحت نے جامع انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ حکام کے مطابق ضلع کی 16 یونین کونسلوں میں پانچ سال تک کی عمر کے 30 ہزار 985 بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے لیے 167 موبائل ٹیمیں گھر گھر جا کر خدمات سرانجام دیں گی۔ اس کے علاوہ 15 فکسڈ سینٹرز اور 12 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی قائم کیے گئے ہیں تاکہ کوئی بھی بچہ قطروں سے محروم نہ رہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پولیو جیسی موذی بیماری کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے والدین، علما کرام اور سماجی حلقوں پر زور دیا کہ وہ مہم کی کامیابی کے لیے ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں تاکہ نوشکی اور پورے ملک کو پولیو سے پاک کیا جا سکے۔ تقریب میں یونیسیف کے نمائندوں، محکمہ صحت کے افسران، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن ٹیم اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے بھی شرکت کی۔

چمن، خصوصی بچوں کیلئے اکیڈمی کا قیام، دیرینہ مسئلہ حل

گونگے اور بہرے بچوں کیلئے تعلیمی سہولیات نہ ہونے سے طلبہ تعلیم سے محروم تھے

ضلعی انتظامیہ اور یونیسف کے تعاون سے خصوصی بچوں اکیڈمی کا افتتاح 14 اپریل ہوگا

چمن (نامہ نگار) ضلع چمن میں معذور بچوں خصوصاً گونگے اور بہرے بچوں کے لیے تعلیمی سہولیات کی عدم دستیابی ایک دیرینہ مسئلہ رہا ہے، جس کے باعث یہ خصوصی بچے بنیادی تعلیم سے محروم تھے۔ گزشتہ ماہ اس اہم مسئلے کو سماجی و علمی حلقوں کی جانب سے اجاگر کیا گیا جس میں مقامی صحافیوں، شمشاد رائٹرز فورم پاکستان کے رائٹرز اور بلوچستان کے مختلف اخبارات نے بھرپور کردار ادا کیا۔ اس سلسلے میں خوش آئند پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں ضلعی انتظامیہ چمن نے عالمی ادارے یونیسف کے تعاون سے گونگے اور بہرے بچوں کے لیے ایک خصوصی اکیڈمی کے قیام کا اعلان کیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب بنگلزئی اور یونیسف کے ضلعی منتظم جمیل احمد کاکڑ کی مشترکہ کاوشوں سے اس اہم منصوبے کو عملی شکل دی جارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق اس اکیڈمی کا باقاعدہ افتتاح 14 اپریل بروز منگل بمقام جمال عبدالناصر اسٹیڈیم، کالج روڈ چمن میں کیا جائے گا۔ اس ادارے میں خصوصی بچوں کو جدید تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں گی جہاں ان کی ذہنی وجسمانی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیم وتربیت کا اہتمام کیا جائے گا۔ سماجی اور انسانی حقوق وسیاسی تنظیموں خصوصاً شمشاد رائٹرز فورم پاکستان، پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق، جمعیت علماء اسلام ضلع چمن، پشتونخوا میپ، پاکستان مسلم لیگ ن، انجمن تاجران، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع چمن اور دیگر نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے ڈپٹی کمشنر چمن اور یونیسف کے ضلعی حکام کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے اس اقدام کو ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ خصوصی بچوں کے روشن مستقبل کی ضمانت بن سکتا ہے۔ عوامی حلقوں نے بھی اس پیش رفت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے گونگے اور بہرے بچوں کو اس اکیڈمی میں داخل کروا کر انہیں تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں۔

مہنگائی سے کسانوں کی زمینیں آباد رکھنا مشکل ہوگیا ہے، خادم حسین

زرعی زمینیں بنجر ہونے اور معاشی بدحالی سے جرائم میں اضافے ہوگا، میڈیا سے گفتگو

صحبت پور (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی صوبائی کونسل کے ممبر ممتاز قبائلی رہنما خادم حسین کھوسہ نے اپنی رہائش گاہ پر آن لائن سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں موجودہ بحرانی صورتحال کی ذمہ دار وفاقی حکومت نے گندم کے نرخ نہ ہونے کے برابر ہیں موجودہ نرخوں میں زمینداروں اور کسانوں کے زرعی اخراجات کو پورا کرنا بھی مشکل نظر آرہا ہے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے کسان معاشی بحران سے دوچار ہیں ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتیں غریب کی پہنچ سے دور ہو چکی ہیں ایسی صورتحال رہی تو زمیندار اپنی زمینوں کو آباد نہیں کر پائیں گے اس موقع پر انہوں نے کہا کہ گندم کی قیمتیں بڑھائی جائیں ورنہ زراعت کے شعبے سے وابستہ افراد دیوالیہ ہو جائیں گے اور زرعی زمینیں بنجر ہوں گے آبادی نہ ہونے کی وجہ سے لوگ بھوک کے مارے چوری اور ڈاکہ زنی کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔

بڑھتے جرائم پر قابو پانے کیلئے اقدامات کئے جائیں، رحمت اللہ بنگلزئی

مزدور نصیب اللہ بھٹو کو قتل کرنے والے ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے، رہنما، جمعیت

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تحصیل ڈیرہ مراد جمالی کے امیر حاجی رحمت اللہ بنگلزئی نے ڈیرہ مراد جمالی کی جیلانی مارکیٹ میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ فائرنگ کے اس واقعے میں ایک بے گناہ مزدور نصیب اللہ بھٹو شہید ہوگئے جبکہ ایک اور عاقب یوسف مزدور زخمی ہوا جو نہایت افسوسناک اور قابل مذمت ہے اور اس سے عوام میں خوف وہراس پھیل رہا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ نصیر آباد پولیس فوری طور پر واقعے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لائے تاکہ متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جا سکے۔ حاجی رحمت اللہ بنگلزئی نے مزید کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی میں بڑھتے ہوئے جرائم پر قابو پانے کے لیے ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ شہر میں سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات کیے جائیں اور ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں۔

دکی، ڈی سی محمد نعیم خان بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

ہرنائی مہنگائی، بدامنی، سڑکوں کی خستہ حالی پر پشتونخوا نیپ کا احتجاجی ریلی

باچا خان چوک سے شروع ریلی کی قیادت مقامی رہنماؤں نے کی، کارکنان نے مطالبات کے حق میں نعرے لگائے

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کو عوام دشمن پالیسی قرار، مہنگائی نے غریب اور متوسط طبقے کی زندگی اجیرن بنادی ہے

ہرنائی کوئٹہ اور سنجاوی سڑکوں کی خستہ حالی اور بندش پر مظاہرین کا شدید احتجاج، آمد ورفت اور تجارتی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو رہا ہے

امن وامان کی بگڑتی صورتحال، چوری ڈکیتی کے بڑھتے واقعات پر تشویش، عوام خود کو غیر محفوظ محسوس کرنے لگے فوری اقدامات کا مطالبہ

ہرنائی (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی (پشتونخوا نیپ) کے زیر اہتمام پیٹرولیم مصنوعات کی ہوشربا مہنگائی، سڑکوں کی خستہ حالی، بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور امن وامان کی ابتر صورتحال کے خلاف جاری ملک گیر احتجاجی تحریک کے سلسلے میں ضلع ہرنائی میں ایک نہایت بھرپور، منظم، پرامن اور مؤثر احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ اس احتجاجی مظاہرے میں عوامی نیشنل پارٹی کے کارکنان، مختلف سیاسی وسماجی حلقوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور مقامی عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جس سے علاقے کے عوام میں پائی جانے والی شدید بے چینی، اضطراب اور حکومتی پالیسیوں کے خلاف بڑھتے ہوئے غم و غصے کی واضح عکاسی ہوتی ہے۔ ریلی کا آغاز باچا خان چوک سے ہوا، جس کی قیادت پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ہرنائی کے ضلعی رہنماؤں حاجی دوران خان ترین، مظہر خان ترین، اکمل خان قہرمان اور عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں ملک ابراہیم اور محمود شاہ نے مشترکہ طور پر کی۔ ریلی میں شریک کارکنان اور شہریوں نے پارٹی پرچم اٹھا رکھے تھے اور شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزرتے ہوئے اپنے مطالبات کے حق میں بھرپور آواز بلند کی۔ شرکا نے نظم وضبط کا مظاہرہ کرتے ہوئے پرامن انداز میں احتجاج ریکارڈ کرایا اور اپنے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے عزم کا اعادہ کیا۔ مظاہرین نے ہرنائی تا کوئٹہ روڈ اور ہرنائی تا سنجاوی روڈ کی مسلسل بندش، خستہ حالی اور عدم تعمیر پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ ان اہم شاہراہوں کی ناگفتہ بہ حالت نے عوام کی روزمرہ زندگی کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان سڑکوں کی تباہ حالی کے باعث نہ صرف آمد ورفت میں شدید رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں بلکہ تجارتی سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہو چکی ہیں، جس کے نتیجے میں مقامی معیشت زوال کا شکار ہو رہی ہے۔ مریضوں کو بروقت ہسپتال پہنچانے میں دشواری، طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں میں رکاوٹ اور عام شہریوں کی مشکلات میں مسلسل اضافہ اس صورتحال کی سنگینی کو مزید بڑھا رہا ہے۔ مقررین اور مظاہرین نے ملک بھر میں جاری مہنگائی، بالخصوص پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اور ظالمانہ اضافے کو عوام دشمن پالیسی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس بے تحاشا مہنگائی نے عام آدمی کی زندگی کو ناقابل برداشت بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول، ڈیزل اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کے باعث ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ ہوا ہے، جس کے اثرات براہ راست اشیائے خورد ونوش، ادویات اور دیگر ضروریات زندگی کی قیمتوں پر پڑے ہیں۔ اس تمام صورتحال کا سارا بوجھ غریب اور متوسط طبقے، محنت کشوں، سرکاری ونجی ملازمین اور چھوٹے کاروباری طبقے پر ڈال دیا گیا ہے۔

اوستہ محمد ٹینڈرز تنازع، احتجاجی کیمپ بارھویں روز بھی جاری

گورنمنٹ کنٹریکٹرز فرہاد حسین رند کی قیادت میں بارہ روز سے احتجاجی دھرنا

اوستہ محمد (آن لائن) میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد میں حالیہ ٹینڈرز میں مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف گورنمنٹ کنٹریکٹرز کی جانب سے فرہاد حسین رند کی قیادت میں احتجاجی کیمپ 12 ویں روز بھی جاری رہی، اس موقع پر فرہاد حسین رند، مرکزی صدر کمیونسٹ پارٹی امداد قاضی و دیگر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میونسپل کارپوریشن کے ٹینڈرز متنازع بن گئے، ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ ٹینڈرز کو فوری منسوخ کر کے شفافیت کی بنیاد پر دوبارہ کیے جائے، بصورت دیگر ہمارا احتجاجی کیمپ جاری رہے گا، احتجاجی کیمپ میں سیاسی وسماجی اور شہری حلقے شریک ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈپٹی میئر اور چیف آفیسر کرپشن کے بے تاج بادشاہ ہیں جو کریں ان کی مرضی ہے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔


کوہلو، اے سی کبیر مرازی لوکل کمیٹی کے اجلاس میں سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

سبی، بازار رات 8 بجے بند، کفایت شعاری پر سختی سے عملدرآمد

ڈپٹی کمشنر سبی میجر ریٹائرڈ الیاس کبزئی کی نگرانی میں مشترکہ کارروائی عمل میں لائی گئی

خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کو موقع پر تنبیہ اور متعدد دکانیں بند کروائی گئیں

سبی (خ ن) صوبائی حکومت کے احکامات پر کفایت شعاری کے حوالے سے مؤثر اقدامات اٹھاتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ اور ڈسٹرکٹ پولیس کی مشترکہ ٹیم نے شہر بھر میں گزشتہ شب 8 بجے کے بعد بازاروں اور مارکیٹس کو بند کروادیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ اور ڈی ایس پی سٹی خالد حسین نے کارروائی کی قیادت کی۔ کارروائی کے دوران مختلف مارکیٹس کا دورہ کیا گیا اور دکانداروں کو حکومتی احکامات پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی گئی۔ متعدد مقامات پر خلاف ورزی کرنے والوں کو تنبیہ کی گئی جبکہ چند دکانیں موقع پر بند بھی کروائی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے اس موقع پر کہا کہ کفایت شعاری پالیسی پر عملدرآمد وقت کی اہم ضرورت ہے، جس کا مقصد توانائی کے ضیاع کو روکنا اور قومی وسائل کا بہتر استعمال یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام تاجر برادری حکومت کے ساتھ تعاون کریں اور مقررہ اوقات کی پابندی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومتی احکامات کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور اس سلسلے میں کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔

ڈی سی حب کا بلدیہ سبزی گوشت مارکیٹ کا دورہ، سہولیات کا جائزہ

حب (نمائندہ مشرق) ڈپٹی کمشنر حب کا بلدیہ سبزی گوشت مارکیٹ کا دورہ، دکانوں اور تھڑوں سمیت دیگر سہولیات کا جائزہ لیا اس موقع پر دکانداروں سے ملاقات کی اور بلدیہ مارکیٹ میں ملنے والی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کیں تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ دار خان مندوخیل نے حب میں قائم بلدیہ سبزی گوشت مارکیٹ کا دورہ کیا اس موقع پر مارکیٹ کے ٹھیکیدار الہ منان نے انہیں بلدیہ سبزی مارکیٹ میں قائم دکانوں، تھڑوں کے حوالے سے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ مارکیٹ میں سبزی کے لیے 98 تھڑے، 12 مچھلی کے لیے تھڑے بنائے گئے ہیں اور 15 گوشت اور 15 مرغی کے لیے دکانیں قائم کی گئیں ہیں اور مارکیٹ کے تمام دکانداروں کو پانی، چوکیدار اور صفائی کے لیے جمعدار کی سہولت فراہم کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ مارکیٹ اس وقت آباد ہوگی جب گوشت فروش کو یہاں منتقل کیا جائے جس کے بعد سڑک کنارے کھڑے سبزی ٹھیلے والے بھی منتقل ہوجائیں گے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ دار خان مندوخیل نے کہا کہ تمام سبزی، مچھلی اور گوشت فروشوں کو ایک ہفتہ کا نوٹس جاری کیا گیا ہے اس حوالے سے آج ان سے ایک میٹنگ بھی کی جائے گی

پولیو معذوری کا باعث بننے والی بیماری ہے، الیاس کبزئی

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی سربراہی میں ڈپٹی کمشنر کانفرنس ہال میں ماں اور بچے کی صحت کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے ایک اہم ضلعی سیمینار کا انعقاد کیا گیا سیمینار میں اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ، ونگ کمانڈر لیزی کرنل زبیر، کرنل نعمان، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر قادر بارون، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر نیوٹریشن پروگرام سبی حاجی خان بلوچ، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر صلاح الدین مری، ڈبلیو ایچ او ایریا انچارج ڈاکٹر احسان بلوچ، ای پی آئی پروگرام آغا خان ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ارسلان لاشاری، قبائلی رہنما میر حبیب الرحمن رند، سعید احمد سیلاچی، ملک فقیر محمد مرغزانی، ایجوکیشن آفیسر عبدالغنی ہیتو اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، ماہرین صحت، سماجی رہنماؤں، علماء کرام اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ سیمینار کا مقصد ماں اور بچے کی صحت سے جڑے روزمرہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی تیار کرنا تھا اس موقع پر غذائیت (Nutrition)، حفاظتی ٹیکہ جات (Immunization)، صفائی و حفظان صحت (WASH) اور ماں و بچے کی صحت (MNCH) جیسے اہم موضوعات پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔

LAHORE ELECTRIC SUPPLY COMPANY LAHORE ELECTRIC SUPPLY COMPANY LAHORE ELECTRIC SUPPLY COMPANY

LAHORE ELECTRIC SUPPLY COMPANY LIMITED (LESCO)
JOB OPPORTUNITIES IN LESCO

عزم استحکام

LESCO is seeking the services of competent, dedicated, dynamic and self-motivated and qualified professionals for following positions to work in LESCO department titled as Market Implementation and Regulatory Affairs Department (MIRAD). MIRAD as a dedicated central interface between LESCO and the competitive electricity market undertakes market operations including bilateral contracts portfolio management, short and medium-term demand forecasting, transmission planning and overseeing legal, financial and regulatory affairs within its proposed structure envisaged under Competitive Trading Bilateral Contract Market (CTBCM). These employments will be on open contract on lump sum pay package with six months' probation period:

Name of Post	Post	Age	Qualification & Experience
Manager (Legal)	1	Upto 50 Year	**Qualification:** Bachelor's Degree in Law from a reputable local HEC recognized university or international university. Master in Law or Barrister in Law will have an additional advantage. **Experience:** • Minimum 10-years of total experience in corporate, regulatory, and contract matters. Experience in the power sector will be given preference. • Candidate having an understanding of legal and regulatory affairs associated with the power sector including laws, rules, regulations, etc., and the contractual framework for power/energy sales and purchases will be preferred. • Knowledge of competitive electricity markets will be an added advantage.

This position will mainly be responsible for Provide legal support to the LESCO in implementation and operations of the competitive electricity market including compliance with the laws, rules, regulations, codes etc., bilateral contracting process, manage the dispute resolution and representing LESCO in public hearings, legal proceedings etc.

Name of Post	Post	Age	Qualification & Experience
Deputy Manager (Legal/ Contract)	1	Upto 45 Year	**Qualification:** Bachelor or equivalent degree in Engineering/Finance /Accounting/Law /Management Sciences from reputable HEC recognized universities. **Experience:** • Minimum of 05 years of total experience in dealing with bilateral contracts, biddings, and contracts. Experience in the power sector will be given preference. • Should possess understanding of bilateral contract and bidding process.

This position will report to the Manager (Legal) and will provide support in maintaining compliance with the legal framework, provide legal support in the contract administration, etc.

Name of Post	Post	Age	Qualification & Experience
Assistant Manager (Transmission Planning)	1	Upto 32 Year	**Qualification:** Bachelor degree in Engineering (Electrical/Electronics) from reputable HEC recognized universities. **Experience:** • Minimum 2-Years' experience - with preference to those having experience in Power Sector. • Possessing of experience of transmission planning at 132 KV level on tools such as PSS/E or ETAP, capital budgeting including preparation of project documents related to transmission planning like PC-1 etc. will be an added advantage.

Assistant manager (Transmission Planning) will assist/report to Deputy Manager (Transmission Planning). This position will be responsible for transmission planning of LESCO.

Name of Post	Post	Age	Qualification & Experience
Assistant Manager (Demand Forecasting)	1	Upto 32 Year	**Qualification:** Bachelor degree in Engineering (Electrical/Electronics) from reputable HEC recognized universities. **Experience:** • Minimum 2-Years' experience - Experience in Demand Forecasting / Power Sector would be added advantage. Should possess understanding of medium term and consolidating demand forecasting.

The Assistant Manager (Demand Forecasting) will assist / report to Deputy Manager (Demand Forecasting). This position will be responsible for developing medium-term forecast of LESCO.

Remuneration:
The positions are offered market based lump sum package.

Note:
a. Only short listed candidates will be called for interview
b. LESCO is an equal opportunity employer.
c. Incomplete application will not be considered and any or all applications can be rejected without assigning any reason.
d. No application will be accepted by hand.
e. LESCO reserves the right to withhold the whole recruitment process at any stage without assigning any reason.
f. Serving employees should apply through proper channel. Advance copy of the application, however, may be forwarded without obtaining NOC. The candidate will not be allowed to appear in the interview, if he fails to produce NOC from concerned department.
g. **The above-mentioned positions are purely contractual in nature, non-pensionable, no long-term benefit and shall not be converted into permanent position at any stage.**
h. The applications submitted by the candidates will be at risk and cost of the applicant. Any information found bogus at any stage, during induction or later in service, will result in termination of candidature or employment thereof.
i. **Last date for submission of application is 30.04.2026.**
j. Further details and job description of above positions are available on LESCO website at **www.lesco.gov.pk.**

How to Apply:
Application forms are available on LESCO website. Applications should be submitted through internet on LESCO website **www.lesco.gov.pk** as well as through post along with detailed CV, attested copies of testimonials, Experience certificates, three references and a recent photograph should reach the undersigned before or on closing date.

LESCO#268/2025-26 PID(L)2752/25

Human Resource Director
Lahore Electric Supply Company (LESCO)
22-A Queens Road, Lahore Ph # 042-99204811

LAHORE ELECTRIC SUPPLY COMPANY
LAHORE ELECTRIC SUPPLY COMPANY LAHORE ELECTRIC SUPPLY COMPANY LAHORE ELECTRIC SUPPLY COMPANY

کوئٹہ: کھیلوں کے فروغ کیلئے مثبت قدم، باکسنگ فائٹ نائٹ کامیابی سے منعقد

ایونٹ کا پاکستان پروفیشنل باکسنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام انعقاد، ملک بھر سے ابھرتے ہوئے باکسرز کی شرکت

ایسے ایونٹس کا تسلسل جاری رہے گا تاکہ نوجوان منفی سرگرمیوں سے دور رہ کر کھیلوں کی جانب راغب ہوں، مہمان خصوصی سحر گل خلجی

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) کوئٹہ میں صحت مند سرگرمیوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت راستے پر گامزن کرنے کے لیے ایک شاندار اسپورٹس ایونٹ "باکسنگ فائٹ نائٹ" کا انعقاد کیا گیا۔ یہ ایونٹ پاکستان پروفیشنل باکسنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقد ہوا، جس میں ملک بھر سے ابھرتے ہوئے باکسرز نے شرکت کر کے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ چیمپئن شپ کے مہمان خصوصی سردار سحر گل خان خلجی (صدر، پاکستان مسلم لیگ نون ڈسٹرکٹ کوئٹہ) تھے۔ دیگر معزز مہمانوں میں عبدالغنی مینگل (صدر پاکستان پروفیشنل باکسنگ ایسوسی ایشن)، میر جمال لانگو (سرپرست اعلیٰ بدوہ اسپورٹس ایکشن کمیٹی)، صادق اچکزئی (صدر بلوچستان باکسنگ ایسوسی ایشن)، حیدر لہڑی، ملک عدیل اعوان، ماما منیر مینگل، نادر لانگو، محمد عمر، محمد شمی، صادق لانگو اور ماسٹر اکرم شامل تھے۔ ایونٹ کے دوران شائقین نے سنسنی خیز مقابلوں سے بھرپور لطف اٹھایا۔ فاتح باکسر کو دس ہزار روپے نقد انعام، اعزازی سرٹیفکیٹ اور پروفیشنل باکسنگ دستانے دیے گئے، جس سے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی ہوئی۔ مہمان خصوصی سردار سحر گل خان خلجی نے اپنے خطاب میں کہا کہ بلوچستان اسپورٹس بورڈ کے تعاون سے اس شاندار ایونٹ کا انعقاد قابل ستائش ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ایسے ایونٹس کا تسلسل جاری رہے گا تاکہ نوجوان منفی سرگرمیوں سے دور رہ کر کھیلوں کی جانب راغب ہوں۔ اس موقع پر پاکستان پروفیشنل باکسنگ ایسوسی ایشن کے صدر عبدالغنی مینگل نے کہا کہ اس نوعیت کے ایونٹس کا بنیادی مقصد پاکستان میں پروفیشنل باکسنگ کو فروغ دینا اور نوجوان ٹیلنٹ کو بین الاقوامی سطح کے لیے تیار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ باکسنگ کے میدان میں پاکستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے جسے صحیح پلیٹ فارم فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ کامیاب باکسنگ فائٹ نائٹ نہ صرف کوئٹہ میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو جلا دینے کا باعث بنی بلکہ نوجوانوں کے لیے ایک مثبت اور صحت مند پیغام بھی ثابت ہوئی۔

پی ایس ایل 11، کرکٹرز نے ساحل سمندر کا رخ کر لیا

کھلاڑیوں نے نہ صرف قدرتی مناظر سے لطف اٹھایا بلکہ خوب ہلہ گلہ کیا

کراچی (آن لائن) پاکستان سپر لیگ میں شامل کرکٹرز نے مصروف شیڈول سے فرصت نکال کر ساحل سمندر کا رخ کر لیا جہاں انہوں نے خوشگوار ماحول میں تفریحی لمحات گزارے۔ تفصیلات کے مطابق ملتان سلطانز اور اسلام آباد یونائیٹڈ کے کھلاڑی ٹرٹل بیچ پہنچے، جہاں انہوں نے تقریباً تین گھنٹے ساحل سمندر پر گزارے، کھلاڑیوں نے نہ صرف قدرتی مناظر سے لطف اٹھایا بلکہ ایک دوسرے کے ساتھ خوب ہلا گلا بھی کیا۔ پکنک کے دوران کھلاڑیوں کے درمیان والی بال کا دلچسپ مقابلہ بھی ہوا، جس میں انہوں نے بھرپور جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔ اس کے علاوہ کھلاڑیوں نے گھڑ سواری اور جیٹ اسکی جیسی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیا۔ کھلاڑیوں کا کہنا تھا کہ مصروف میچز کے درمیان اس طرح کی تفریحی سرگرمیاں ذہنی دباؤ کم کرنے اور ٹیم اسپرٹ کو مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔

نوان تھشارا نے سری لنکن کرکٹ بورڈ سے معافی مانگ لی

کرکٹر کا بورڈ کے خلاف قانونی کارروائی واپس لینے کا اعلان، گفتگو

کولمبو (این این آئی) سری لنکا کے کرکٹر نوان تھشارا نے سری لنکن کرکٹ بورڈ سے معافی مانگ لی ہے۔ سری لنکن میڈیا رپورٹ کے مطابق 31 سالہ نوان تھشارا نے ای میل کے ذریعے کرکٹ بورڈ سے معافی مانگی۔ کرکٹر نے بورڈ کے خلاف قانونی کارروائی واپس لینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ میرا مقصد شفافیت اور انصاف کا حصول تھا۔ نوان تھشارا نے کہا کہ سری لنکا کرکٹ اور حکام کو ہونے والی کسی بھی تکلیف، غلط فہمی یا پریشانی پر دلی معذرت کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ قانونی کارروائی واپس لینے اور معاملے کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کیلئے تیار ہوں۔ سری لنکن کرکٹر نے لیگ کیلیے این او سی نہ ملنے پر بورڈ کے خلاف عدالت سے رجوع کیا تھا۔

چکلاک، رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی دوسرا آل چکلاک ملک نعیم بازئی پریمیئر لیگ کے اختتام پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

پی ایس ایل 11: پشاور زلمی نے لاہور قلندرز کو 76 رنز سے شکست دیدی

ایونٹ کے 19 ویں میچ میں لاہور قلندرز کی ٹیم 174 رنز کا تعاقب کرتے ہوئے 17 اوورز میں 97 رنز پر ڈھیر ہوگئی

کوشال مینڈس 74 رنز اور کپتان بابر اعظم 43 رنز بنا کر نمایاں کھلاڑی رہے، کوشال مینڈس میچ کے بہترین کھلاڑی قرار پائے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 میں پشاور زلمی نے لاہور قلندرز کو 76 رنز سے شکست دے دی۔ کراچی کے نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایونٹ کے 19 ویں میچ میں لاہور قلندرز کی ٹیم 174 رنز کا تعاقب کرتے ہوئے 17 اوورز میں 97 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ قلندرز کی جانب سے عبداللہ شفیق اور فخر زمان 21، 21 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ڈیوڈ ویزے 20، سکندر رضا 14، کپتان شاہین شاہ آفریدی 5، عبید شاہ 4، حسیب اللہ خان 3، اسامہ میر 1، محمد نعیم 1 اور آصف علی 0 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوئے۔ زلمی کی جانب سے مائیکل بریسویل اور سفیان مقیم نے 3، 3 جبکہ ناہید رانا نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ عامر جمال اور شریف اللہ نے 1، 1 وکٹ حاصل کی۔ اس سے قبل لاہور قلندرز نے ٹاس جیت کر پشاور زلمی کو پہلے بیٹنگ کرنے کی دعوت دی۔ پشاور زلمی نے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 173 رنز بنائے۔ کوشال مینڈس 74 اور کپتان بابر اعظم 43 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ مائیکل بریسویل 21، محمد حارث 18، عبدالصمد اور فرحان یوسف 2، 2 جبکہ عامر جمال بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے۔ لاہور قلندرز کی جانب سے شاہین آفریدی نے 3، مستفیض الرحمان نے 2 جبکہ عبید شاہ اور اسامہ میر نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

پروفیشنل باکسنگ فائٹ نائٹ کوئٹہ کے اختتام پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ڈسٹرکٹ صدر سردار سحر گل خان خلجی جیتنے والے باکسر کو بیلٹ پہنا رہے ہیں

پی ایس ایل، حیدر آباد کنگزمین کے اہم ترین کھلاڑی پاکستان پہنچ گئے

حیدر آباد کنگزمین کی ٹیم اب تک 4 میچز کھیل چکی ہے تاہم وہ اب تک پی ایس ایل میں پہلی فتح کی متلاشی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی ٹیم حیدر آباد کنگزمین کے اہم ترین کھلاڑی پاکستان پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق پی ایس ایل کے گیارہویں ایڈیشن میں نئی شامل ہونے والی ٹیم حیدر آباد کنگزمین کو آسٹریلوی کھلاڑی گلین میکسویل کی آمد کا شدت سے انتظار تھا۔ گلین میکسویل نے ہفتہ کی صبح کراچی پہنچ کر ٹیم کو جوائن کر لیا ہے، جس کی تصدیق حیدر آباد کنگزمین کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر کی گئی ہے۔ حیدر آباد کنگزمین کی ٹیم اب تک 4 میچز کھیل چکی ہے تاہم وہ اب تک پی ایس ایل میں پہلی فتح کی متلاشی ہے۔ جارح مزاج بیٹنگ آل راؤنڈر گلین میکسویل کی ٹیم میں شمولیت حیدر آباد کنگزمین کے لیے فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔

بنگلا دیش کا نیوزی لینڈ کیخلاف پہلے 2 ون ڈے میچز کیلئے اسکواڈ کا اعلان

پاکستان کے خلاف کھیلنے والا اسکواڈ برقرار، مہدی حسن میراز ٹیم کی قیادت کریں گے

ڈھاکہ (آن لائن) بنگلا دیش نے نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے 2 ون ڈے میچز کے لیے اسکواڈ کا اعلان کر دیا۔ پاکستان کے خلاف کھیلنے والے بنگلا دیشی اسکواڈ کو برقرار رکھا گیا ہے، مہدی حسن میراز ٹیم کی قیادت کریں گے۔ نیوزی لینڈ کے خلاف اسکواڈ میں شامل 5 کھلاڑی پی ایس ایل کھیل رہے ہیں، ناہید رانا، مستفیض الرحمن، شرف الاسلام، رشاد حسین اور تنزید حسن پی ایس ایل میں مختلف فرنچائزز کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ پانچوں کرکٹرز کو 12 اپریل تک این او سی جاری کیا گیا تھا، پی ایس ایل کھیلنے والے کھلاڑی ڈائریکٹ بنگلا دیشی اسکواڈ کو جوائن کریں گے۔ ون ڈے سیریز کے بعد مستفیض الرحمن لاہور قلندرز کو دوبارہ جوائن کریں گے۔

فیفا ورلڈ کپ، کٹس میں ڈیزائن کی خرابی پر تحقیقات کا فیصلہ

امریکی کمپنی کئی بڑی ٹیموں کی کٹس تیار کر رہی ہے جن میں امریکا، کینیڈا، برازیل، نیدرلینڈز اور کروشیا شامل

نیویارک، لندن (این این آئی) امریکا کی اسپورٹس برانڈ بنانے والی معروف کمپنی نے فٹبال ورلڈ کپ سے قبل مختلف قومی ٹیموں کی جرسیوں میں سامنے آنے والے ڈیزائن مسئلے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ برطانوی میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ ماہ ہونے والے انٹرنیشنل میچز کے دوران انگلینڈ، فرانس اور یوراگوئے سمیت کئی ٹیموں کی شرٹس کے کندھوں کے قریب ابھار واضح طور پر نظر آئے تھے، جس پر شائقین نے بھی تشویش کا اظہار کیا۔ کمپنی کے ترجمان نے ایک بیان میں دی گارجین کو بتایا کہ کٹس میں ایک معمولی مسئلہ کی نشاندہی ہوئی ہے، تاہم اس سے کھلاڑیوں کی کارکردگی متاثر نہیں ہوئی، البتہ مجموعی خوبصورتی توقعات کے مطابق نہیں رہی۔ بی بی سی کے مطابق مسئلہ نہ صرف میچ کے دوران استعمال ہونے والی شرٹس بلکہ شائقین کے لیے فروخت کی جانے والی جرسیوں میں بھی موجود ہے۔ امریکی کمپنی ورلڈ کپ میں کئی بڑی ٹیموں کی کٹس تیار کر رہی ہے۔

پی ایس ایل، ڈیرل مچل کا عثمان طارق کیخلاف کھیلنے سے انکار

امپائر کو مداخلت کرنا پڑی، مچل کا عثمان کے باؤلنگ کے دوران وقفے پر اعتراض

کراچی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے گیارہویں ایڈیشن میں ڈیرل مچل نے عثمان طارق کیخلاف کھیلنے سے انکار، امپائر کو مداخلت کرنا پڑی۔ گزشتہ روز کراچی میں کھیلے گئے میچ میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم نے راولپنڈیز کو 61 رنز سے شکست دی۔ اس میچ کے دوران ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا جب نویں اوور میں ڈیرل مچل نے مسلسل دو مرتبہ عثمان طارق کی گیند کھیلنے سے انکار کر دیا۔ اس حوالے سے عثمان طارق نے بتایا کہ ڈیرل مچل پیچھے ہٹ جاتے تو مجھے لگا کہ سامنے اسکرین کے پاس کوئی مسئلہ ہوا ہوگا لیکن جب دوسری مرتبہ ہٹا تو میں نے اس سے پوچھا کیا مسئلہ ہوا ہے۔ جس پر ڈیرل مچل نے کہا کہ تم گیند کرتے ہوئے رکتے ہو تو میں نے کہا کہ میں تو تیسری، چوتھی مرتبہ بھی وقفہ لوں گا

غیر معمولی عالمی ریکارڈ، چینی رنر نے 10 ہزار کلومیٹر دوڑ 100 دن میں مکمل کر لی

ہوانگ ژینگ لونگ جولانگ شاؤ نے یہ فاصلہ 6 دسمبر 2025ء سے 15 مارچ 2026ء کے درمیان جنوبی شہر فوشان میں مکمل کیا

یہ عام انسانی برداشت سے کہیں بڑھ کر ہے، یہی وجہ ہے کہ یہ کامیابی انہیں گنیز ورلڈ ریکارڈز میں شمولیت کے لیے مضبوط امیدوار بناتی ہے

بیجنگ (آن لائن) چین کے ایک الٹرا میراتھن رنر نے مسلسل 100 دن تک روزانہ 100 کلومیٹر دوڑ کر ایک غیر معمولی عالمی ریکارڈ قائم کر لیا۔ اس دوران انہوں نے مجموعی طور پر 10 ہزار کلومیٹر کا فاصلہ طے کیا اور بین الاقوامی سطح پر توجہ حاصل کی۔ رپورٹس کے مطابق ہوانگ ژینگ لونگ جو لانگ شاؤ کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں، انہوں نے یہ فاصلہ 6 دسمبر 2025ء سے 15 مارچ 2026ء کے درمیان جنوبی چین کے شہر فوشان میں مکمل کیا۔ اس کارنامے کو حالیہ برسوں میں طویل فاصلے کی دوڑ کے سب سے مشکل چیلنجز میں سے ایک قرار دیا جا رہا ہے۔ مسلسل 100 دن تک روزانہ 100 کلومیٹر دوڑنا ایک ایسا چیلنج سمجھا جاتا ہے جو عام انسانی برداشت سے کہیں بڑھ کر ہے، یہی وجہ ہے کہ یہ کامیابی انہیں گنیز ورلڈ ریکارڈز میں شمولیت کے لیے مضبوط امیدوار بناتی ہے۔ ہوانگ ژینگ لونگ نے اس کوشش کی تیاری کا آغاز کووڈ 19 کی وباء کے دوران کیا اور بعد ازاں مکمل توجہ تربیت پر مرکوز کرنے کے لیے اپنا کاروبار بھی بند کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے ریکارڈ کی اس کوشش سے قبل ایک سال تک چین بھر میں روزانہ دوڑ لگانے کی مشق جاری رکھی۔ انہوں نے ایک منظم تربیتی نظام اپنایا، جس میں روزانہ کی دوڑ کے فاصلے کو بتدریج بڑھاتے ہوئے اپنی جسمانی برداشت کو بہتر بنایا۔ ان کی تیاری میں خوراک، ریکوری اور کارکردگی کی مسلسل نگرانی شامل تھی تاکہ وہ جسمانی دباؤ کی انتہائی سطح کو برداشت کر سکیں۔ 100 روزہ چیلنج کے دوران انہیں ایک پیشہ ور ٹیم کی معاونت حاصل رہی، جس میں طبی ماہرین اور ماہر غذائیت شامل تھے، جو ان کی صحت کی مسلسل نگرانی کرتے رہے تاکہ وہ اس سخت مرحلے کو محفوظ طریقے سے مکمل کر سکیں۔

عالمی شہرت یافتہ عظیم کھلاڑی بیورن بورگ پاکستان کا دورہ کریں گے

مقابلے 26 اپریل سے 10 مئی 2026 تک پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس میں منعقد ہوں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹینس فیڈریشن نے اعلان کیا ہے کہ عالمی شہرت یافتہ عظیم کھلاڑی بیورن بورگ آئندہ بین الاقوامی مقابلوں کے سلسلے میں پاکستان کا دورہ کریں گے، جو 26 اپریل سے 10 مئی 2026 تک پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس میں منعقد ہوں گے۔ ان مقابلوں میں دنیا بھر سے 200 سے زائد کھلاڑی شرکت کریں گے جس سے یہ ایونٹ پاکستان میں ہونے والے اہم ترین ٹینس مقابلوں میں شامل ہو جائے گا۔ بیورن بورگ کو ٹینس کی تاریخ کے عظیم ترین کھلاڑیوں میں شمار کیا جاتا ہے، انہوں نے 11 بڑے عالمی اعزازات اپنے نام کیے، جن میں 6 فرنچ اوپن اور مسلسل 5 ومبلڈن ٹائٹل شامل ہیں۔ ان کی پاکستان آمد کو ملکی ٹینس کے لیے ایک بڑا اعزاز قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ اہم دورہ ماضی میں عالمی شہرت یافتہ شخصیات کے دوروں کا تسلسل ہے، جن میں باکسنگ کے عظیم کھلاڑی محمد علی بھی شامل ہیں۔ پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر اعصام الحق قریشی نے کہا کہ حکومت پاکستان وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں عالمی سطح پر ملک کے مثبت تشخص کو مضبوط بنا رہی ہے، جس کے باعث بین الاقوامی شخصیات کی پاکستان آمد میں اضافہ ہو رہا ہے۔

پاکستان کی بوائز اور گرلز انڈر 12 ٹیمیں آئی ٹی ایف ایشیا 12 اینڈ انڈر ٹیم مقابلہ میں شرکت کیلئے روانہ

کھٹمنڈو (این این آئی) پاکستان ٹینس فیڈریشن (پی ٹی ایف) نے کہا ہے کہ پاکستان کی بوائز اور گرلز انڈر 12 ٹیمیں آئی ٹی ایف ایشیا 12 اینڈ انڈر ٹیم مقابلہ میں شرکت کے لیے روانہ ہو گئی ہیں، جو 11 سے 18 اپریل 2026 تک کھٹمنڈو میں منعقد ہوگا۔ اس ایونٹ میں جنوبی ایشیائی ممالک کی ٹیمیں شرکت کریں گی، جو نوجوان کھلاڑیوں کو علاقائی سطح پر مقابلہ کرنے اور بین الاقوامی تجربہ حاصل کرنے کا بہترین موقع فراہم کرے گا۔ پاکستان بوائز ٹیم میں محمد آیان، محمد فیضان، محمد ابراہیم حسین گل اور کپتان ہیرا عاشق شامل ہیں جبکہ پاکستان گرلز ٹیم میں شہو عمر، شیرین عمر، وجیہہ فاطمہ اور کپتان زوہا عاصم شامل ہیں۔

لاہور، سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام کرکٹ ٹرائلز گریڈ ٹو میں کھلاڑی ٹرائلز دے رہے ہیں

بابر اعظم نے کوہلی اور گیل کا ٹی ٹوئنٹی میں عالمی ریکارڈ برابر کر دیا

بابر اعظم نے سنچری پارٹنرشپ بنا کر ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں سب سے زیادہ مرتبہ سنچری پارٹنرشپ میں شامل ہونے والے کھلاڑی بن گئے

بابر اعظم نے کوشال مینڈس کے ساتھ دوسری وکٹ پر 109 رنز کی پارٹنرشپ بنائی جو مجموعی طور پر ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں بابر اعظم 46 ویں سنچری پارٹنرشپ ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں ویرات کوہلی اور کرس گیل کا پارٹنرشپ سے متعلق عالمی ریکارڈ برابر کر دیا۔ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 میں لاہور قلندرز کے خلاف میچ میں بابر اعظم نے سنچری پارٹنرشپ بنا کر ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں سب سے زیادہ مرتبہ سنچری پارٹنرشپ میں شامل ہونے والے کھلاڑی بن گئے۔ بابر اعظم نے کوشال مینڈس کے ساتھ دوسری وکٹ پر 109 رنز کی پارٹنرشپ بنائی جو مجموعی طور پر ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں بابر اعظم 46 ویں سنچری پارٹنرشپ ہے۔ خیال رہے کہ بھارت کے ویرات کوہلی اور ویسٹ انڈیز کے کرس گیل بھی مختلف بیٹرز کے ساتھ 46 مرتبہ سنچری پارٹنرشپس بنانے والے کھلاڑی ہیں۔ واضح رہے کہ کرس گیل نے 455 اور ویرات کوہلی نے 400 ٹی ٹوئنٹی اننگز میں 46 سنچری شراکتیں بنائیں جبکہ بابر اعظم نے 339 اننگز میں 46 ویں سنچری شراکت کا سنگ میل عبور کیا۔ دوسری جانب بابر اعظم نے پی ایس ایل میں اپنے 4000 رنز بھی مکمل کر لیے، وہ یہ سنگ میل عبور کرنے والے پہلے کھلاڑی ہیں۔

قلات، پولیو مہم آغاز، 30694 بچوں کو قطرے پلانے ہدف

مہم میں 6 سے 59 ماہ بچوں کو وٹامن اے قطرے بھی پلائے جائیں گے

ڈپٹی کمشنر کی ٹیموں کو سخت ہدایات، کوئی گھر یا علاقہ نظرانداز نہ کیا جائے

قلات (خ ن) ضلع قلات میں 13 تا 16 اپریل 2026 چار روزہ پولیو مہم کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ان کے ساتھ ڈی ایچ او قلات، ڈاکٹر انجم ضیاء، ڈبلیو ایچ او سے ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر قلات، ڈاکٹر تجمل، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی، مجیب بلوچ و دیگر اسٹاف موجود رہے۔ ضلعی ناظم صحت قلات نے ڈپٹی کمشنر صاحب کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس بار پولیو مہم میں گھروں میں بچوں کو پولیو پلانے کا ٹارگٹ 30694 ہے اور دیگر متوقع کور ہجز جیسا کہ ٹرانزٹ پوائنٹس، مہمان بچے اور خانہ بدوش ملا کے تقریباً 2000 کے قریب اہداف ہو سکتے ہیں۔ ضلعی ناظم صحت نے مزید بتایا کہ ہماری ٹیم کی ٹریننگ مکمل ہو گئی ہیں اور بروز ہفتہ یو سی ایم اوز کو ویکسین و دیگر لاجسٹک دیا جائے گا۔ اس بار پولیو قطروں کے ساتھ 6 تا 59 ماہ کے بچوں کو وٹامن اے کے قطرے بھی پلائی جائیں گے جو بچوں کی قوت مدافعت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے افتتاحی تقریب کے موقع پر تمام یو سی ایم اوز، ایریا انچارجز اور فرنٹ لائن ورکرز کے لئے ڈائریکٹیو دیتے ہوئے بتایا کہ یہ تمام لوگ اپنا کام محنت اور ایمانداری سے کریں دوران پولیو مہم کوئی گھر اور کوئی ایریا نظر انداز نہ کریں اور صحیح طریقے سے ٹیلی شیٹس، ڈور مارکنگز، زیرو ڈوز اور این ایز ریکارڈ کریں اور انہیں اسی دن زیادہ سے زیادہ کور کرنے کی کوشش کریں۔ اسکے ساتھ انہوں نے تمام ہیلتھ کنٹرول آفیسرز و لائن ڈیپارٹمنٹ آفیسرز کو سختی سے ہدایات دی ہیں کہ وہ فیلڈ میں اچھا ٹائم دیں، ٹیموں کو چیک کریں اور روزانہ کم سے کم 35 سے 40 گھروں پر مشتمل مختلف ایریاز سے کلسٹرز لیں تاکہ ٹیموں کی کارکردگی و کمپین کوالٹی کا پتہ چلے۔ ڈپٹی کمشنر قلات نے قلات و خالق آباد کی عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ وہ گھر گھر آنے والی پولیو ٹیمز سے تعاون کریں

دالبندین، محبوب ملنگ اور حاجی عبداللہ جان ہوٹل کا افتتاح کر رہے ہیں

دکی، مدارس رجسٹریشن اجلاس، غیر قانونی مدارس کارروائی کا فیصلہ

ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان کی زیر صدارت اہم اجلاس، مدارس نمائندگان شریک ہوئے

حکومتی پالیسی پر مکمل عملدرآمد اور ضلعی انتظامیہ سے تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی

دکی (خ ن) حکومت بلوچستان کی جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان کی زیر صدارت ایک اہم اور تفصیلی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے تمام مدارس کے مہتمم و ناظمین نے شرکت کی۔ اجلاس میں مدارس کی رجسٹریشن کے عمل، نظم و ضبط، اور سرکاری پالیسیوں پر عملدرآمد کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام غیر رجسٹرڈ مدارس فوری طور پر اپنی رجسٹریشن مکمل کریں، بصورت دیگر ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ تمام مدارس اپنے زیر تعلیم طلباء اور تدریسی عملے کا مکمل اور مستند ڈیٹا مرتب کریں، خصوصاً افغان طلباء اور اساتذہ کی تفصیلات بشمول شناختی کوائف، رہائشی معلومات اور دیگر ضروری ریکارڈ ضلعی انتظامیہ کو فراہم کیا جائے تاکہ ایک جامع ڈیٹا بیس تیار کیا جا سکے۔ اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ حکومت بلوچستان کی پالیسی کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں، لہٰذا مدارس اس ضمن میں ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

مسلم باغ، تجاوزات کے خلاف کارروائی، تجاوزات ہٹا دیے گئے

مسلم باغ (خ ن) آج اسسٹنٹ کمشنر مسلم باغ وھیرج کالرا نے ہمراہ نائب تحصیلدار عبدالسلیم نسائی بازار کا دورہ کیا، جہاں تجاوزات کے خلاف باقاعدہ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران نیشنل ہائی وے N-50 کے 110 فٹ کے حدود میں قائم ایسے تمام غیر قانونی تجاوزات ہٹا دیے گئے جو ٹریفک کی روانی، عوام الناس کیلئے باعث تکلیف، زحمت اور حادثات کے موجب بن رہے تھے۔ دوکانداروں کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ وہ سرکاری احکامات کی پابندی کرتے ہوئے غیر قانونی تجاوزات کے قیام سے گریز کریں۔

میر سلیم احمد خان کھوسہ کا سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار

نصیر آباد (خ ن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے سابق گورنر پنجاب اور کھوسہ قوم کے چیف سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ اپنے تعزیتی بیان میں میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ چیف سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے انتقال کی خبر سن کر دلی صدمہ پہنچا۔ ان کی وفات سے نہ صرف کھوسہ قوم بلکہ ملکی سیاست اور عوامی خدمت کے میدان میں ایک بڑا خلا پیدا ہو گیا ہے جو مدتوں تک پُر نہیں ہو سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک انتہائی شریف النفس، باوقار اور اصول پسند شخصیت کے مالک تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی عوامی خدمت اور علاقے کی ترقی کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ ایک مدبر اور زیرک سیاستدان تھے جنہوں نے اپنی سیاسی زندگی میں ہمیشہ عوام کے مسائل کے حل کے لیے آواز بلند کی۔ بطور گورنر پنجاب اور ایک سینئر سیاسی رہنما انہوں نے صوبے اور ملک کی خدمت میں نمایاں کردار ادا کیا۔ ان کی سیاسی و سماجی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرحوم کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا آسانی سے پُر نہیں ہو سکے گا اور ان کی کمی ہمیشہ محسوس کی جائے گی

محبوب ملنگ نے لندن روڈ نیو بس ٹرمینل چوک پر دکان افتتاح کیا

دالبندین (نمائندہ مشرق) دالبندین کے سادہ لوح ملنگ و دعا گو، درویش محبوب ملنگ نے لندن روڈ نیو بس ٹرمینل چوک پر واقع مزیدار کباب اینڈ بریانی سینٹر کا ربن کاٹ کر باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر حاجی عبداللہ جان کاکڑ، حاجی عبدالواحد کاکڑ، ممتاز ٹرانسپورٹر حاجی علی دوست نوتانی زئی، بابائے چاغی چینل کے سینئر رہنما ملک خلیل نوتیزئی، اسداللہ خان کاکڑ، محمد جان کاکڑ، خان چینل کے سینئر رہنما، وسابقہ کونسلر ملک محمد ادریس نوتیزئی، سماجی رہنما، ملک مجید جتاب شکر زئی، ملک لونگ خان کیچارزئی، حفیظ اللہ مینگل، استاد عبداللہ مینگل، صدام حسین نوتیزئی، استاد عبدالواحد سالانی سمیت شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر دعا گو محبوب ملنگ، حاجی علی دوست نوتانی زئی اور دیگر نے دلپسند مزیدار کباب اینڈ بریانی سینٹر دالبندین کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری بس ٹرمینل کے قریب دلپسند مزیدار کباب اینڈ بریانی سینٹر کے قیام سے مسافروں اور عام شہریوں کو اچھے اور لذیذ کھانے بمعہ کولڈ ڈرنک ستے ملیں گے۔

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مکان نمبر 207/126-B جناح ٹاؤن کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق مسمی شاہد احمد ولد نزیر احمد کی ملکیت ہے اور مسمی پشتون درانی ولد خان زلمی خان اس کا اٹارنی ہولڈر ہے۔ اب مذکورہ جائیداد کو بذریعہ گفٹ ڈیڈ مسمی روبینہ زلمی زوجہ خان زلمی خان منتقل کرنے کیلئے درخواست دفتر ہذا میں جمع کروائی ہے لہٰذا اس پراپرٹی کے بارے میں کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے۔ معیاد گزرنے کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئی اعتراض قبول نہیں کریگا

المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر کوئٹہ چھاؤنی

62963

ہرنائی، ڈپٹی کمشنر کا ہسپتال کا دورہ، طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ

ڈی ایچ کیو ہرنائی میں جدید ای سی جی یونٹ کا ڈپٹی کمشنر نے معائنہ کیا

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، ڈی ایچ او اور دیگر اعلیٰ حکام بھی دورے میں شریک رہے

ایم ایس ڈاکٹر سیف اللہ مری نے ہسپتال کی بہتری اور اصلاحات پر تفصیلی بریفنگ دی

ہرنائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال (DHQ) کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے حال ہی میں فعال کیے گئے جدید ای سی جی یونٹ کا معائنہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے، جبکہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نے ہسپتال کی مجموعی کارکردگی اور حالیہ اصلاحات پر مفصل بریفنگ دی۔ دورے کے دوران میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سیف اللہ خان مری نے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چارج سنبھالنے کے بعد ہسپتال کی حالت زار بہتر بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ خواتین مریضوں کی سہولت کے لیے فی میل وارڈ کو الگ کر کے زچہ بچہ سینٹر (Labor Room) کو 24 گھنٹے فعال کر دیا گیا ہے۔ ایم ایس نے مزید تفصیلات فراہم کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں ڈینٹل یونٹ کو جدید طبی آلات سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ڈائیلاسز یونٹ، آئی سی یو (ICU) اور آپریشن تھیٹرز کو بھی مکمل طور پر فنکشنل کر دیا گیا ہے۔ مریضوں کی منتقلی کے لیے ایمبولینس سروس کو بھی 24 گھنٹے الرٹ کر دیا گیا ہے تاکہ ہنگامی صورتحال میں بروقت امداد فراہم کی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی نے ای سی جی یونٹ سمیت دیگر شعبوں کی فعالی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے عملے کی حاضری کے رجسٹر اور ڈیوٹی روسٹر کا معائنہ کرتے ہوئے ہدایت کی کہ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی 24 گھنٹے موجودگی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے میڈیسن اسٹور کے معائنے کے دوران اس بات پر زور دیا کہ ہسپتال میں ادویات کے کوٹے کو مزید بڑھایا جائے تاکہ غریب اور نادار مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے۔ ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال ہرنائی میں طویل عرصے سے غیر فعال شعبوں کی بحالی اور جدید مشینری کی تنصیب کو عوامی حلقوں نے خوش آئند قرار دیا ہے۔ ہرنائی کے عوامی و سماجی حلقوں کی جانب سے ایم ایس ڈاکٹر سیف اللہ خان مری کی انتظامی صلاحیتوں اور ہسپتال کی بہتری کے لیے اٹھائے گئے

نصیر آباد، پیٹرولیم قیمتوں میں کمی، عوام کا خیر مقدم

وزیر اعظم کے فیصلے سے مہنگائی سے متاثرہ عوام کو فوری ریلیف ملنے کی امید

ٹرانسپورٹرز سے کرایوں میں کمی کا مطالبہ، مسافروں پر مالی بوجھ کم کیا جائے

نصیر آباد (نامہ نگار) وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے اعلان کو نصیر آباد کے عوامی حلقوں نے ایک مثبت اور اچھا اقدام قرار دیا ہے جس سے مہنگائی سے ستائے ہوئے عوام کو کچھ ریلیف فراہم ہوگا مزید پیٹرولیم مصنوعات میں کمی کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا ٹرانسپورٹرز بھی کرایوں میں کمی کرے مسافروں سے بھاری کرایہ وصول کیا جاتا ہے جو کہ عوام کے بس کی بات نہیں ہے لہٰذا کرایوں میں کمی کی جائے۔ متحدہ قومی موومنٹ کے صوبائی سینئر نائب صدر امداد حسین مری، مجلس وحدت المسلمین کے صوبائی جنرل سیکرٹری سید عبدالقادر شاہ، سید بہار علی شاہ، معروف سکندر اعظم علی جمالی، گل میر جمالی، جوہر ہنگورجی سمیت دیگر رہنماؤں نے صحافیوں کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے دباؤ میں پسے ہوئے شہریوں نے اس فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے عام آدمی کو کافی حد تک ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی سے نہ صرف ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی ہوگی بلکہ اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری طبقے اس سے معاشی سرگرمیوں میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ایسے اقدامات تسلسل کے ساتھ کیے جائیں تو معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے انہوں نے نے وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف سے امید ظاہر کی کہ وہ مستقبل میں بھی عوامی فلاح کے لیے ایسے فیصلے کرتے رہیں گے تاکہ عام آدمی کی مشکلات میں مزید کمی لائی جا سکے

بعدالت اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم تحصیلدار فرید آباد ضلع صحبت پور

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عنوان بالا میں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی اعتبار خان ولد نبی بخش قوم کھوسہ ساکن جھنڈا شریف نے پیش ہو کر استدعا کی کہ ان کے والد نبی بخش ولد مدد خان قوم کھوسہ عرصہ دراز سے فوت ہو چکے ہیں متوفی کی زرعی اراضی دیہہ رپا کھاتہ نمبر 28 رقبہ تعدادی 49/10 ریونیو ریکارڈ میں اندراج شدہ ہے متوفی کے ورثاء سے متعلق سیکرٹری یونین کونسل گہری نے تصدیقی سرٹیفکیٹ جاری کیا جس کے مطابق متوفی کے جائز ورثاء میں 1۔ اعتبار خان 2۔ بزار خان 3۔ دولت خان پسران 4۔ بست بی بی 5۔ روشن بی بی 6۔ نور جہان 7۔ وزیراں دختران نبی بخش ہیں ان کے علاوہ متوفی کا کوئی جائز وارث نہیں لہٰذا متوفی کی زرعی اراضی انتقال کرنا مقصود ہے کسی کو بھی اس ضمن میں کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض ہو تو وہ اس اشتہار کے اشاعت کے سات یوم کے اندر اندر زیر دستخطی کے پاس حاضر ہو کر اپنا اعتراض داخل کریں بصورت دیگر مذکورہ اراضی جائز ورثاء کے نام منتقل اور درج رجسٹر کیا جائے گا جس کے بعد کسی قسم کا کوئی عذر قابل قبول تصور نہیں ہوگا آج میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

DAY نمائندہ

حالیہ بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال پر قابو پا لیا گیا

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کے احکامات اور چیئرمین میونسپل کمیٹی طاہر خان ناصر جبکہ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محب اللہ بلوچ کی خصوصی ہدایات پر حالیہ بارشوں کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال پر بروقت قابو پا لیا گیا ہے۔ شہر میں ندی نالوں کی صفائی، کچرے کی بروقت اٹھان اور سڑکوں پر جھاڑو کے عمل کو تیز کر دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔ میونسپل کمیٹی کا عملہ شہر کے مختلف زونز میں متحرک ہے اور مسلسل صفائی کے کام انجام دے رہا ہے۔ اس سلسلے میں کاشف زون کے پہاڑی محلہ ڈاکخانہ گلی میں نالیوں کی صفائی اور کچرے کی نکاسی کی گئی، جبکہ باران زون میں سپلائی گودام کے اطراف صفائی مہم جاری رہی۔

وائس آف صحبت پور فاؤنڈیشن کی جانب سے معذور افراد میں ویل چیئرز تقسیم

حیردین (اے این این) وائس آف صحبت پور فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام معذور افراد میں ویل چیئرز کی تقسیم کے لیے ایک باوقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خاص سابق صوبائی وزیر میر اظہار حسین خان کھوسہ، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما میر احمد نواز کھوسہ جبکہ مہمان خصوصی میر عبدالحق کھوسہ تھے۔ تقریب میں اسٹیج سیکریٹری کے فرائض محمد بقا گولہ نے نہایت احسن انداز میں سرانجام دیے۔ اس موقع پر سیاسی و سماجی شخصیات میر اختر خان کھوسہ، سائیں داد کنرانی، برکت علی منگی، ڈاکٹر حسین ناوڑ، عبدالعزیز گولہ، محمد نصیب کھوسہ، عبدالرشید بہرانی، محمد رفیق کھوسہ و دیگر بھی موجود تھے۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے فلاحی اقدام کو سراہا اور کہا کہ یہ کاوش معذور افراد کے لیے نہ صرف سہارا بلکہ امید کی کرن ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انسانیت کی خدمت کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

پدگ چھتر بنیادی سہولتوں سے محروم ہے، بابل جان محمد حسنی

بجلی پانی اور تعلیم کی سہولتیں نہ ہونے سے عوام شدید مشکلات کا شکار ہے

نوجوان بے روزگار، ڈگریاں ہونے کے باوجود روزگار کے مواقع دستیاب نہیں

دالبندین (نمائندہ مشرق) دالبندین کے سماجی و قبائلی رہنما بابل جان محمد حسنی نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ یونین کونسل پدگ کے عوام زندگی کے تمام بنیادی سہولتوں سے اس جدید ٹیکنالوجی دور میں بھی محروم ہے علاقے میں نہ بجلی ہے نہ پانی اور نہ تعلیم کے حوالے سے سکول ہے پورے یونین کونسل پدگ میں صرف ایک ہائیر سیکنڈری سکول جو چھتر کے علاقے کلی مجیب خان میں ہے وہ بھی تمام سہولتوں سے آج تک محروم ہے ہائیر سیکنڈری کا ایک ٹیچر بھی نہیں ہے بجلی کے حوالے سے کھمبے گھروں کے سامنے سے گزر رہے ہیں مگر چھتر کے عوام بجلی جیسی نعمت سے محروم ہے پانی کا بھی مسئلہ ہے انہوں نے کہا کہ جب پاکستان نے چھتر کے مقام پر 28 مئی 1998ء کو ایٹمی ملک بنایا مگر آج تک یونین کونسل پدگ چھتر کے عوام زندگی کے تمام سہولتوں سے محروم ہے حکمرانوں نے عوام کو مایوسی کے سوا کچھ بھی نہیں دیا انٹرنیٹ کے حوالے سے بھی چھتر کے عوام محروم ہے عوام نے اتنی قربانی اپنے ملک کے دیا ہے مگر مسائل حل کرنے والا کوئی نہیں ہے صحت کے حوالے سے ہسپتال چھتر میں بنائی گئی ہے مگر تا حال فعال نہیں ہے آخر عوام کہاں جائے؟ اپنی فریاد کس تک پہنچا دے روزگار کے حوالے تعلیم یافتہ نوجوان ڈگریاں ہاتھ میں ہے اور نوکریوں کے لیے پریشان ہے ہم عوامی نمائندوں حکومت بلوچستان سے اپیل کرتے ہے کہ یونین کونسل پدگ چھتر کے عوام کی بنیادی سہولتیں مہیا کیا جا سکے

کمشنر صلاح الدین نورزئی کا ربیع فصلوں کی گرداوری کا جائزہ

ریونیو عملے کی فیلڈ بک اور گرداوری رپورٹوں کا موقع پر تفصیلی معائنہ کیا گیا

ڈپٹی کمشنرز کو ریونیو عملے کی مسلسل نگرانی اور کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت دی گئی

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے گرین بیلٹ کے اضلاع جعفر آباد اور استا محمد میں ربیع سیزن کی تیار فصلوں کی گرداوری کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس دوران محکمہ ریونیو کے عملہ مال کی جانب سے گرداوری کی رپورٹ اور فیلڈ بک کا موقع پہ جا کر جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت دی کہ زرعی پیداوار کی گرداوری کا عمل میں ریونیو عملہ کے کام کی مسلسل نگرانی جاری رکھیں، تاکہ عشر، آبیانہ اور زرعی انکم ٹیکس کی مد میں واجبات کی بروقت وصولی ممکن بنائی جا سکے۔ کمشنر نصیر آباد نے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کے ہمراہ سرکل بابھی محبت پور کے موضع وڈو میں فصلات کا معائنہ کیا جہاں صدر قانون گو عبدالمنان کے اب تک کے کام کا جائزہ لیا گیا۔ بعد ازاں ضلع استا محمد میں ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کے ہمراہ موضع خان پور، صدر استا محمد اور موضع خیر پور کا دورہ کیا اور ربیع سیزن کی فصلوں کی پیداوار کا جائزہ لیا، اس موقع پر صدر قانون گو گامن خان بوہڑ نے ضلع میں زیر کاشت رقبہ، پیداوار اور غیر آباد اراضی کے حوالے سے مکمل آگاہی فراہم کی جبکہ کمشنر کے سپرنٹنڈنٹ بابو عبدالصمد کھوسہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ حکومت کاشتکاروں کے مفاد کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور گرین بیلٹ میں زرعی پانی کی فراہمی کے باعث اس سال فصلات کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے

آسامیاں خالی ہیں

فکسڈ کمیونیکیشن سگنل کمپنی کوئٹہ کینٹ کے لئے مندرجہ ذیل آسامی عارضی بنیاد پر (بعد ازاں مستقل تقرری) کے لیے مرد افراد کی درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	تعداد آسامی	عمر کی حد / تعلیمی قابلیت	اہلیت
1.	نائب قاصد (BPS-1)	1 (بلوچستان)	18-30 سال (میٹرک مڈل)	ترجیحاً کسی بھی سرکاری / نیم سرکاری ادارے میں کام کرنے کا تجربہ رکھنے والے افراد کو ترجیح دی جائے گی۔

شرائط:

(1) عمر کی حد میں چھوٹ (الف) ریٹائرڈ فوجی۔ حد عمر 45 سال (ب) سویلین۔ سرکاری / نیم سرکاری ادارے میں کم از کم 2 سال کی ملازمت یا حد عمر 32 سال

(2) خواہش مند حضرات اپنی درخواستیں مندرجہ ذیل دستاویزات کے ساتھ مصدقہ نقول اور مبلغ 500 روپے کے ناقابل واپسی پے آرڈر یا پوسٹل آرڈر بنام OC FCSC Quetta Cantt کو مورخہ 12 مئی 2026 تک ارسال کی جائیں (50 روپے یا اس سے کم والے پوسٹل آرڈر قبول نہیں ہوں گے)۔

(الف) تمام تعلیمی اسناد بمعہ ڈومیسائل اور شناختی کارڈ کی 2 عدد فوٹو کاپیاں) (ب) سرٹیفکیٹ برائے تجربہ

(ج) جوابی لفافہ بمعہ ٹیلی فون نمبر (د) 4 عدد پاسپورٹ سائز فوٹوز

(3) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں قابل قبول نہیں ہوں گی۔

(4) سلیکشن بورڈ کو کوئی بھی وجہ بتائے بغیر آسامیاں مسترد کرنے کا اختیار ہوگا۔

(5) نامزد امیدواروں کا انٹری ٹیسٹ اور انٹرویو مورخہ 20 مئی 2026 کو فکسڈ کمیونیکیشن سگنل کمپنی کوئٹہ کینٹ میں بوقت صبح 10:00 بجے ہوگا۔

(6) ٹیسٹ اور انٹرویو کے لئے آنے والے امیدواروں کو کوئی ٹی اے / ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔

فکسڈ کمیونیکیشن سگنل کمپنی کوئٹہ کینٹ

رابطہ نمبرز: 081-2823334, 0343-5712029 & 0305-8308580

بقیہ 1 سعودی وزارت دفاع

ے کے تحت مشرقی علاقے میں واقع کنگ عبدالعزیز ایئربیس پہنچ گیا ہے۔یاد رہے کہ گزشتہ برس ستمبر میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تاریخی اسٹریٹجک دفاعی معاہدہ طے پایا تھا، جس کے تحت پاکستان کو حرمین الشریفین کی حفاظت کی ذمہ داری مل گئی ہے۔وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل عاصم منیر سمیت اعلیٰ پاکستانی وفد سعودی عرب پہنچا تھا اور دونوں ممالک کے سربراہان نے دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے۔پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان طے پانے والے اس معاہدے کی ایک اہم شق ہے کہ کسی قسم کا بیرونی مسلح حملہ دونوں ممالک پر حملہ تصور ہوگا اور جارحیت کی صورت میں دونوں ممالک دشمن کو مشترکہ طور پر بھرپور جواب دیں گے۔اسی طرح مشترکہ دفاع کی صورت میں دونوں ممالک کسی بھی خطرے کو مل کر دیکھیں گے اور ایک ملک کی طاقت کو دوسرے ملک کے لیے استعمال کیا جائے گا۔واضح رہے کہ پاکستانی فوجی دستے کی سعودی عرب میں باقاعدہ تعیناتی ایک ایسے موقع پر ہوئی ہے جب خطے میں ایران پر امریکا اور اسرائیل کے حملوں کے بعد کشیدگی کی صورت حال ہے اور سعودی عرب کے مختلف مقامات پر ایران کی جانب سے حملے کیے جاچکے ہیں۔سعودی عرب اور خطے کے دیگر ممالک اس جنگ سے براہ راست متاثر ہوئے ہیں اور آئل فیلڈز پر حملوں سمیت آبنائے ہرمز کی بندش سے معیشت پر بھی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔دوسری جانب پاکستان کی میزبانی میں ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی معاہدے پر مذاکرات ہو رہے ہیں، جس کے لیے دونوں ممالک کے اعلیٰ سطح کے وفود دارالحکومت اسلام آباد میں موجود ہیں۔دریں اثنا، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید فروغ دینے پر اتفاق ہوگیا، دونوں ممالک میں تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو وسعت دینے پر بھی اتفاق ہوا ہے۔یہ اتفاق وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی وزیر خزانہ کی ملاقات میں ہوا جو وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوئی۔اعلامیہ کے مطابق ایک روزہ دورے پر آئے سعودی وزیرخزانہ کی وفد کے ہمراہ وزیراعظم سے ملاقات ہوئی جس میں شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد محمد بن سلمان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔وزیراعظم نے حالیہ ٹیلیفونک گفتگو کا ذکر کرتے ہوئے ولی عہد محمد بن سلمان کی پاکستان سے محبت کو سراہا اور پاکستان و سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔اعلامیہ میں کہا گیا کہ سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کی معاشی و مالی معاونت کو وزیراعظم نے سراہا، سعودی تعاون پاکستان کی معاشی استحکام میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔اس موقع پر دونوں ممالک میں تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ہر مشکل گھڑی میں سعودی عرب کے ساتھ کھڑا رہا ہے، پاک سعودی تعلقات باہمی اعتماد اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں۔اعلامیہ میں کہا گیا کہ ولی عہد محمد بن سلمان کے وژن کے مطابق اقتصادی تعاون بڑھانے پر زور دیا گیا، ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے شرکت کی۔پاکستان نے سعودی عرب کے ساتھ ہر سطح پر تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا، سعودی وفد نے پاکستان کے ساتھ اقتصادی روابط بڑھانے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔وزیراعظم آفس میں ہوئی ملاقات کے اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاک سعودی دوستی وقت کے ساتھ مزید مستحکم ہو رہی ہے، دونوں ممالک نے خطے میں امن کے لیے مشترکہ کوششوں پر تبادلہ خیال بھی کیا۔

بقیہ 2 آگاہ کیا گیا

سراہتے ہوئے کہا کہ یہ مذاکرات خطے میں پائیدار اور دیرپا امن کی جانب ایک اہم پیشرفت ثابت ہوسکتے ہیں۔شہباز شریف نے کہا کہ امید ہے مذاکرات دونوں اطراف کے درمیان اعتماد اور تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان خطے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔وائٹ ہاؤس کی جانب سے بھی امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی وزیراعظم پاکستان شہباز شریف سے ملاقات کی تصدیق کی گئی ہے۔تفصیلات کے مطابق۔اسلام آباد میں ہونیوالے ایران اور امریکہ کے اعلیٰ حکام کے مذاکرات میں دونوں ممالک کے وفود نے تحریری دستاویزات کا تبادلہ کیا، بات چیت ہونیوالے دو دور کے دوران دونوں ممالک کے وفود اپنی اپنی حکومتوں کیساتھ رابطے میں رہے اور مذاکرات کے حوالے سے آگاہی فراہم کرتے رہے، دونوں ممالک کی جانب سے ٹیکنیکل مذاکرات کے دوران مصالحت کی کوششیں جاری رہیں۔ممکنہ طور پر بات چیت کا ایک اور دور ہوگا، اسلام آباد میں نمائندے نے ہفتے کی رات کہا تھا کہ آمنے سامنے مذاکرات کا ایک مرحلہ ختم ہوگیا ہے، یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ دونوں وفود متن کا تبادلہ کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ ایرانی اور امریکی مذاکراتی وفود کی ماہرین کی ٹیمیں جو ہفتے کے روز کئی گھنٹوں تک بات چیت میں مصروف تھیں، ذاتی بات چیت کے ایک مرحلے کو ختم کرنے کے بعد، زیر بحث موضوعات پر تحریری متن کا تبادلہ کر رہی تھیں۔دوسری جانب۔ایرانی وفد نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان خطے میں امن واستحکام کے لیے ثالث کے طور پر اپنا مخلصانہ کردار ادا کرتا رہے گا۔ترجمان وزیراعظم آفس کے مطابق ایرانی وفد کی قیادت ایران کی مشاورتی اسمبلی کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کی جب کہ وفد کی معاونت وزیرخارجہ عباس عراقچی نے کی۔اعلامیے کے مطابق ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر داخلہ محسن نقوی بھی موجود تھے۔اعلامیے کے مطابق ملاقات میں عالمی اور علاقائی امن کی صورتحال پر بھی غور کیا گیا، وزیراعظم نے اسلام آباد مذاکرات میں ایرانی وفد کی شرکت کو سراہا۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان خطے میں امن واستحکام کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا، وزیراعظم نے خلوص نیت کے ساتھ اپنا کردار ایک ثالث کے طور پر جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔وزیراعظم نے علاقائی، عالمی امن واستحکام کے مفاد میں بامقصد نتائج کے لیے پیش رفت تیز کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان خلوص نیت کے ساتھ خطے میں امن واستحکام کے لیے ثالث کے طور پر اپنا مخلصانہ کردار ادا کرتا رہیگا۔ان کا کہنا تھا کہ بامعنی نتائج حاصل کرنے کے لیے پاکستان اپنا کردار ادا کرتا رہیگا۔

بقیہ 3 اقوام متحدہ

دوجارک کے مطابق سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا کہ وہ اس سفارتی موقع کو ایک اہم پیش رفت سمجھتے ہیں اور فریقین پر زور دیتے ہیں کہ وہ اسے ضائع نہ کریں اور تعمیری انداز میں مذاکرات کریں تاکہ دیرپا اور جامع معاہدہ ممکن ہوسکے۔

بقیہ 4 دعویٰ جھوٹا

سختی سے مسترد کردیا۔عالمی خبررساں ادارے کے مطابق ایرانی فوج کے مرکزی ہیڈکوارٹر خاتم الانبیا کے ترجمان نے اپنے بیان میں کہا کہ امریکی سینٹرل کمانڈ کے کمانڈر کا یہ دعویٰ جھوٹ پر مبنی ہے۔ایرانی کمانڈر نے امریکی جہاز کے آبنائے ہرمز میں داخل ہونے کے دعوے کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی بحری جہاز کی نقل وحرکت اور گزرگاہ کا اختیار ایران کی مسلح افواج کے ہاتھ میں ہے۔یاد رہے کہ چند گھنٹوں قبل امریکی سینٹرل کمانڈ سینٹکام نے دعویٰ کیا تھا کہ اس کے دو جنگی جہازوں نے آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگیں ہٹانے اور ایک محفوظ راستہ تیار کرنے کے مشن میں حصہ لیا۔

بقیہ 5 ایرانی سپریم لیڈر

کہا کہ ہم ہر نقصان کا ازالہ طلب کریں گے، آبنائے ہرمز کے انتظام کے حوالے سے نیا طریقہ کار اختیار کریں گے، بہادر ایرانی قوم، اس میدان جنگ میں فاتح ثابت ہوئے۔انہوں نے خبردار کیا کہ یہ متکبر طاقتیں کسی بھی موقع پر خطے کے ممالک کا استحصال کرنے اور انہیں ذلیل وشرمندہ کرنے سے گریز نہیں کریں گی۔

بقیہ 6 آمادہ ہوا

کی اور اسرائیلی ذرائع نے تحت فون کال قرار دیا۔اس کال کے فوراً بعد اسرائیل نے اعلان کیا کہ وہ لبنان کے ساتھ براہ راست جنگ بندی مذاکرات شروع کرے گا، نیتن یاہو کو یہ بات سمجھ آگئی کہ اگر وہ لبنان کے ساتھ براہ راست بات چیت نہ کرتے تو ٹرمپ خود ہی جنگ بندی کا اعلان کرسکتے تھے۔یہ بات ایسے وقت میں سامنے آئی جب ایک روز قبل امریکی صدر نے ایران کے ساتھ 2 ہفتے کی جنگ بندی کا اعلان کیا تھا اور امریکی موقف یہ تھا کہ اسرائیلی حملوں نے اس جنگ بندی کو کمزور کیا۔ٹرمپ نے نیتن یاہو سے کہا کہ وہ لبنان میں حزب اللہ کے خلاف حملوں میں کمی کریں کیونکہ بدھ کے روز اسرائیلی حملوں میں 303 افراد مارے گئے تھے۔بلومبرگ کے مطابق ٹرمپ نے نیتن یاہو کو صرف کچھ دیر پہلے آگاہ کیا تھا کہ لبنان کو جنگ بندی ڈیل میں شامل کیا جا رہا ہے۔ایک اسرائیلی ذریعے کے مطابق نیتن یاہو کو یہ سمجھ آگئی کہ اگر وہ لبنان سے براہ راست جنگ بندی بات چیت پر آمادہ نہ ہوئے تو ٹرمپ خود ہی جنگ بندی کا اعلان کرسکتے ہیں۔

بقیہ 7 وزریاں جاری

میں حکام کا اصرار ہے کہ صورتحال قابو میں ہے۔وفاقی دارالحکومت میں ایک نہایت اہم ذریعے کے ساتھ گفتگو کے دوران ایک براہ راست سوال کیا گیا جنگ بندی کی شرائط، بالخصوص لبنان کے معاملے اور دیگر مبینہ خلاف ورزیوں سے کے حوالے سے کیا ابہام ہے؟ جواب مختصر مگر معنی خیز تھا "الحمدللہ، اب سب کچھ ٹھیک ہے۔" ان مذاکرات کو، جن کیلئے واشنگٹن اور تہران سے اعلیٰ سطحی وفود اسلام آباد پہنچ رہے ہیں، ایک اہم سفارتی موقع کے طور پر دیکھا جا رہا ہے، جہاں پاکستان خود کو عالمی سطح پر امن کے ایک سہولت کار کے طور پر پیش کر رہا ہے۔

بقیہ 8 حنیف عباسی

پاکستان نے مؤثر اور مثبت کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ آج دنیا کی نظریں پاکستان پر مرکوز ہیں اور اسلام آباد عالمی امن مذاکرات کا مرکز بنتا جا رہا ہے۔پاکستان خطے میں امن، استحکام اور مکالمے کے فروغ کے لیے ایک مضبوط اور قابل اعتماد ملک کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔وفاقی وزیر کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی مدبرانہ قیادت میں پاکستان کو عالمی سطح پر غیر معمولی اعتماد اور پذیرائی حاصل ہوئی ہے، جبکہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بصیرت افروز اسٹریٹجک رہنمائی نے قومی سلامتی اور علاقائی استحکام کو نئی تقویت دی ہے۔

بقیہ 9 سرائیل

زیر استعمال سرنگیں اور میزائل لانچنگ پیڈز تباہ کر دیے ہیں۔دوسری جانب لبنان کے شہر نبطیہ پر اسرائیلی حملے میں لبنان کے 12 سکیورٹی اہلکار جاں بحق ہوگئے۔لبنانی میڈیا کے مطابق اسرائیلی طیاروں نے نبطیہ شہر کے جنوب میں شدید بمباری کی، اسرائیلی طیاروں نے سرکاری عمارت کو بھی نشانہ بنایا۔فرانسیسی خبر ایجنسی کے مطابق اسرائیلی حملوں کے مقامات پر آگ لگی ہوئی ہے۔

بقیہ 10 وزیرقانون

میں بھی رابطے میں ہیں، دونوں فریقین کوئی چیز فائنلائز کرنے سے پہلے اپنی قیادت سے بھی مشاورت کریں گے۔ان کا کہنا تھا کہ بادی النظر میں 10 اپریل کی تاریخ تھی اور ایک روزکی گفتگو کا اندازہ تھا، اگر ایگریمنٹ مثبت رہتی ہے تو بات کل پر بھی جاسکتی ہے۔

بقیہ 11 ورلڈ بینک

مزید بڑھتا ہے تو معاشی نقصانات کا اندازہ لگانا بھی مشکل ہوگا۔ان کے مطابق جنگ کے باعث عالمی ترقی کی شرح میں نمایاں کمی آسکتی ہے، جبکہ مہنگائی میں غیر معمولی اضافہ ہونے کا خدشہ ہے جو عام آدمی کی زندگی کو مزید مشکل بنادے گا۔ورلڈ بینک کے اعداد وشمار کے مطابق، اگر جنگ جلد ختم ہوجاتی ہے تب بھی عالمی ترقی کی شرح میں اعشاریہ تین سے اعشاریہ چار فیصد تک کمی آئے گی لیکن جنگ طویل ہونے کی صورت میں یہ کمی ایک فیصد تک جاسکتی ہے۔اسی طرح ترقی پذیر ممالک میں مہنگائی کی شرح جو پہلے تین فیصد رہنے کی توقع تھی، اب بڑھ کر تقریباً پانچ فیصد اور انتہائی صورتحال میں پونے سات فیصد تک پہنچ سکتی ہے۔اجے بنگا کا کہنا ہے کہ اس جنگ نے پہلے ہی تیل کی قیمتوں میں پچاس فیصد اضافہ کردیا ہے، جبکہ گیس، کھاد اور دیگر ضروری اشیاء کی ترسیل کے ساتھ ساتھ سیاحت اور فضائی سفر کو بھی بری طرح متاثر کیا ہے۔

بقیہ 12 اعلان ہوگیا

کمیشن نے 24 جنوری کو گلگت بلتستان میں عام انتخابات کا اعلان کیا تھا تاہم آل پارٹیز کانفرنس کی تجاویز پر عام انتخابات ملتوی کیے گئے تھے۔

بقیہ 13 فرانسیسی صدر

ہے۔ایمانوئیل میکرون نے کہا کہ اسلام آباد میں جنگ بندی مذاکرات کا آغاز پر دونوں رہنماؤں نے کشیدگی کو کم کرنے، جہاز رانی کی آزادی یقینی بنانے اور خطے میں دیرپا امن و استحکام کے لیے معاہدے تک پہنچنے کی کوششوں میں رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ایمانوئیل میکرون نے جنگ بندی کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ اس پر سختی سے عمل درآمد ہونا چاہیے اور اسے فوری طور پر لبنان تک توسیع دی جانی چاہیے۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کی مکمل، آزادانہ اور محفوظ بحالی انتہائی ضروری ہے۔

بقیہ 14 یقین دہانی

مکمل مالی تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرا دی۔وزارت خزانہ کے مطابق سعودی وزیرخزانہ محمد بن عبداللہ الجدعان کے دورہ پاکستان میں سعودی عرب سے 5 ارب ڈالر قرض اور آئل فنانسنگ سہولت میں توسیع کی درخواست کی گئی۔تیل سہولت مزید 5 سال بڑھانے کی تجویز بھی زیرغور آئی۔حکام وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ پاکستان کو رواں ماہ تقریباً 4 ارب 80 کروڑ ڈالر قرض کی ادائیگی کے دباؤ کا سامنا ہے۔ایک ارب 40 کروڑ ڈالر کے یورو بانڈ کی ادائیگی پہلے ہی کی جاچکی، ایسے میں زرمبادلہ ذخائر برقرار رکھنے کے لیے مزید مالی مدد ناگزیر ہے۔دونوں ممالک نے تجارت، سرمایہ کاری اور معیشت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا اور مضبوط برادرانہ تعلقات کی تجدید بھی کی گئی۔سعودی وزیرخزانہ نے وزیراعظم شہباز شریف سے بھی ملاقات کی جس میں اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی شریک تھے۔وزیراعظم نے شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور محمد بن سلمان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور سعودی قیادت کی جانب سے مسلسل مالی و اقتصادی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ملاقات میں دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا جبکہ تجارت، سرمایہ کاری اور معیشت میں تعاون بڑھانے پر زور دیا گیا

بھارت کو شکست کی بجائے ہمارا شکر گزار ہونا چاہیے، احسن اقبال

ہم نے بھارت سمیت پوری دنیا کو تباہی سے بچایا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی کوششوں سے ہمیں یہ عزت ملی

اگر آپ بارڈر سے ادھر نظر آئیں تو آپ کو دھواں اٹھتا نظر آئے گا، پڑوسی کوئلے کی طرح جل رہے ہیں، بیان

میر صادق سنجرانی سردار اسلم بزنجو سے ان کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

گوادر، محکمہ خوراک کے 17 گودام، 1 پولیس، 16 منشیات کے عادی افراد کے زیر استعمال

گوداموں کی حالت بہتر بنانے کیلئے وزیر اعلیٰ سے فنڈز مانگے تھے جو نہیں ملے، محکمہ

مولانا ہدایت الرحمان کی گوداموں کو اسکولز اور ہسپتالوں میں تبدیل کرنے کی تجویز

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع گوادر میں محکمہ خوراک کے 17 گودام میں سے ایک پولیس اور سولہ منشیات کے عادی افراد کے زیر استعمال ہونے کا انکشاف ہوا ہے، وزیر خوراک بلوچستان کا کہنا ہے کہ ہم نے گوداموں کی حالت بہتر بنانے کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے فنڈز مانگے تھے جو نہیں ملے جبکہ گوادر سے رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے ان گوداموں کو اسکولز اور ہسپتالوں میں تبدیل کرنے کی تجویز دی ہے، اس بات کا انکشاف بلوچستان .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ایوب خان مریانی کی شہزادہ حیات اللہ درانی سے ملاقات

چیمبر آف کامرس کے صدر دفتر آمد پر تپاک استقبال کیا

کوئٹہ (پ ر) چیمبر آف کامرس کوئٹہ کے صدر محمد ایوب خان مریانی سے یہاں چیمبر آف کامرس کے دفتر میں درانی قومی اتحاد پاکستان کے بانی (صدارتی ایوارڈ برائے حسن کارکردگی) اور برطانیہ میں کوئنگ لینڈ ایوارڈ حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی جبکہ پاکستان کینو اینڈ کا پاک فیڈریشن و چلغوزہ ایڈو نچرز ایسوسی بلوچستان کے بانی و سربراہ شہزادہ حیات اللہ خان (سدوزئی) درانی نے ملاقات کی اس موقع پر پاکستان میں کوئنگ کے کھیل .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرانسپورٹرز کا قلات، کوئٹہ اور قلات، خضدار کا کرایہ 600 کرنے کا اعلان

پٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے بعد کرایوں میں کمی کا اعلان کیا، محمد انور مینگل

کوئٹہ (یو این اے) آل یونین ٹرانسپورٹ کے ضلعی صدر میر محمد انور مینگل اور یونین کے نائب صدر محمد عظیم شاہوانی نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے باعث کوئٹہ اور خضدار روٹس کے کرایوں میں کمی کا اعلان کر دیا ہے۔ یونین عہدیداران کے مطابق کوئٹہ تا قلات اور خضدار تا قلات کے کرایوں میں پچاس روپے کی کمی کر دی گئی ہے۔ نئے کرایوں کا اطلاق 11 اپریل 2026 سے ہو چکا ہے۔ اعلان کے مطابق اب قلات سے کوئٹہ اور قلات سے .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

سی ایس ٹی او نے افغانستان کو خطے کیلئے سنگین خطرہ قرار دیدیا

افغانستان میں سرگرم انتہا اور عسکریت پسند گروہ کمزور طرز حکومت اور غیر محفوظ سرحدوں کا مسلسل فائدہ اٹھا رہے ہیں

پڑوسی ممالک کو افغانستان سے دہشتگردی، اسمگلنگ اور مسلح جتھوں کی نقل و حرکت کا چیلنج درپیش ہے، افغان میڈیا

کوئٹہ (این این آئی) کلیکٹو سیکورٹی ٹریٹی آرگنائزیشن (سی ایس ٹی او) نے دہشتگردوں کے محفوظ ٹھکانے افغانستان کو خطے کیلئے سیکورٹی خطرہ قرار دیدیا۔ کلیکٹو سیکورٹی ٹریٹی آرگنائزیشن کے مطابق خطے کیلئے افغانستان کی سرزمین سے سامنے آنے والے سیکورٹی خطرات کی سنگینی تاحال برقرار ہے۔ افغان میڈیا خامہ پریس کے مطابق سی ایس ٹی او نے خبردار کیا ہے کہ افغانستان میں سرگرم انتہا اور .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

انٹرویو کمیٹی ارکان افضل حریفال، نادر چھلگری و دیگر وکلا کا انٹرویو لے رہے ہیں

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گیس لوڈشیڈنگ جاری، ظالمانہ رویہ ترک کیا جائے، صارفین

کمپنی کا کوئٹہ اور دیگر اضلاع میں لوڈشیڈنگ کا اعلان صارفین کیلئے مسلسل پریشانی کا باعث بنتا جا رہا ہے

کمپنی بل لاکھوں میں تھما رہی ہے، لگتا ہے ایک بار پھر سید نذیر آغا ایڈووکیٹ کی ضرورت، جو عدالت کے ساتھ گیس دفتر کا گھیراؤ بھی کرے، عوام کا ردعمل

کوئٹہ (اے این این) سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع میں ناروا لوڈشیڈنگ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی نے ایک بار پھر بلوچستان کے ساتھ ظالمانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے بلوچستان سے نکلنے والی گیس کو بھی چھین کر کراچی کے حوالے کر دیا جبکہ یہاں یہ موقف اختیار کیا گیا کہ گیس کی کمی ہے اور ہم نے لوڈشیڈنگ کا اعلان کرتے ہیں واضح رہے .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ: اسرائیل کی جانب سے تباہ حال شہر کا منظر، جہاں فلسطینی تاحال زندگی گزارنے پر مجبور ہیں

کوہلو، کسانوں کے ساتھ ناانصافی کا سلسلہ جاری

کسان کارڈ کے اجراء کیلئے ڈیوائس مالکان کی جانب سے غیر قانونی فیس وصول کی جارہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوہلو میں کسانوں کے ساتھ ناانصافی کا سلسلہ جاری ہے۔ کسان کارڈ کے اجراء کیلئے تصدیقی عمل کے دوران ڈیوائس مالکان کی جانب سے غیر قانونی طور پر فیس وصول کی جارہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کسانوں سے فنگر ویریفیکیشن اور اکاؤنٹ بنانے کے عوض فی کسان 300 سے 500 روپے تک وصول کئے جا رہے ہیں، جو کہ سراسر زیادتی اور حکومتی ہدایات کی خلاف ورزی ہے۔ متاثرہ کسانوں نے ڈپٹی کمشنر اعظم جان دومڑ .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی اسلام آباد کا سکیورٹی انتظامات کا ازسرنو جائزہ

سکیورٹی انتظامات مزید موثر، مربوط اور فول پروف بنائے جائیں، سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی شہر بھر میں سکیورٹی انتظامات کا ازسرنو جائزہ۔ آئی جی اسلام آباد نے ریڈ زون میں وینیوز کے سکیورٹی انتظامات، داخلی و خارجی راستوں اور اہم سرکاری اداروں کے حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا۔ تمام افسران کو سکیورٹی اقدامات کو مزید سخت اور موثر بنانے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا ذمہ دار اور مدبر ثالث کے طور پر ابھرنا باعث فخر ہے، میر شفیق مینگل

امریکہ اور ایران کے مابین جاری مذاکرات کا خیر مقدم کرتے ہیں، رہنما پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر شفیق الرحمان مینگل نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ عالمی سیاست کے نازک ترین موڑ پر، جہاں طاقت، مفادات اور سفارت کاری ایک پیچیدہ توازن میں جڑے ہوتے ہیں، وہاں پاکستان کا ایک ذمہ دار، مدبر اور موثر ثالث کے طور پر ابھرنا نہ صرف باعث فخر ہے بلکہ یہ ہمارے قومی وقار، قائدانہ بصیرت اور نظریاتی پختگی کا عملی اظہار بھی ہے۔ میر شفیق الرحمان مینگل نے امریکہ اور ایران .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر رمیش سنگھ کا گردوارہ سری کیارہ آمد پر استقبال کیا جا رہا ہے

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ظلم کے مترادف ہے، پشتونخوا نیپ

حکمران مسائل سے لاتعلق، آئے روز نئے ٹیکسز اور مہنگائی کے ذریعے عوام پر بوجھ ڈال رہے ہیں، مختار خان یوسفزئی، گران شاہ روم خان

غلط معاشی پالیسیوں، بے تحاشا قرضوں اور وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم نے ملک کو معاشی بحران سے دوچار کر دیا، سوات میں احتجاج سے خطاب

سوات مٹہ (پ ر) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل، ظالمانہ اور عوام دشمن اضافے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی بے مثال مہنگائی، بڑھتے ہوئے معاشی دباؤ، بے روزگاری اور عام عوام کو درپیش شدید مشکلات کے خلاف پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے انقلابی پرچم تلے مٹہ سوات میں ایک عظیم الشان، منظم، پرامن اور پرعزم احتجاجی مظاہرہ اور عوامی اجتماع منعقد کیا گیا۔ اس احتجاجی مظاہرے میں .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

دنیا پاکستان کی امن پسندی کو قدر کی نگاہ سے دیکھ رہی ہے، سلیم کھوسہ

پاکستان نے ہمیشہ عالمی اور علاقائی امن کیلئے مثبت کردار ادا کیا ہے، صوبائی وزیر مواصلات

کامیابی پاکستان کی موثر متحرک اور متوازن سفارتکاری کا نتیجہ ہے، مسلم لیگ (ن)

ژوب و بارکھان میں زلزلے کے جھٹکے محسوس

...کے علاقوں میں ہفتے کے روز زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے، جس کے باعث شہریوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا اور لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں اور دکانوں سے باہر نکل آئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 4.5 ریکارڈ کی گئی، جبکہ اس کی گہرائی 25 کلومیٹر تھی۔ زلزلے کا مرکز ژوب سے تقریباً 110 کلومیٹر جنوب مشرق کی جانب، جس کے باعث قریبی علاقوں میں بھی جھٹکے محسوس کئے گئے عینی شاہدین کے مطابق جھٹکے چند سیکنڈ تک جاری رہے تاہم ان کی شدت اتنی تھی کہ لوگوں میں خوف کی لہر دوڑ گئی۔

سردار زادہ فیصل خان جمالی کا دورہ گنداخہ

...خان جمالی نے اپنے حلقہ انتخاب گنداخہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے درگاہ فیصل فقیر پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی اور ملک و قوم کی سلامتی اور ... یوسف فقیر اور معروف شخصیت ڈاکٹر شفیع محمد سے ملاقات کی۔ جس میں موجودہ علاقائی، سماجی اور سیاسی صورتحال .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے ہمیشہ امن کے فروغ میں فعال کردار ادا کیا، محمد خان لہڑی

موجودہ قیادت کی دانشمندانہ حکمت عملی کے باعث پاکستان تنازعات سے دور رہا، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ خطے میں جاری کشیدہ صورتحال کے دوران وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے غیر معمولی قیادت اور بہترین سفارتی بصیرت کا مظاہرہ کیا ہے، جس کے نتیجے میں پاکستان کا عالمی تشخص مزید مضبوط ہوا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے موقع پر پاکستان نے ایک ذمہ دار، سنجیدہ اور امن پسند ملک .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی سی کوئٹہ ایل پی جی کی قیمتوں میں خود ساختہ اضافے پر برہم، کارروائی کا حکم

مقررہ سرکاری نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی، تحصیلدار سب ڈویژن

مارکیٹ میں مصنوعی قلت پیدا کر کے مہنگے داموں گیس فروخت کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، ہمایوں کاکڑ

غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی، قیمتوں کو کنٹرول کرنے کیلئے مانیٹرنگ کا عمل جاری رہے گا، پلانٹس کا جائزہ لینے کے موقع پر وارننگ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے شہر اور گرد و نواح میں ایل پی جی کی قیمتوں کے حوالے سے موصول ہونے والی عوامی شکایات پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے فوری کارروائی کا حکم دے دیا اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر تحصیلدار سب ڈویژن (سٹی) ہمایوں کاکڑ نے شہر کے مختلف ایل پی جی پلانٹس کا ہنگامی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے گیس کی قیمتوں اور اسٹاک کی صورتحال کا تفصیلی .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کا ٹویٹ توجہ کا مرکز بن گیا

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد میں جاری ایران، امریکا مذاکرات کے دوران نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کا ٹویٹ توجہ کا مرکز بن گیا۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے ٹویٹ کرتے ہوئے لکھا اور اللہ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے، اسحاق ڈار نے قرآنی آیت اپنے ٹویٹر اکاؤنٹ سے شیئر کر دی۔

کوٹ ادو: جمعیت کے رہنما مولانا حافظ حمد اللہ شمولیتی پروگرام سے خطاب کر رہے ہیں

گیس کمپنی کی جانب سے صارفین کیساتھ سلوک ناروا ہے، پشتونخوانیپ

کمپنی کی جانب سے 12 گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ کا ظالمانہ شیڈول نافذ کرنا مذاق کے سوا کچھ نہیں

شہر کے بیشتر علاقوں پائپ لائنوں میں صرف ہوا فراہم کی جارہی ہے، نوٹس لیا جائے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے عوام کے ساتھ روا رکھے گئے ناروا سلوک، اوور بلنگ اور بدترین گیس لوڈشیڈنگ کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی گئی ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ موسم سرما کے دوران گیس کمپنی کوئٹہ کے شہریوں کو گیس کی بلاتعطل فراہمی میں مکمل طور پر ناکام .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ایران و امریکہ کے درمیان جنگ بندی خوش آئند ہے، پی پی پی ورکرز

دیگر ممالک بھی پاکستان کی طرح علاقائی استحکام کیلئے تعمیری کردار ادا کریں، ڈاکٹر صفدر عباسی

بیلا (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی ورکرز کے مرکزی صدر ڈاکٹر صفدر علی عباسی سیاسی معاون برائے شہید بینظیر بھٹو محترمہ ناہید خان، سینئر نائب صدر فیاض علی خان، نائب صدر ایڈووکیٹ امجد بلوچ، سیکرٹری جنرل کنور زاہد ڈپٹی سیکرٹری جنرل رائے قیصر، وحید گولڑہ، ملک مظہر، نوید صادق، رانا عثمان، و دیگر سینئر قیادت نے اپنے جاری اخباری بیان میں، ایران اور امریکہ کے درمیان حال ہی میں اعلان کردہ دو ہفتہ جنگ بندی کا نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، مولانا عبدالرحمان رفیق

بدترین گیس لوڈشیڈنگ نے صارفین کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا، عین اللہ شمس

کمپنی عوامی مشکلات کا ازالہ کرنے میں ناکام دکھائی دے رہی ہے، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد نورزئی، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا، مولوی نقیب اللہ ملاخیل و دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ گیس لوڈشیڈنگ اور پریشر میں مسلسل کمی عوام کیلئے .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

رات 10 بجے کے بعد گیس لوشیڈنگ تشویشناک ہے، حافظ حسین احمد شرودی

سنگین مسئلے کا فوری نوٹس لیا جائے، رہنما جمعیت و سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سرپرست اعلیٰ صوبائی سابق وزیر بلدیات بلوچستان مولانا حافظ حسین احمد شرودی نے کہا کہ رات 10 بجے کے بعد گیس کی طویل لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے عوام کے ساتھ سراسر زیادتی قرار دیا ہے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے شہری کئی دنوں سے رات 10 بجے کے بعد گیس کی مکمل بندش کا سامنا کر رہے ہیں، جس سے شہری زندگی بری طرح متاثر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات و امیر انجم المدارس .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

مسیحی برادری کے حقوق کیلئے کردار ادا کرتے آئے ہیں، عبدالقہار ودان

وطن کو پسماندگی سے نجات اور ترقی و خوشحالی کی جانب گامزن کریں گے، ایسٹر تقریب سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، مرکزی کمیٹی کے رکن و ضلع کوئٹہ کے ایگزیکٹیو سابق رکن صوبائی اسمبلی ولیم جان برکت نے پارٹی ضلع کوئٹہ کے تحصیل صدر خیزئی علاقائی یونٹ کے سینئر معاون سیکرٹری عمران شوکت کے گھر پر ایسٹر کے موقع پر تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں علاقائی سیکرٹری حاجی علاؤالدین خان اچکزئی اور چوہدری بریگیڈ رفن بھٹی سمیت دیگر مہمانوں نے بھی شرکت کی۔ تقریب کے دوران مہمانوں کے ہمراہ ایسٹر کا کیک کاٹا گیا جبکہ آنے والے مہمانوں کا پھولوں کے ہار پہنا .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (NDMA) نے بلوچستان کے مختلف اضلاع کیلئے شدید گرمی کا الرٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ آنے والے دنوں میں صوبے کے بیشتر حصوں میں موسم گرم اور خشک رہے گا۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے کئی مقامات پر درجہ حرارت معمول سے 2 سے 5 ڈگری سینٹی گریڈ تک زائد رہنے کا امکان ہے، جس سے گرمی کی شدت میں غیر معمولی اضافہ ہو سکتا ہے۔ این ڈی ایم اے کی جانب سے جاری کردہ الرٹ میں کہا گیا ہے کہ گرم اور خشک موسم کے باعث چند میدانی علاقوں میں ہیٹ ویو جیسی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے۔ حکام نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ شدید گرمی کے اوقات میں بلاضرورت گھروں سے باہر نہ نکلیں اور پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں تاکہ لو لگنے (ہیٹ اسٹروک) جیسے خطرات سے بچا جا سکے۔



کوئٹہ: ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالی لیبارٹریز کو خطوط جاری کئے جا رہے ہیں

امریکی جارحیت عالم اسلام کیلئے خطرے کا باعث ہے، جمعیت نظریاتی

اسلامی ممالک کے خلاف سازشی منصوبے اور دہشت گردی کے تمام ہتھکنڈے آزمائے جا رہے ہیں، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

خطے میں بدامنی، خون کی ہولی، فساد امریکہ، بھارت اور اسرائیل کی جارحیت کا تسلسل ہے، مولانا محمود الحسن قاسمی، عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کونسلر مفتی شفیع الدین مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی فنانس سیکرٹری حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ امریکی جارحیت عالم اسلام کیلئے خطرے کا باعث بن رہی ہے عالم اسلام کے خلاف سازشی منصوبے .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ایران اور امریکہ مذاکرات، تکنیکی ماہرین کی بات چیت جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کے سرکاری ذرائع نے غیر ملکی خبر رساں ادارے کو بتایا ہے کہ اسلام آباد کے سرینا ہوٹل میں ایران اور امریکہ کے درمیان پہلے دور میں اعلیٰ سطح کے مذاکرات کے بعد اب تکنیکی ماہرین کی سطح پر بات چیت جاری ہے۔

قلات، گلے اور سینے کی وباء پھیلنے سے 4 افراد جاں بحق

ڈی ایچ او آفس کی جانب سے متاثرہ مریضوں کی اطلاع فوری دینے کی ہدایت جاری

قلات (یو این اے) بلوچستان کے ضلع قلات میں گلے اور سینے کی پراسرار وبائی بیماری پھیلنے سے چار افراد کی جان بحق ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) قلات کے دفتر سے جاری کردہ ایک ہنگامی مراسلے کے مطابق، باوثوق ذرائع سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ضلع کے مختلف علاقوں میں سانس اور گلے کی وبائی بیماریاں تیزی سے پھیل رہی ہیں، جس کے نتیجے میں اب تک 4 قیمتی جانوں کا ضیاع ہو چکا ہے۔ محکمہ صحت نے صورتحال کی سنگینی کے پیش نظر عوام الناس کو مطلع کیا ہے کہ وہ اپنے ارد گرد ایسے امراض میں .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

امن کیلئے پاکستان کی کوششیں نیک شگون ہیں، حافظ حمد اللہ

آج پاکستان عالمی امن کے مرکزی سفیر کے طور پر ابھر رہا ہے، رہنما جمعیت

جنگوں، دھمکیوں، اور یکطرفہ اقدامات سے مسائل حل نہیں ہوتے، کوٹ ادو میں اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما، مولانا حافظ حمد اللہ نے امن عالم کیلئے پاکستان کی کوششوں کو نیک شگون قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آج پاکستان عالمی امن کے مرکزی سفیر کے طور پر ابھر رہا ہے جہاں پاکستان نہ صرف ایک میزبان بنا ہوا ہے بلکہ ایک ذمہ دار ثالث اور امن کے سہولت کار کا کردار ادا کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء اسلام ضلع کوٹ ادو کے زیر اہتمام شمولیتی پروگرام سے خطاب کرتے .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

ٹریفک حادثات اور فائرنگ کے واقعات میں 5 افراد ہلاک 6 زخمی

جمعیت کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے مولانا عبدالواسع اور آغا محمود ملاقات کر رہے ہیں

...موٹر سائیکل دو بکریاں اور تین موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں سٹی پولیس تھانے کی حدود لانگو محلہ میں دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار نقاب پوش افراد نے دن دہاڑے استاد ہدایت اللہ جتوئی یا بکی دو بکریاں چوری کر کے فرار ہو گئے جبکہ اس واردات کے تھوڑی بعد ڈیرہ مراد جمالی وارڈ نمبر 38 بھنڈ محلہ میں مسلح ڈاکو اعجاز مگسی کے گھر داخل ہو کر اسلحے کے زور پر گھر میں کھڑی ون ٹو فائیو موٹر سائیکل ایک عدد قیمتی موبائل فون و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہو گئے

کوئٹہ، عازمین حج کی تربیت کا آغاز، فلائٹ آپریشن 21 اپریل سے شروع ہوگا

حاجی کیمپ کوئٹہ میں عازمین کی سہولت کیلئے خصوصی ڈیسک بھی قائم ہے

رواں سال کوئٹہ سے 7 ہزار 900 عازمین حجاز مقدس روانہ ہوں گے، محکمہ اوقاف

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں عازمین حج کی ویکسینیشن اور تربیتی عمل کا باقاعدہ آغاز ہو گیا ہے۔ محکمہ حج و اوقاف کے مطابق عازمین کو ویکسین لگانے اور مناسک حج کی تربیت فراہم کرنے کے لئے مغربی بائی پاس پر واقع حاجی کیمپ میں تمام ضروری انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں، جہاں عازمین کی بڑی تعداد پہنچنا شروع ہو گئی ہے۔ محکمہ حج و اوقاف نے حج فلائٹ آپریشن کی تفصیلات جاری کرتے ہوئے بتایا ہے کہ کوئٹہ سے سعودی عرب کیلئے حج .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کا 24 گھنٹوں کے دوران لبنان میں 200 اہداف کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

یروشلم (این این آئی) امریکہ اور ایران کے درمیان اسلام آباد میں جاری براہ راست کے دوران اسرائیل نے کہا ہے کہ اس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران لبنان میں 200 اہداف کو نشانہ بنایا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسرائیل کی ڈیفنس فورسز نے کہا کہ وہ لبنان میں مزید کارروائیوں کا ارادہ رکھتے ہیں اور اس کے لیے زمینی افواج کی مدد بھی لی جا رہی ہے۔ اسرائیلی ڈیفنس فورسز کے مطابق وہ ان لانچرز کو نشانہ بنا رہی ہے۔

امریکہ کا منجمد ایرانی اثاثے جاری کرنے پر اتفاق

تہران کی جانب سے اقدام مذاکرات میں سنجیدگی کی علامت قرار

تہران (م ڈ) سینئر ایرانی عہدیدار نے کہا ہے کہ امریکا نے قطر اور دیگر غیر ملکی بینکوں میں موجود منجمد ایرانی اثاثے جاری کرنے پر اتفاق کر لیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ایرانی عہدیدار نے کہا کہ تہران نے اس اقدام کو واشنگٹن کے ساتھ اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات میں معاہدے تک پہنچنے کی سنجیدگی کی علامت قرار دیا ہے۔ سینئر ایرانی .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی بحری جنگی جہاز آبنائے ہرمز کی جانب پیش قدمی کے بعد واپس

تہران (آئی این پی) امریکی بحریہ کا جنگی جہاز آبنائے ہرمز کی جانب پیش قدمی کے بعد واپس روانہ ہو گیا، بحری جہاز یو اے ای کے فجیرہ بندرگاہ سے آبنائے ہرمز روانہ ہوا تھا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی فورسز کی دھمکی پر امریکی جنگی بحری جہاز واپس لوٹ گیا، ایرانی فوج نے اسلام آباد میں وفد کو امریکی جنگی جہاز کی پیش قدمی سے آگاہ کر دیا تھا۔ ایران نے ثالث کو جنگی جہاز کو آگے بڑھنے کی صورت میں نشانہ بنانے کے فیصلے سے آگاہ کیا۔

بارشوں سے ہونیوالے نقصانات کی رپورٹ جاری

جاں بحق افراد کی تعداد 20 ہو گئی، بچے بھی شامل، پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (پ ر) پی ڈی ایم اے نے صوبے میں حالیہ بارشوں سے ہونے والی تباہ کاریوں پر رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق 20 مارچ سے شروع ہونے والی بارشوں کے باعث جاں بحق افراد کی تعداد 20 ہو گئی ہے، جن میں 13 بچے اور 7 مرد شامل ہیں، موسلا دھار بارشوں کے نتیجے میں 17 افراد زخمی بھی ہوئے، جن میں 11 بچے، 4 خواتین اور 2 مرد شامل ہیں۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق سیلابی صورتحال کے باعث 65 مویشی ہلاک جبکہ 167 .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

پٹرولیم مصنوعات میں معمولی کمی مضحکہ خیز ہے، مولانا عبدالواسع

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں ہونے والی حقیقی کمی کو فوری اور مکمل عوام تک منتقل کیا جائے، صوبائی امیر جمعیت

عوام شدید معاشی دباؤ کا شکار، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا ازسرنو تعین شفاف اور منصفانہ بنیادوں پر کیا جائے، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی منڈی میں واضح کمی کے باوجود معمولی اور "مضحکہ خیز" ریلیف دینا عوام کے ساتھ ناانصافی ہے، جو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں ہونے والی حقیقی کمی کو فوری اور مکمل طور پر .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

بی آئی پی کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ، منیر احمد و دیگر افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عوام نظام کی تبدیلی کیلئے ہمارا ساتھ دیں، مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان کے گھر گھر میں دعوتی مہم جاری، جماعت اسلامی مسائل کے حل کا بہترین پلیٹ فارم ہے، صوبائی امیر

شمولیت آسان، کسی بھی علاقے و زبان سے تعلق رکھنے والا فرد جماعت کا ممبر بن سکتا ہے، ذمہ داران و عہدیداران کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ عوام و طلبا، مسائل کے حل، نظام کی تبدیلی حقوق کے حصول اور ترقی و خوشحالی کیلئے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں جماعت اسلامی کی بلوچستان بھر میں بھرپور دعوتی مہم جاری ہے۔ جس کے تحت لوگوں کو جماعت اسلامی میں شمولیت اور ممبر بنانے جا رہے ہیں دعوتی کیمپس بھی لگائے جا رہے ہیں گھر گھر رابطہ .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

حاجی لشکری رئیسانی، کبیر محمد شہی، عبدالخالق ہزارہ و دیگر سردار نثار علی ہزارہ کی اہلیہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

لبنان، اسرائیلی حملے میں شہید اہلکاروں کی اجتماعی نماز جنازہ میں پورا شہر امڈ آیا

جنگ بندی کے پہلے ہی روز لبنان پر اب تک کے سب سے بڑے فضائی حملے

بیروت (این این آئی) لبنان کے جنوبی شہر نباطیہ میں اسرائیل کے فضائی حملوں میں شہید ہونے والے 13 سیکیورٹی اہلکاروں کی اجتماعی نماز جنازہ میں ہزاروں شہریوں، سرکاری حکام اور سیکورٹی اہلکاروں نے شرکت کی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ اہلکار اس وقت نشانہ بنے جب اسرائیلی فوج نے نباطیہ میں ایک سرکاری کمپلیکس اور اسٹیٹ سیکورٹی دفتر کے قریب فضائی حملے کیے گئے۔ اسرائیلی حملوں میں ان عمارتوں کو شدید نقصان پہنچا تھا .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی، پولیس لائن 15 سینٹر میں آگ بھڑک اٹھی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی پولیس لائن ون فائیو سینٹر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی سرکاری موٹر سائیکل اور اہم سرکاری ریکارڈ جل کر خاکستر ہو گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ڈیرہ مراد جمالی میں پولیس لائن میں ون فائیو سینٹر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے ون فائیو سینٹر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا آگ سے سرکاری ون ٹو فائیو موٹر سائیکل اہم سرکاری ریکارڈ وائی ٹائی سمیت دیگر سامان جل کر خاکستر ہو گیا واقعہ کی اطلاع پر پولیس حکام موقع پر پہنچ گئے اور آگ لگنے کے واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی۔

امریکا ایران مذاکرات کی کامیابی سے خطے میں امن و استحکام آئے گا، حماس

پاکستان کی میزبانی میں مذاکرات اسلامی ممالک کے مابین اتحاد کا باعث بنیں گے، بیان

اسلام آباد (آئی این پی) مقبوضہ فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس نے پاکستان میں جاری امریکا ایران مذاکرات کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ان کی کامیابی سے خطے میں امن و استحکام آئے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حماس نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ عالمی سطح پر کشیدگی میں کمی کا باعث بن سکتے ہیں اور اسلامی ممالک کے درمیان اتحاد کو فروغ دیں گے۔ حماس نے بیان میں کہا کہ پاکستان کی میزبانی میں اسلام آباد مذاکرات اسلامی ممالک اور عرب دنیا کے مابین .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

بارکھان، خاتون کے قتل میں ملوث ملزم گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) بارکھان میں پولیس کی کارروائی گزشتہ روز خاتون کو قتل کرنے میں ملوث ملزم گرفتار۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز گلو دامان کے علاقے میں کاروکاری کی بنا پر ایک خاتون کو قتل کیا تھا جس پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خاتون کے شوہر ملزم اللہ بخش کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کو تھانے منتقل کر کے مزید کارروائی شروع کر دی گئی۔

کراچی، آنکولوجی کے شعبے میں ایک اور کامیاب سائنسی پروگرام کا انعقاد

علاج کے موثر طریقوں اور مریضوں کے بہتر نتائج کے حوالے سے قیمتی آرا کا تبادلہ

کراچی (آئی این پی) کراچی میں آنکولوجی کے شعبے میں ایک اہم اور کامیاب سائنسی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہر کے معروف آنکولوجسٹس نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں HER2 پازیٹو بریسٹ کینسر کے حوالے سے اہم کیس اسٹڈیز پر تفصیلی گفتگو کی گئی، جسے شرکا نے بے حد سراہا۔ اس سیشن کی نظامت ڈاکٹر عظمیٰ تاج ولی محمد نے کی، جبکہ ماہر پینل میں ڈاکٹر نائلہ زاہد اور ڈاکٹر نجیب نعمت اللہ شامل تھے۔ ماہرین نے جدید تحقیق، علاج کے موثر طریقوں اور مریضوں کے بہتر نتائج کے حوالے سے قیمتی آرا کا تبادلہ کیا۔ یہ پروگرام کا ژن فارماسیوٹیکلز .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

روس کا اسلام آباد میں امریکا اور ایران کے مذاکرات سے متعلق ردعمل

ماسکو (آئی این پی) روسی وزارت خارجہ نے اسلام آباد میں امریکا اور ایران کے مذاکرات سے متعلق پر ردعمل دے دیا ہے۔ روسی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ اسلام آباد مذاکرات میں شریک تمام فریق ذمے داری کا مظاہرہ کریں۔ روسی وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ فریقین ایسے کسی اقدام سے باز رہیں، جو اس موقع کو نقصان پہنچائے۔

موٹروے ایم ون پر حادثہ، 2 افراد جاں بحق

امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں

لاہور (آئی این پی) لیسٹر شائر کی ایم 1 موٹروے پر کار کو حادثہ پیش آیا ہے، جس میں سوار دو افراد جاں بحق ہو گئے، ایک تیز رفتار کار اچانک ایک پل سے نیچے جا گری اور نیچے سے گزرنے والی منی بس سے جا ٹکرائی۔ یہ تصادم اس قدر شدید تھا کہ کار میں سوار دونوں نوجوان موقع پر ہی دم توڑ گئے جبکہ منی بس میں موجود مسافر خوف و ہراس کا شکار ہو گئے۔ حادثے کے بعد امدادی ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پہنچ گئیں، پولیس نے واقعہ کی تحقیقات شروع کر دیں

کیچ ڈینگی کے کیسز میں اضافہ خطرے کی گھنٹی ہے، نیشنل پارٹی

فوری، موثر اور مربوط اقدامات نہ کئے گئے تو یہ وباء مکران ڈویژن تک پھیل سکتی ہے، میر رحمت صالح بلوچ

احتیاطی تدابیر اختیار اور بروقت اسپرے مہم شروع نہ کرنے کے باعث صورتحال بگڑتی جارہی ہے، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے ضلع کیچ میں ڈینگی کے تیزی سے بڑھتے کیسز پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر فوری، موثر اور مربوط اقدامات نہ کیے گئے تو یہ وباء مکران ڈویژن تک پھیل سکتی ہے جس سے تربت اور گرد و نواح کے علاقے بھی شدید متاثر ہوں گے انہوں نے کہا کہ کیچ میں ڈینگی کے کیسز میں .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر